رجسٹرڈ ڈی سی نمبر 12 — قیمت 10 روپے
کوئٹہ، اسلام آباد اور حب سے بیک وقت شائع ہونیوالا بلوچستان کا واحد کثیر الاشاعت روزنامہ — A.B.C Certified — MEMBER OF APNS
روزنامہ عوام کوئٹہ — DAILY AWAM QUETTA
ایڈیٹر انچیف وسیم احمد
جلد 38 جمعہ 28 ربیع اول 1448ھ 11 ستمبر 2026ء فون 2832244-2829384 فیکس 2832255 شمارہ 59

چیف الیکشن کمشنر اور ممبران کی تقرری کا معاملہ، وزیراعظم نے اپوزیشن لیڈر کے خط کا جواب دیدیا

نئی تقرریوں کیلئے آئینی طریقہ کار پر عمل کی یقین دہانی کروادی، ذرائع

آئینی ذمہ داریوں کو پورا کرنے کے لیے حکومت کی جانب سے تعاون کی یقین دہانی کرائی گئی، اپوزیشن لیڈر کوئٹہ سے واپسی پر خط کے حوالے سے اپوزیشن کے رہنماؤں کو اعتماد میں لیں گے، پارلیمانی ذرائع

اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی اس وقت کوئٹہ میں موجود ہیں اور وہ آئندہ دو تین روز میں اسلام آباد پہنچیں گے، خط پر پی ٹی آئی رہنماؤں سے مشاورت کریں گے، علامہ راجہ ناصر عباس کو بھی اعتماد میں لیں گے

اسلام آباد (آن لائن) چیف الیکشن کمشنر اور ممبران کی تقرری کے معاملے پر وزیراعظم شہباز شریف نے اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی کے خط کا جواب دیدیا۔ وزیراعظم کی جانب سے جواب میں آئینی ذمہ داریوں کو پورا کرنے کے لیے حکومت کی جانب سے تعاون کی یقین (بقیہ نمبر 34 صفحہ 6 پر)

وفاقی وزیر قانون نے ٹیلی کمیونیکیشن اپیلیٹ ٹربونل کا باضابطہ افتتاح کردیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قانون (بقیہ نمبر 38 صفحہ 6 پر)

نئی آٹو پالیسی کا حتمی مسودہ آئی ایم ایف کے ساتھ شیئر کر دیا گیا

آئی ایم ایف کے ساتھ مشاورت کے بعد مسودے کی ای سی سی اور وفاقی کابینہ سے منظوری لی جائے گی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت کی نئی پانچ سالہ آٹو پالیسی 2026-31 کا حتمی مسودہ آئی ایم ایف کے ساتھ شیئر کر دیا گیا، آئی ایم ایف کے ساتھ مشاورت کے بعد (بقیہ نمبر 37 صفحہ 6 پر)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف سے گیٹس فاؤنڈیشن کا وفد ملاقات کر رہا ہے

گیٹس فاؤنڈیشن کے وفد کی وزیراعظم سے ملاقات، تعاون اور شراکت داری کو مزید مؤثر بنانے کے امور پر تبادلہ خیال

وزیراعظم نے گیٹس فاؤنڈیشن کے ساتھ مل کر خواتین کی مالیاتی شمولیت اور معاشی خودمختاری کے لیے مرکوز اقدامات پر کام کرنے کی خواہش کا اظہار کیا

کیش لیس پاکستان کا مقصد عام شہریوں کی زندگی آسان بنانا، حکومتی نظام میں شفافیت بڑھانا اور سرکاری رقوم کو بغیر کسی تاخیر یا ضیاع کے مستحقین تک پہنچانا ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان پولیو کے مکمل خاتمے کے مشترکہ ہدف کے حصول کے لیے پرعزم ہے، کیش لیس پاکستان کا مقصد عام شہریوں کی زندگی آسان بنانا، حکومتی نظام میں شفافیت بڑھانا اور سرکاری رقوم کو بغیر کسی تاخیر یا ضیاع کے مستحقین تک پہنچانا ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف سے گیٹس فاؤنڈیشن کے وفد نے اسلام آباد میں ملاقات کی وفد میں (بقیہ نمبر 39 صفحہ 6 پر)

حکومت کا نئے صوبوں کے معاملے پر قومی اسمبلی، سینیٹ میں بحث کرانے کا اعلان

نئے صوبوں کی بحث کا اصل مقام پارلیمنٹ ہے، اسلام آباد نیا صوبہ نہیں بن رہا ہے، وفاقی وزیر

اکتوبر میں قومی اسمبلی وسینیٹ اجلاس ہوں گے، جن میں نئے صوبوں کے قیام پر بحث کروائی جائے گی، طارق فضل چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے اکتوبر میں قومی اسمبلی و سینیٹ میں نئے صوبوں پر بحث کرانے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ اکتوبر میں قومی اسمبلی وسینیٹ اجلاس ہوں گے، جن میں نئے صوبوں کے قیام پر بحث کروائی جائے گی۔ میڈیا سے گفتگو میں وفاقی وزیر (بقیہ نمبر 36 صفحہ 6 پر)

سعودی عرب کا تحفظ اور سلامتی امت مسلمہ کی ذمے داری ہے، مولانا فضل الرحمٰن

سعودی عرب کی خودمختاری اور علاقائی سلامتی کا تحفظ ہونا چاہیے، سربراہ جے یو آئی کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا ہے کہ سعودی عرب کا تحفظ اور سلامتی امت مسلمہ کی ذمے داری ہے اور (بقیہ نمبر 35 صفحہ 6 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سیکرٹریز کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان نے سینئر افسران سے نوکریاں فروخت نہ کرنے کا حلف لے لیا، نوکریوں کی خرید و فروخت کے شواہد سامنے آئے تو کوئی وزیر بچے گا نہ کوئی سیکرٹری، میر سرفراز بگٹی

اجلاس میں وزیراعلیٰ بلوچستان نے محکمہ جنگلات میں بھرتیوں کے حوالے سے موصول ہونے والی بے ضابطگیوں کی شکایات کا سخت نوٹس لیتے ہوئے اعلیٰ سطحی تحقیقات کا حکم دیدیا

بلوچستان کے نوجوانوں کے مستقبل اور ان کے حق روزگار پر کسی قسم کا سمجھوتہ قابل قبول نہیں، تحقیقات کے نتیجے میں کسی فرد کا جرم ثابت ہوا تو ملوث کردار کسی صورت سزا سے نہیں بچ سکیں گے

افسران کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ حکومتی امور میں بحیثیت چیف منسٹر انہوں نے کبھی کسی ذاتی مداخلت کو برداشت نہیں کیا، میرے بھائی بھی کبھی آپ کو سیکرٹریٹ میں کسی کام کیلئے نظر نہیں آئیں گے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں کسی نوجوان کی نوکری فروخت نہیں ہونے دی جائے گی، نوکریوں کی خرید و فروخت کے مصدقہ شواہد سامنے آئے تو کوئی وزیر بچے گا نہ کوئی سیکرٹری، جبکہ ملوث عناصر کے خلاف غیر جانبدارانہ تحقیقات کے بعد قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ بلوچستان کے نوجوانوں کے مستقبل اور ان کے حق روزگار پر کسی قسم کا سمجھوتہ قابل قبول نہیں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے یہ بات سیکرٹریز کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی جس میں صوبائی محکموں کی کارکردگی (بقیہ نمبر 40 صفحہ 6 پر)

کانک میں پولیس چوکی پر دہشت گردوں کی فائرنگ قابل مذمت ہے، میر سرفراز بگٹی

امن کے محافظوں کو نشانہ بنانے والے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مستونگ کے علاقے کانک میں پولیس چوکی پر دہشت گردوں کی فائرنگ کے واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ امن کے محافظوں کو نشانہ بنانے والے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں، دہشت گردی کے خلاف جنگ پوری قوت کے ساتھ جاری رہے گی۔ وزیراعلیٰ نے فائرنگ کے نتیجے میں (بقیہ نمبر 41 صفحہ 6 پر)

پاکستان کی ترقی و خوشحالی اور فلاح و بہبود پوری قوم کی مشترکہ اور اجتماعی کاوشوں سے ہی ممکن ہے، شہباز شریف

قائداعظم نے مسلمانان برصغیر کو مذہبی، تہذیبی اور نظریاتی شناخت کے تحفظ کیلئے متحد ہو کر جدوجہد کرنے کا عزم و حوصلہ دیا

قائداعظم آئندہ نسلوں کی تعلیم و تربیت کیلئے رہنما اور تابناک قومی مستقبل کے لیے مشعل راہ ہیں، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان کی ترقی و خوشحالی اور فلاح و بہبود پوری قوم کی مشترکہ اور اجتماعی کاوشوں سے ہی ممکن ہے، قائداعظم نے مسلمانان برصغیر کو مذہبی، تہذیبی اور نظریاتی شناخت کے تحفظ کیلئے متحد ہو کر جدوجہد کرنے کا عزم و حوصلہ دیا، قائد کے اصولوں، ایمان، اتحاد اور نظم و ضبط سے غیر متزلزل وابستگی، آئندہ نسلوں کی تعلیم و تربیت کے لئے رہنما اور تابناک قومی مستقبل (بقیہ نمبر 42 صفحہ 7 پر)

صدر مملکت آصف زرداری لندن سے پاکستان پہنچ گئے

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری لندن سے واپس پاکستان پہنچ گئے۔ روانگی کے موقع پر اپنی طبیعت سے متعلق سوال پر صدر زرداری نے کہا (بقیہ نمبر 43 صفحہ 6 پر)

الیکشن کمیشن نے دو سال پہلے ہی انتخابی سرگرمیوں کی تیاری شروع کردی

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے ملک بھر میں نئے انتخابات کی تیاریاں شروع کردیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق الیکشن کمیشن نے دو سال پہلے ہی (بقیہ نمبر 41 صفحہ 7 پر)

مکہ جوائنٹ دفاعی معاہدہ میں ابھی توسیع کا کوئی امکان نہیں، پاک سعودیہ دفاعی تعاون جاری، دفاعی معاہدے پر عملدرآمد کیلئے وقت درکار ہوگا، ترجمان دفتر خارجہ

پاکستان سعودی عرب کی خودمختاری، سلامتی کی حمایت جاری رکھے گا، کشمیر اقوام متحدہ کے ایجنڈے پر موجود حل طلب مسئلہ ہے، سجاد حیدر خان

افغان طلبہ پر پابندی عائد کرنے کا تاثر درست نہیں، افغان طلبہ کے خلاف مکمل پابندی کا کوئی فیصلہ نہیں کیا گیا، ہفتہ وار میڈیا پریس بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر خان نے کہا ہے کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان دوطرفہ دفاعی تعاون جاری ہے اور دفاعی معاہدے پر عمل درآمد کیلئے وقت درکار ہوگا پاکستان سعودی عرب کی خودمختاری، سلامتی کی حمایت جاری رکھے گا، کشمیر اقوام متحدہ کے ایجنڈے پر موجود حل طلب مسئلہ ہے، بھارتی دعووں اور ہتھکنڈوں سے کشمیر کی متنازع حیثیت تبدیل نہیں ہوسکتی، پاکستان کو یاسین ملک کی بگڑتی ہوئی صحت پر تشویش ہے، پاکستان یاسین ملک کا معاملہ اور مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی صورتحال پر عالمی فورمز پر بات کرتا رہے (بقیہ نمبر 42 صفحہ 6 پر)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان میں زرعی جدت کی جانب بڑی پیشرفت: جی ایم مکئی بیج کی منظوری

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں جینیاتی طور پر تبدیل شدہ مکئی کی کاشت اپنانے کی اصولی منظوری دے دی گئی، جسے زرعی جدت اور پیداوار بڑھانے کی جانب اہم پیش رفت قرار دیا گیا ہے۔ ایس آئی ایف سی اور گرین پاکستان انیشیٹو کے تعاون سے زرعی شعبے میں جدید ٹیکنالوجی اور بہتر بیجوں کے فروغ کیلئے اقدامات جاری ہیں، جی ایم مکئی جدید ٹیکنالوجی سے تیار (بقیہ نمبر 59 صفحہ 7 پر)

مستونگ، پولیس چیک پوسٹ پر فائرنگ قابل مذمت ہے، میر ضیاء اللہ لانگو

دہشتگردی کیخلاف جنگ میں پولیس اور سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں قابل تحسین ہیں، وزیر داخلہ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے مستونگ کے علاقے کانک میں پولیس چیک پوسٹ پر فائرنگ کے واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے پولیس اہلکار عزت اللہ کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں وزیر داخلہ میر (بقیہ نمبر 58 صفحہ 7 پر)

اتحادی جماعتوں کے درمیان تعلقات معمول پر آنے تک قومی اسمبلی کا اجلاس نہ بلانے کی تجویز

مسلم لیگ (ن) کو پی پی قیادت کے ساتھ رابطے بڑھانے اور معاملات حل کرنے کا مشورہ دیا گیا

حکومت نے پی پی قیادت سے معاملات طے کرنے کیلئے اعلیٰ سطح پر رابطوں اور ملاقاتوں کا فیصلہ کیا ہے

اسلام آباد (این این آئی) پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) کے درمیان اعتماد کا بحران تاحال ختم نہ ہوسکا، پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) کے درمیان تعلقات معمول پر آنے تک قومی اسمبلی کا اجلاس نہ بلانے کی تجویز ہے۔ پارلیمانی ذرائع کے مطابق پیپلز پارٹی حکومت کے ساتھ ایوان میں مکمل تعاون نہ کرنے کے فیصلے پر قائم ہے تاہم دونوں جماعتوں میں اعتماد سازی بحال کرنے کی کوششیں جاری ہیں۔ ذرائع کے مطابق مسلم لیگ (بقیہ نمبر 43 صفحہ 7 پر)

زمین منسوخی سے قبل نوٹس اور سماعت کا موقع دینا لازم ہے، سپریم کورٹ

اسلام آباد (این این آئی) کسی شخص کے ملکیتی حقوق کو یکطرفہ کارروائی سے ختم نہیں کیا جا سکتا، زمین واپس لینے یا ملکیتی حقوق متاثر کرنے سے قبل متعلقہ فریق کو نوٹس اور صفائی پیش کرنے کا معقول موقع دینا ضروری ہے، سپریم کورٹ نے قرار دیا ہے کہ سماعت کا موقع فراہم کرنا محض رسمی کارروائی نہیں بلکہ قانون کا لازمی تقاضا ہے، اس کے بغیر کی گئی کارروائی غیر قانونی (بقیہ نمبر 44 صفحہ 7 پر)

کراچی: وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال ایکسپو سنٹر میں ''انڈونیشین میڈیکا'' نمائش کا افتتاح کر رہے ہیں

پاکستان اور ترکیہ کا مسئلہ فلسطین پر مشترکہ موقف برقرار رکھنے پر اتفاق

اسحاق ڈار کا ترک ہم منصب سے رابطہ، دوطرفہ تعلقات پر تفصیلی بات چیت

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور ترکیہ نے فلسطین پر مشترکہ موقف برقرار رکھنے پر اتفاق کیا ہے۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے گزشتہ شب ترک وزیر خارجہ ہاکان فیدان سے ٹیلی فونک رابطہ کیا، جس میں دونوں وزرا نے دوطرفہ تعلقات اور (بقیہ نمبر 57 صفحہ 7 پر)

ایران اپنے اتحادی حوثیوں کو قابو کرے، پاکستان نے سعودی عرب کا انتباہی پیغام پہنچا دیا

فوجیں یمن میں داخل نہیں ہوں گی اور کسی بھی قسم کا جوابی عمل سعودی حدود سے ہی دیا جائے گا، پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب کا اتفاق

سعودی عرب کے ساتھ پاکستان اور ترکیہ کا فوجی معاہدہ دفاعی نوعیت کا ہے، سعودی سرزمین کی حفاظت تک محدود ہے، غیر ملکی میڈیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے سعودی عرب پر حوثیوں کے حالیہ حملوں کے بعد سعودی عرب کی جانب سے ایران کو ایک انتباہی پیغام بھیجا ہے جس میں کہا گیا کہ ایران اپنے اتحادی یمنی حوثیوں کو قابو کرے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے دفاعی معاہدے کی وجہ سے ایران کو دیا گیا پاکستان کا یہ انتباہ خاصی اہمیت کا حامل ہے۔ غیر ملکی میڈیا نے اپنے خفیہ ذرائع کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ پاکستانی (بقیہ نمبر 60 صفحہ 7 پر)

گوادر اور لسبیلہ میں آئی ایس پی آر سمر انٹرن شپ پروگرام 2026 کا اختتام

سمر انٹرن شپ مکمل کرنے سے ہم ملکی مسائل کو بہتر طور پر سمجھنے اور انہیں حل کرنے کے قابل ہوئے، طلبہ

اسلام آباد (این این آئی) گوادر کے پاک چائنا ٹیکنیکل اینڈ ووکیشنل انسٹی ٹیوٹ اور لسبیلہ میں آئی ایس پی آر سمر انٹرن شپ پروگرام 2026 کی اختتامی تقریبات منعقد ہوئیں جن میں اساتذہ اور طلبہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ گوادر میں منعقدہ تقریب میں جی او سی (بقیہ نمبر 56 صفحہ 7 پر)

افغان طلبہ کو دوران تعلیم واپس بھیجنا ان کے مستقبل سے ناانصافی ہے، اسلم غوری

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے ترجمان اسلم غوری نے کہا ہے کہ افغان طلبہ کو دوران تعلیم واپس بھیجنا ان کے مستقبل سے ناانصافی ہے۔ (بقیہ نمبر 62 صفحہ 7 پر)

سی آئی ایف ٹی آئی ایس 2026 کا افتتاح، پاک چین کاروباری روابط کے فروغ پر زور

پاکستان پویلین پاک چین تجارتی روابط مزید مستحکم کرنے میں اہم کردار ادا کرے گا، رپورٹ

بیجنگ (این این آئی) چین کے دارالحکومت بیجنگ میں جاری چائنا انٹرنیشنل فیئر فار ٹریڈ ان سروسز (CIFTIS) 2026 میں پاکستان پویلین کا افتتاح کر دیا گیا، جہاں پاکستانی کاروباری اداروں اور چینی تجارتی نمائندوں نے شرکت کرتے ہوئے تجارت (بقیہ نمبر 61 صفحہ 7 پر)

پاکستان ہیلتھ سیکٹر میں اپنی سابقہ کارکردگی کے ریکارڈ توڑتے ہوئے تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے، مصطفیٰ کمال

حکومت صحت کے شعبے میں اصلاحات، ڈیجیٹائزیشن، سرمایہ کاری اور برآمدات کے فروغ کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہے، وزیر صحت

ایکسپو میں 600 سے زائد اسٹالز قائم ہیں، 200 سے زائد ملکی و غیر ملکی کمپنیاں شریک ہیں، کانفرنسز منعقد ہوں گی یادداشتوں پر دستخط کیے گئے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ پاکستان ہیلتھ سیکٹر میں اپنی سابقہ کارکردگی کے ریکارڈ توڑتے ہوئے تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے، صحت کا شعبہ قومی سلامتی اور قومی معیشت کا اہم مسئلہ ہے، حکومت صحت کے شعبے میں اصلاحات، ڈیجیٹائزیشن، سرمایہ کاری اور برآمدات کے فروغ کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہے۔ وفاقی وزیر صحت نے 23 ویں ہیلتھ ایشیا ایکسپو سے خطاب کرتے (بقیہ نمبر 45 صفحہ 7 پر)

برطانوی ادارے کا پاکستان میں سرمایہ کاری بڑھانے کا اعلان

اسلام آباد (این این آئی) برطانوی ادارے بی آئی آئی نے پاکستان میں سرمایہ کاری بڑھانے کا اعلان کیا ہے۔ وزارت خزانہ کے مطابق برٹش انٹرنیشنل انویسٹمنٹ کے وفد (بقیہ نمبر 46 صفحہ 7 پر)

وفاقی وزیر قانون کا لیگل ایجوکیشن کی بہتری کے لیے ہر ضروری قدم اٹھانے کا عزم

لا کالجز میں گھوسٹ داخلوں کے تدارک کے لیے ایوننگ کورسز ختم اور لا گیٹ متعارف کرایا گیا، اعظم نذیر تارڑ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ لیگل ایجوکیشن پورے نظام انصاف کی بنیاد ہے جس کے معیار کا براہ راست اثر بار اور بینچ کے معیار پر پڑتا ہے، لیگل ایجوکیشن کے شعبے میں اصلاحات کے لیے کام کیا گیا (بقیہ نمبر 47 صفحہ 7 پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے ایم پی اے زرک خان مندوخیل ملاقات کر رہے ہیں

27 ستمبر، پولیس نے ممکنہ پی ٹی آئی احتجاج سے نمٹنے کی تیاریاں شروع کردیں

راولپنڈی اور اسلام آباد میں پی ٹی آئی کارکنان کے خلاف بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن کا پلان مکمل

اسلام آباد (این این آئی) پولیس نے 27 ستمبر کو پی ٹی آئی کے ممکنہ احتجاج کے پیش نظر تیاریاں شروع کردیں۔ پولیس ذرائع کے مطابق راولپنڈی اور اسلام آباد میں پی ٹی آئی کارکنان کے خلاف بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن کا پلان مکمل کرلیا گیا ہے اور پی ٹی آئی کارکنان (بقیہ نمبر 55 صفحہ 7 پر)

قائداعظم کی قیادت، سیاسی بصیرت اور اصولوں سے وابستگی قوم کے لیے مشعل راہ ہے، سردار ایاز صادق

قائداعظم کے ایمان، اتحاد اور تنظیم کے زریں اصولوں پر کاربند ہو کر پاکستان کو ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن کیا جا سکتا ہے، ایاز صادق

قائداعظم نے ہمیشہ قانون کی حکمرانی، آئین کی بالادستی، جمہوری اصولوں اور سیاسی دانش مندی کو مقدم رکھا، یوم وفات پر پیغام

اسلام آباد (آن لائن) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے بابائے قوم قائداعظم محمد علی جناح کے 78 ویں یوم وفات کے موقع پر اپنے پیغام میں بانی پاکستان کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ قائداعظم کی بصیرت افروز اور بے لوث قیادت نے برصغیر کے مسلمانوں کے لیے ایک علیحدہ وطن کے خواب کو شرمندہ تعبیر کیا۔ انہوں نے کہا کہ قائداعظم کی غیر معمولی سیاسی بصیرت، اصولوں سے غیر متزلزل وابستگی (بقیہ نمبر 48 صفحہ 7 پر)

پی ٹی آئی لانگ مارچ کیخلاف درخواست

دلائل کیلئے 2 دن کی مہلت دینے کی ایڈووکیٹ جنرل کے پی کی استدعا مسترد

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے 27 ستمبر کے پی ٹی آئی لانگ مارچ کیخلاف درخواست پر دلائل کے لئے 2 دن کی مہلت دینے کی ایڈووکیٹ جنرل خیبر پختونخوا کی استدعا مسترد کرتے ہوئے ماضی میں خلاف ورزی کرنے والوں کیخلاف کارروائی (بقیہ نمبر 54 صفحہ 7 پر)

حماد اظہر کی گرفتاری کے بعد پی ٹی آئی رہنماؤں کے وارنٹس پر عملدرآمد تیز کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما حماد اظہر کی گرفتاری کے بعد مختلف مقدمات میں مطلوب پی ٹی آئی رہنماؤں کے پہلے سے جاری وارنٹس پر عملدرآمد (بقیہ نمبر 56 صفحہ 7 پر)

حکومت نے نجی شعبے کی قیادت میں معاشی ترقی کی جانب منتقلی پر توجہ مرکوز کر رکھی ہے، وزیر خزانہ

ٹیرف ریشنلائزیشن پروگرام کا مقصد صنعتی ماحول کو مزید مسابقتی اور مؤثر بنانا ہے، سینیٹر اورنگزیب کی برٹش انٹرنیشنل انویسٹمنٹ کے وفد سے گفتگو

سرمایہ کو زیادہ سے زیادہ متحرک کرنا معاشی استحکام کو سرمایہ کاری، پیداواری صلاحیت، برآمدات اور پائیدار معاشی ترقی میں تبدیل کرنے کیلئے ناگزیر ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ حکومت نے نجکاری اور نجی شعبے کی قیادت میں معاشی ترقی کی جانب منتقلی پر اپنی توجہ مرکوز کر رکھی ہے، ٹیرف ریشنلائزیشن پروگرام کا مقصد صنعتی ماحول کو مزید مسابقتی اور مؤثر بنانا ہے۔ وہ جمعرات (بقیہ نمبر 63 صفحہ 7 پر)

کیش لیس اکانومی کے تحت پاکستان میں ڈیجیٹل لین دین میں نمایاں اضافہ

ادائیگیوں کی شفافیت میں اضافے کے ساتھ کارکردگی بڑھانے کیلئے حکومتی اصلاحات تیزی سے جاری ہیں، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف کے کیش لیس اکانومی کے ایجنڈے کے تحت پاکستان میں ڈیجیٹل لین دین میں نمایاں اضافہ ہوا ہے، تفصیلات کے مطابق ڈیجیٹل لین دین کرنے والوں کی تعداد 20 لاکھ سے تجاوز کر گئی، وزیر مملکت (بقیہ نمبر 64 صفحہ 7 پر)

ٹیکنالوجی زونز قومی برآمدات بڑھانے کے لیے کلیدی حیثیت رکھتے ہیں، قائمہ کمیٹی برائے کابینہ سیکرٹریٹ

اسلام آباد ٹیکنو پولیس کی تکمیل میں تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی، چیئرمین قائمہ کمیٹی ملک ابرار احمد کا واضح پیغام

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے کابینہ سیکرٹریٹ نے سپیشل ٹیکنالوجی زونز اتھارٹی (ایس ٹی زیڈ اے) کو ہدایت کی ہے کہ ملک میں آئی ٹی برآمدات کے فروغ اور بیرونی سرمایہ کاری کے لیے زیر تعمیر زونز پر کام کی رفتار تیز کی جائے اور فلیگ شپ (بقیہ نمبر 53 صفحہ 7 پر)

9 رکنی چینی وفد کا اسلام آباد چیمبر کا دورہ

سمارٹ سٹیز، ڈرونز، روبوٹکس، ڈیٹا سینٹرز اور آر اینڈ ڈی میں تعاون پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) کے صدر سردار طاہر محمود نے کہا ہے کہ پاکستان اور چین کے معاشی تعاون کو ٹیکنالوجی پر مبنی شراکت داری کے نئے دور میں داخل کرنے کی ضرورت ہے، جس میں مشترکہ منصوبہ کاری (بقیہ نمبر 52 صفحہ 7 پر)

ایران امریکا کشیدگی اور برطانوی فلائٹ سسٹم میں خرابی؛ پاکستان سے 45 پروازیں منسوخ

درجنوں پروازیں کئی کئی گھنٹے تاخیر کا شکار، مسافروں کو شدید پریشانی کا سامنا ہے، رپورٹ جاری

اسلام آباد / کراچی (این این آئی) ایران امریکا کشیدگی اور برطانیہ کے ایئر ٹریفک سروسز ریڈار سسٹم میں خرابی کے باعث پاکستان سے مشرقِ وسطیٰ، یورپ، امریکا، کینیڈا سمیت دیگر ممالک کا فضائی آپریشن متاثر ہوا، جس کے نتیجے میں 45 پروازیں منسوخ کردی (بقیہ نمبر 51 صفحہ 7 پر)

ٹیکس اصلاحات اور ڈیجیٹلائزیشن اڑان پاکستان کے لیے لازمی انجن ہیں، احسن اقبال

2035 تک پاکستان کو ٹریلین ڈالر کی معیشت بنانے کا ہدف، روایتی طریقہ کار سے نکل کر تیز رفتار ڈیجیٹل معیشت کی طرف بڑھنا ہوگا

ٹیکس کا بوجھ کم، ٹیکس نیٹ وسیع اور برآمدات میں نمایاں اضافہ کرنا ہوگا، برآمدات کے واضح اہداف مقرر کرنا ہوں گے، وفاقی وزیر منصوبہ بندی

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان کو 2035 تک ایک ٹریلین ڈالر کی معیشت بنانے کے لیے روایتی طرزِ حکمرانی اور کاروبار کے معمول کے طریقہ کار سے نکل کر تیز رفتار ڈیجیٹل معیشت کی طرف منتقل ہونا ہوگا، جبکہ ٹیکس (بقیہ نمبر 66 صفحہ 7 پر)

پاکستان کی سمندری خوراک کی برآمدات میں تاریخی اضافہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی سمندری خوراک کی برآمدات میں تاریخی اضافہ ریکارڈ ہوا ہے۔ وزارت بحری امور کے مطابق 2 سال میں پاکستانی سی فوڈ کی برآمدات میں 38 فیصد نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ سی فوڈ کی برآمدات 2023-24 میں 406 ملین ڈالرز تھیں جو 2025-26 میں 568 ملین ڈالرز تک پہنچ گئیں۔ وزارت (بقیہ نمبر 67 صفحہ 7 پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو اور ایم پی اے زرک خان مندوخیل مختلف وفود سے گفتگو کر رہے ہیں

بی آر آئی محض اقتصادی منصوبہ نہیں، اقوام کو قریب لانے کا مؤثر پلیٹ فارم ہے، جام کمال

سی پیک نے پاکستان کو علاقائی روابط کا اہم مرکز بنا دیا، پاکستان وسطی ایشیا اور مغربی چین کو گرم پانیوں سے منسلک کر رہا ہے

40 ارب ڈالر کی سالانہ ترسیلات پاکستانی افرادی قوت کی صلاحیت کا ثبوت ہیں، وفاقی وزیر تجارت کا سمٹ سے خطاب

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے کہا ہے کہ پاکستان بیلٹ اینڈ روڈ انیشی ایٹو کا پُرعزم حامی ہے اور چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) ملک کے معاشی منظرنامے کو نئی شکل دیتے ہوئے پاکستان کو علاقائی تجارت اور روابط کا اہم مرکز (بقیہ نمبر 49 صفحہ 7 پر)

آزاد کشمیر کی ترقیاتی ترجیحات کا جائزہ، اسحاق ڈار کی عملدرآمد تیز کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی زیر صدارت اجلاس ہوا جس میں آزاد جموں و کشمیر میں ترقیاتی ترجیحات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ترقیاتی منصوبوں پر عملدرآمد کے لیے مناسب اقدامات کرنے پر بھی غور کیا گیا، نائب وزیراعظم نے زیر بحث اقدامات پر جلد عملدرآمد کی ضرورت پر زور دیا (بقیہ نمبر 50 صفحہ 7 پر)

کوئٹہ: صوبائی وزیر خزانہ شعیب نوشیروانی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری سے ملاقات کر رہے ہیں

روزنامہ عوام MEMBER OF APNS ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

کھیلوں کی دنیا

انچارج شجاع

این سی سی آئی اے نے امام الحق اور محمد رضوان کو (آج) طلب کرلیا

دونوں کرکٹرز سے انگلینڈ سیریز کے دوران ڈریسنگ روم لیکز سے متعلق تفتیش کی جائے گی

لاہور (این این آئی) نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) نے قومی کرکٹرز امام الحق اور محمد رضوان کو طلب کرلیا۔ذرائع کے مطابق این سی سی آئی اے نے دونوں کھلاڑیوں کو نوٹس جاری کیا ہے، جس میں انہیں (آج) جمعہ کوطلب کیا گیا ہے۔ذرائع کے مطابق دونوں کرکٹرز سے انگلینڈ سیریز کے دوران ڈریسنگ روم لیکز سے متعلق تفتیش کی جائے گی، محمد رضوان اور امام الحق کو آنیوالے دنوں میں سخت کارروائی کا سامنا ہو گا امام الحق اور محمد رضوان کے علاوہ ایک اور کرکٹر کو بھی این سی سی آئی اے نے نوٹس جاری کیا ہے۔ذرائع کے مطابق پی سی بی نے کرکٹرز کے موبائل فون متعلقہ اداروں کو بھیج دیے تھے۔ذرائع کے مطابق این سی سی آئی اے کھلاڑیوں کے موبائل فون سے حاصل معلومات کی بنیاد پر تفتیش کرے گا۔خیال رہے کہ محمد رضوان اور امام الحق ان کرکٹرز میں شامل ہیں جنہیں لارڈز ٹیسٹ کے بعد ٹیم سے ریلیز کردیا گیا تھا۔

فرانسیسی فٹبالر کریم بینزیما نے عمرے کی ادائیگی کی تصویر شیئر کر دی

اس دعوت میں بینزیما کے ساتھ پال پوگبا، رحیم اسٹرلنگ اور جیدون سانچو جیسے کھلاڑیوں کے نام بھی شامل ہیں

پیرس (این این آئی) فرانسیسی فٹبال اسٹار اور ریال میڈرڈ کے سابق کھلاڑی کریم بینزیما نے مسجد الحرام، مکہ مکرمہ سے عمرے کی ادائیگی کی تصویر شیئر کر دی۔تصویر میں کریم بینزیما احرام کی حالت میں نظر آ رہے ہیں جس کے ساتھ انہوں نے لکھا ہے کہ ہر چیز کے لیے الحمدللہ۔38 سالہ کریم بینزیما اس وقت کسی کلب کا حصہ نہیں،الہلال اور بینزیما نے باہمی رضامندی سے معاہدہ ختم کر دیا تھا جس کے بعد سعودی کلب کے ساتھ ان کا صرف 6ماہ کا مختصر قیام اختتام پذیر ہوگیا۔الہلال کے ساتھ مختصر عرصے کے باوجود بینزیما کی کارکردگی موثر رہی، انہوں نے تمام مقابلوں میں 16 میچز کھیل کر 10 گول کیے اور 5 معاونت فراہم کیں جبکہ کلب کے ساتھ کنگز کپ بھی جیتا۔کریم بینزیما کی اپنے سابق کلب لیون میں واپسی کی بھی قیاس آرائیاں کی جا رہی تھیں، جہاں سے انہوں نے اپنے پیشہ ورانہ کیریئر کا آغاز کیا تھا۔لیون کے اسپورٹنگ ڈائریکٹر میتھیو لوئس ژاں نے تصدیق کی ہے کہ رواں موسم گرما میں ایک ثالث کے ذریعے رابطہ ہوا تھا، تاہم بینزیما کے معاہدے کے باعث معاملہ آگے نہ بڑھ سکا۔دوسری جانب متحدہ عرب امارات کے دوسرے ڈویژن کے کلب ارے بیٹن فالکنز نے بھی بینزیما سمیت متعدد معروف آزاد کھلاڑیوں کو تربیت اور کلب کے لیے کھیلنے کی دعوت دی ہے،اس دعوت میں بینزیما کے ساتھ پال پوگبا، رحیم اسٹرلنگ اور جیدون سانچو جیسے کھلاڑیوں کے نام بھی شامل ہیں۔

گوادر میر کلمتی انٹرایجوکیشنل سپورٹس فیسٹیول گرلز گیمز کے مختلف کھیلوں کے دلچسپ مقابلوں کا سلسلہ جاری ھے

پی پی ایف پیڈل رینکنگ کپ ٹورنامنٹ (آج) سے اسلام آباد میں شروع ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) انٹرنیشنل پیڈل فیڈریشن اور ایشیا پیڈل فیڈریشن کی زیر سرپرستی، اسلام آباد پیڈل ایسوسی ایشن اور پاکستان پیڈل فیڈریشن کے زیر اہتمام اور اسلام آباد اولمپک ایسوسی ایشن کے تعاون سے پی پی ایف پیڈل رینکنگ کپ ٹورنامنٹ (آج) جمعہ 11 ستمبر سے اسلام آباد میں شروع ہوگا۔اسلام آباد پیڈل ایسوسی ایشن کے صدر صہیب حسن نے بتایا کہ ٹورنامنٹ کی تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں اور ٹورنامنٹ میں ملک بھر سے کھلاڑی مختلف چار کیٹگریز میں حصہ لیں گے جن میں بوائز انڈر12، بوائز انڈر14، بوائز انڈر 16 اور بوائز انڈر 18 کے مقابلے شامل ہیں ٹورنامنٹ 13 ستمبر تک جاری رہے گا اور ٹورنامنٹ کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے جائیں گے۔

ٹیم میں نام آیا تو پاسپورٹ تک نہیں تھا، رضا اللہ کے انگلینڈ پہنچنے کا حیران کن سفر

سلیکٹرز نے ٹیم میں شمولیت کی خوشخبری سنانے کیلیے رابطے کی کوشش کی تو نوجوان کرکٹر کا فون بھی بند تھا

برمنگھم (این این آئی) پاکستان کے نوجوان فاسٹ بولر رضا اللہ نے انگلینڈ کے خلاف ایجسٹن ٹیسٹ میں ڈیبیو کرکے اپنی صلاحیتوں کا شاندار مظاہرہ کیا۔مردان سے تعلق رکھنے والے 21 سالہ دائیں ہاتھ کے تیز گیند باز نے ٹیسٹ کرکٹ کی صرف چوتھی گیند پر تاریخ کے دوسرے کامیاب ترین بیٹر جو روٹ کو ایل بی ڈبلیو کرکے اپنی پہلی وکٹ حاصل کی۔رپورٹس کے مطابق جب انہیں انگلینڈ کے دورے کے لیے منتخب کیا گیا تو ان کے پاس پاسپورٹ تک موجود نہیں تھا۔سلیکٹرز نے رابطے کی کوشش کی مگر نوجوان کرکٹر کا فون بند تھا جس کے بعد مبینہ طور پر ایک کوچ کو ان کے گاؤں بھیجا گیا۔ہنگامی بنیادوں پر پاسپورٹ اور ویزا کا انتظام کیا گیا اور رضا اللہ انگلینڈ پہنچے جہاں انہیں صرف اسکواڈ کا حصہ بنانے کے بجائے فوری طور پر پلیئنگ الیون میں شامل کرلیا گیا۔انہوں نے اپنی رفتار سے بھی متاثر کیا اور ابتدائی اوورز میں 92 میل فی گھنٹہ تک کی رفتار سے گیند کرائی۔دن کے اختتام تک وہ دو وکٹیں حاصل کرچکے تھے۔رضا اللہ نے گزشتہ نومبر میں قائداعظم ٹرافی میں پشاور کی جانب سے فرسٹ کلاس ڈیبیو کیا تھا جبکہ اس سے قبل مردان ڈسٹرکٹ ٹیم سے کھیلتے ہوئے پشاور ریجن کے کوچ عبدالرحمان کی نظر میں آئے تھے۔رضا اللہ کی شاندار بولنگ کے دنیا بھر سے سابق کرکٹرز سمیت بھارتی ناقدین بھی معترف نظر آئے۔

10ویں سٹوڈنٹس اولمپک گیمز کی تیاری مکمل، گیمز (آج) سے کراچی میں شروع ہوگی

کراچی (این این آئی) پاکستان سٹوڈنٹس اولمپک ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام 10ویں سٹوڈنٹس اولمپک گیمز (آج) جمعہ 11 ستمبر سے کراچی میں شروع ہوگی۔پاکستان سٹوڈنٹس اولمپک ایسوسی ایشن کے صدر مقبول آرائیں نے بتایا کہ گیمز کی تمام تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں،گیمز میں 21 کھیلوں کے مقابلے رکھے گئے ہیں جن میں آرچری، ایتھلیٹکس، بیڈمنٹن، باسکٹ بال، کرکٹ، کبڈی بال، فٹ سال، فنفس، جمناسٹک، ہینڈ بال، ہاکی، نیٹ بال، پیڈل، پکل بال، روپ سکپنگ، رسہ کشی، سکیٹنگ، تھرو بال، تائیکوانڈو، ٹیبل ٹینس اور والی بال کے کھیل شامل ہیں۔ان کھیلوں کے مقابلے مختلف مقامات پر منعقد ہونگے جن میں کے ایم سی سپورٹس کمپلیکس، منی سپورٹس کمپلیکس ناظم آباد، ویمنز سپورٹس کمپلیکس، حبیب پبلک سکول، سندھ سپورٹس بورڈ اور الفا کالج شامل ہیں۔

پریذیڈنٹس ٹرافی گریڈون فرسٹ کلاس ٹورنامنٹ کے شیڈول اور سکواڈز کا اعلان

اسلام آباد (این این آئی) پریذیڈنٹس ٹرافی گریڈون فرسٹ کلاس ٹورنامنٹ کے شیڈول اور سکواڈز کا اعلان کردیا گیا، پریذیڈنٹس ٹرافی گریڈ ون آٹھ ڈیپارٹمنٹل ٹیموں کے مابین کھیلا جائے گا،ٹورنامنٹ کا آغاز 12 ستمبر سے چار شہروں میں ہوگا ٹورنامنٹ کے میچز پشاور، ایبٹ آباد، اسلام آباد اور راولپنڈی میں کھیلے جائیں گے ،میچز عمران خان سٹیڈیم پشاور، ایبٹ آباد کرکٹ سٹیڈیم، ڈائمنڈ کرکٹ گراؤنڈ اسلام آباد اور شعیب اختر کرکٹ سٹیڈیم راولپنڈی میں منعقد ہوں گے،ٹورنامنٹ میں سات راؤنڈ کھیلے جائیں گے،ہر راؤنڈ میں چار فرسٹ کلاس میچز ہوں گے،ٹورنامنٹ میں 28 چار روزہ اور ایک پانچ روزہ فرسٹ کلاس میچ کھیلا جائے گا

ویمنز جونیئر ایشیا کپ 2026

پاکستان کو کوارٹر فائنل میں بھارت کے ہاتھوں بدترین شکست

موگی (این این آئی) ویمنز جونیئر ایشیا کپ میں پاکستان کو کوارٹر فائنل میں بھارت کے ہاتھوں بدترین شکست کا سامنا کرنا پڑا۔چین کے شہر موگی میں جاری ویمنز ہاکی جونیئر ایشیا کپ 2026 کے کوارٹر فائنل میں بھارت نے پاکستان کے خلاف یکطرفہ مقابلے میں 19-0 کی بڑی کامیابی حاصل کر کے سیمی فائنل میں جگہ بنالی۔ٹم وائٹ کی کوچنگ میں بھارتی ٹیم نے میچ کے آغاز ہی سے پاکستانی دفاع پر دباؤ برقرار رکھا اور ساتویں منٹ میں پوجا ساہو نے گول کر کے برتری دلائی۔بھارت نے پہلے ہاف میں 10 گول کیے، دوسرے ہاف میں مزید 9 گول داغ دیئے۔پوجا ملک نے شاندار کھیل پیش کرتے ہوئے ہیٹ ٹرک مکمل کی جبکہ روشنی اینڈ، سانیکا چندر کانت مانے، مدھو سدار اور سپریا نے دو، دو گول کیے۔پاکستانی ٹیم بھارتی حملوں کا موثر جواب نہ دے سکی،اس کامیابی کے ساتھ دفاعی چیمپئن بھارت نے مسلسل تیسری بار ٹائٹل جیتنے کی امید برقرار رکھی ہے۔بھارتی ویمنز ٹیم 2023 اور 2024 کے ایڈیشنز میں بھی چیمپئن رہ چکی ہے۔

زمبابوے کے نوجوان کرکٹرز کی لاہور قلندرز ہائی پرفارمنس سینٹر آمد

کیپٹل اسمارٹ سٹی میں پانچ ہفتوں کے تربیتی پروگرام میں شریک کھلاڑیوں کا عاطف رانا اور جہانزیب زاہد نے خیرمقدم کیا

لاہور (این این آئی) لاہور قلندرز کے اونر اور سی ای او عاطف رانا نے ایچ آر ایل گروپ کے وائس چیئرمین اور لاہور قلندرز کے اسٹریٹجک پارٹنر جہانزیب زاہد کے ہمراہ زمبابوے سے تعلق رکھنے والے نوجوان کرکٹرز کا خیرمقدم کیا، جو کیپٹل اسمارٹ سٹی میں قائم اسمارٹ قلندرز ہائی پرفارمنس سینٹر میں پانچ ہفتوں کے تربیتی پروگرام میں حصہ لے رہے ہیں۔ملاقات کے دوران کھلاڑیوں کو شرٹس پیش کی گئیں اور انہیں اسمارٹ قلندرز ہائی پرفارمنس سینٹر میں دستیاب جدید سہولیات اور پیشہ ورانہ تربیتی ماحول کے بارے میں آگاہ کیا گیا۔عاطف رانا اور جہانزیب زاہد نے کھلاڑیوں کو مکمل تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے انہیں دستیاب سہولیات سے بھرپور فائدہ اٹھانے، اپنی صلاحیتوں کو نکھارنے اور کھیل میں مزید بہتری لانے کی ترغیب دی۔پانچ ہفتوں پر مشتمل یہ پروگرام لاہور قلندرز کے پلیئر ڈیولپمنٹ ماڈل کو بین الاقوامی سطح پر وسعت دینے کی جانب ایک اور اہم قدم ہے۔اسمارٹ قلندرز ہائی پرفارمنس سینٹر ابھرتے ہوئے بین الاقوامی کرکٹرز کو پاکستان میں اعلیٰ معیار کی تربیت، صلاحیتوں میں بہتری اور ہائی پرفارمنس ماحول میں قیمتی تجربہ حاصل کرنے کا پلیٹ فارم فراہم کر رہا ہے۔

ایشین گیمز 2026، تین پاکستانی بہنیں اسکواش کیلئے منتخب، تینوں ایک ساتھ ایشین گیمز میں شرکت کر رہی ہیں

ایشین گیمز میں پاکستان کی نمائندگی کرنا میرے لیے فخر کا لمحہ اور بڑے اعزاز کی بات ہے، گفتگو

ایشین گیمز میں شرکت سے ہمیں بڑے ایونٹ کا تجربہ حاصل ہوگا جو مستقبل میں ہمارے لیے فائدہ مند ثابت ہوگا، ماہ نور علی

اسلام آباد (این این آئی) اسکواش میں 3 پاکستانی بہنوں نے منفرد اعزاز حاصل کرلیا، مہوش علی، سحرش علی اور ماہ نور علی ایشین گیمز میں پاکستان کی نمائندگی کے لیے منتخب ہوگئیں۔تفصیلات کے مطابق تینوں بہنیں ایک ساتھ ایشین گیمز میں ملک کی نمائندگی کرنے کے اعزاز پر انتہائی پرجوش ہیں۔اسکواش سسٹرز نے کہا کہ یہ ہمارے لیے فخر اور اعزاز کا لمحہ ہے کہ پہلی مرتبہ ایشین گیمز میں تینوں بہنیں ایک ساتھ پاکستان کی نمائندگی کریں گی۔انہوں نے کہا کہ ہم نا صرف ایک دوسرے کی بھرپور حوصلہ افزائی کرتی ہیں بلکہ پریکٹس بھی ایک ساتھ کرتی ہیں جس کا فائدہ ہوتا ہے۔مہوش علی نے کہا کہ ایشین گیمز میں پاکستان کی نمائندگی کرنا میرے لیے فخر کا لمحہ اور بڑے اعزاز کی بات ہے، مقابلہ سخت ہوگا تاہم بھرپور محنت کے ساتھ اپنا بہترین کھیل پیش کرنے کی کوشش کروں گی۔سحرش علی نے کہا کہ یہ پہلی بار ہے کہ تینوں بہنیں ایک ساتھ ایشین گیمز میں شرکت کر رہی ہیں، ہم ایک دوسرے کو سپورٹ کرتی ہیں اور ایک دوسرے کا حوصلہ بڑھاتی ہیں، یہ ایک بڑا اور سینئر ایونٹ ہے جہاں ٹاپ کھلاڑیوں سے مقابلہ ہو گا اسی لیے ایونٹ کی نوعیت کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنی ٹریننگ کی ہے۔ماہ نور علی نے کہا کہ ایشین گیمز میں شرکت سے ہمیں بڑے ایونٹ کا تجربہ حاصل ہو گا جو مستقبل میں ہمارے لیے فائدہ مند ثابت ہو گا۔تینوں بہنوں کا عزم ہے کہ ایشین گیمز میں اپنی بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے پاکستان کا نام روشن کرنے کی پوری کوشش کریں۔

☆☆☆☆☆ گوادر، میر کلمتی انٹرایجوکیشنل سپورٹس فیسٹیول میں گرلز گیمز کے مختلف مقابلوں میں طالبات شریک ہیں ☆☆☆☆☆

47 سالہ عمران طاہر نے ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں نیا ریکارڈ قائم کردیا

عمران طاہر کی تباہ کن بولنگ کے باعث سینٹ لوشیا کنگز کی پوری ٹیم 119 رنز پر ڈھیر ہوگئی

جوہانسبرگ (این این آئی) جنوبی افریقی اسپنر عمران طاہر نے 47 برس کی عمر میں ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں ایک اور شاندار کارنامہ انجام دے دیا۔کیریبین پریمیئر لیگ (سی پی ایل) میں گیانا ایمیزون واریئرز کی نمائندگی کرتے ہوئے انہوں نے سینٹ لوشیا کنگز کے خلاف صرف 17 رنز دے کر 5 وکٹیں حاصل کیں۔عمران طاہر کی تباہ کن بولنگ کے باعث سینٹ لوشیا کنگز کی پوری ٹیم 119 رنز پر ڈھیر ہوگئی۔پانچ وکٹوں کی اس شاندار کارکردگی کے ساتھ عمران طاہر مینز ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں پانچ وکٹیں لینے والے سب سے عمر رسیدہ کھلاڑی بن گئے۔47 سال کی عمر میں ان کی یہ کارکردگی ثابت کرتی ہے کہ وکٹیں لینے کی ان کی بھوک اب بھی برقرار ہے۔

افغانستان کیخلاف سیریز بڑا چیلنج ہے: بھارتی آل راؤنڈر شیوم دوبے

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی کرکٹ ٹیم ایشین گیمز 2026 سے قبل افغانستان کے خلاف 3 ٹی ٹوئنٹی میچز پر مشتمل سیریز کھیلے گی جس کا آغاز 13 ستمبر سے ہوگا۔بھارتی میڈیا کے مطابق آل راؤنڈر شیوم دوبے نے افغانستان کے خلاف سیریز کو ایشین گیمز کی تیاری قرار دینے سے انکار کرتے ہوئے کہا کہ قومی ٹیم کے لیے ہر سیریز مکمل توجہ اور جیت کے جذبے کے ساتھ کھیلی جاتی ہے۔انہوں نے کہا کہ افغانستان کے خلاف کھیلنا میری ٹیم کے لیے ایک بڑا چیلنج ہے اور بھارتی ٹیم سیریز جیتنے کی بھرپور کوشش کرے گی۔

ڈی ایف سی 2026 سے قبل پی ایف ایف کا پنجاب کے کوچز کے لیے انجریز سے بچاؤ کی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان فٹبال فیڈریشن (پی ایف ایف) نے انجری پریوینشن اینڈ مینجمنٹ ورکشاپ کے پہلے سیشن کا انعقاد کیا جس میں پنجاب سے تعلق رکھنے والے کوچز نے آن لائن شرکت کی۔یہ ورکشاپ ڈسٹرکٹ فٹبال چیمپئن شپ (ڈی ایف سی) 2026 کی تیاریوں کے سلسلے میں منعقد کی جا رہی ہے۔مفت آن لائن ورکشاپ ڈی ایف سی 2026 کی تیاریوں کے ساتھ ساتھ ساؤتھ ایشین فٹبال فیڈریشن (ساف) کی معاونت سے جاری پی ایف ایف کی وسیع تر کوششوں کا حصہ ہے، جس کا مقصد نچلی سطح اور ضلعی سطح پر کھلاڑیوں کی فلاح و بہبود، صحت، تحفظ اور سیف گارڈنگ کے معیار کو مزید بہتر بنانا ہے۔ورکشاپ کی قیادت پاکستان کی قومی فٹبال ٹیم کے فزیوتھراپسٹ ڈاکٹر عدنان محمد نے کی۔

غازی غوری کو ٹیسٹ کیپ ملنا باعث فخر ہے، انتظامیہ پاکستان کرکٹ کلب

پاکستان کرکٹ کلب نے ملک کو باصلاحیت اور معیاری کرکٹرز فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے

کوئٹہ (سپورٹس رپورٹر) وکٹ کیپر بیٹر غازی غوری نے انگلینڈ کے خلاف ایجسٹن ٹیسٹ میچ میں ڈیبیو کرکے پاکستان کرکٹ کلب کراچی کا نام روشن کر دیا۔تفصیلات کے مطابق پاکستان اور انگلینڈ کے درمیان تین ٹیسٹ میچوں پر مشتمل سیریز کے تیسرے میچ میں کراچی کے معروف پاکستان کرکٹ کلب کے وکٹ کیپر بیٹسمین غازی غوری کو ٹیسٹ کیپ دی گئی، جس پر پاکستان کرکٹ کلب کراچی کی انتظامیہ نے غازی غوری کو مبارکباد پیش کی۔انتظامیہ نے پاکستان کرکٹ کلب کراچی کے وکٹ کیپر بیٹسمین غازی غوری کو ٹیسٹ کیپ ملنا قابل فخر اور باعث افتخار قرار دیا۔واضح رہے کہ کراچی کے معروف پاکستان کرکٹ کلب کی تاریخ بین الاقوامی کرکٹ میں نمایاں خدمات انجام دینے والے کھلاڑیوں سے بھری ہوئی ہے۔غازی غوری سے قبل اس کلب سے وابستہ متعدد کھلاڑی پاکستان کی نمائندگی کرچکے ہیں، جن میں سرفراز احمد، اسد شفیق، فخر زمان، شان مسعود، سعود شکیل، میر حمزہ، تابش خان، صائم ایوب، انور علی، رمیز راجہ جونیئر، دانش عزیز، محمد اعظم خان، احسان علی، سعد علی، عثمان خان، رومان رئیس، خواجہ محمد نافع اور عمیر بن یوسف بھی شامل ہیں۔وکٹ کیپر بلے باز غازی غوری کا ٹیسٹ کرکٹر بننا پاکستان کرکٹ کلب کراچی کی شاندار اور تاریخی کرکٹ روایت میں ایک اور قابل فخر سنگ میل ہے۔کرکٹ کلب سے وابستہ کھلاڑیوں کا ٹیسٹ، ون ڈے اور ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل کرکٹ میں پاکستان کی نمائندگی کرنا اس بات کا ثبوت ہے کہ پاکستان کرکٹ کلب کراچی نے ملک کو باصلاحیت اور معیاری کرکٹرز فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

پاکستان ہاکی ٹیم کے سابق کپتان خالد محمود انتقال کرگئے، (آج) جمعہ کی صبح میں ہوگی

فیصل آباد (این این آئی) پاکستان ہاکی ٹیم کے سابق کپتان خالد محمود انتقال کر گئے۔خالد محمود کے بیٹے کے مطابق والد کی تدفین (آج) جمعہ کو صبح فیصل آباد میں ہوگی۔واضح رہے کہ خالد محمود پاکستان ہاکی فیڈریشن کے سیکریٹری بھی رہے ہیں۔رائٹ آؤٹ پوزیشن پر کھیلنے والے خالد محمود 1968 کے میکسکو اولمپکس میں گولڈ میڈل جیتنے والی ٹیم کے رکن تھے، وہ 1971 میں جیتنے والی ورلڈ کپ ٹیم کے کپتان بھی تھے۔

ذیادا کرم درانی میموریل فٹ بال ٹورنامنٹ

میرا خیل کلب اور ماسٹر بیزن خیل کلب کی ٹیموں نے اگلے راؤنڈ کے لئے کوالیفائی کرلیا

بنوں (این این آئی) ڈسٹرکٹ فٹ بال ایسوسی ایشن بنوں کے زیر اہتمام اور او جی سی ایل کے تعاون سے جاری ذیادا کرم درانی میموریل فٹ بال ٹورنامنٹ میں میرا خیل کلب بنوں اور ماسٹر بیزن خیل کلب بنوں کی ٹیموں نے اپنے اپنے حریفوں کو شکست دے کرا گلے راؤنڈ کے لئے کوالیفائی کرلیا ہے۔اس موقع پر جمعیت علما اسلام میریان کے جنرل سیکرٹری ملک خمید خان مہمان خصوصی تھے۔آرگنائزنگ سیکرٹری اسرار بنگش نے مہمان خصوصی سے دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں کا تعارف کروایا۔مہمان خصوصی ملک خمید خان نے ٹورنامنٹ کے لئے نقد ایک لاکھ روپے دینے کا اعلان بھی کیا۔بنوں سپورٹس کمپلیکس میں کھیلے گئے میچوں میں میرا خیل کلب نے رڈ سورانی کلب کو چار کے مقابلے میں پانچ کے پینلٹی ککس پر جبکہ ماسٹر بیزن خیل نے آزاد کلب بنوں کو دو کے مقابلے پانچ گول سے ہرادیا۔

گوادر، میر کلمتی انٹرایجوکیشنل سپورٹس فیسٹیول کے گرلز گیمز کے موقع پر مہمان خصوصی گورنمنٹ گرلز ہائی سکول کی ہیڈ مسٹریس کھلاڑیوں سے مصافحہ کر رہی ہیں

ورلڈ ایتھلیٹکس لیول ون کوچنگ کورس اختتام پذیر

سیکرٹری سپورٹس محمد آصف نے مرد وخواتین کوچز میں سرٹیفکیٹس تقسیم کیے

پشاور (این این آئی) ورلڈ ایتھلیٹکس کوچز ایجوکیشن اینڈ سرٹیفکیشن لیول ون کوچنگ کورس پشاور میں اختتام پذیر ہوگیا۔تیرہ روزہ کورس میں خیبر پختونخوا سمیت ملک کے مختلف صوبوں سے 30 سے زائد مرد و خواتین کوچز نے شرکت کی۔اختتامی تقریب کے مہمان خصوصی سیکرٹری سپورٹس محمد آصف نے کوچز میں سرٹیفکیٹس تقسیم کیے۔اس موقع پر خیبر پختونخوا ایتھلیٹکس ایسوسی ایشن کے صدر ظہیر اسلام، ڈی جی سپورٹس اشفاق خان، ڈائریکٹر ٹیکنیکل نازیہ ذکی، اے ڈی سپورٹس اشفاق احمد، چیف کوچ شفقت اللہ، ڈائریکٹر جعفر شاہ، ایڈمنسٹریٹر عابد ناظم، زعفران آفریدی، یوسف آفریدی اور دیگر شخصیات موجود تھیں۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سیکرٹری سپورٹس محمد آصف نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں کھیلوں کے ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں، ضرورت صرف نوجوان کھلاڑیوں کو جدید تربیت اور درست رہنمائی فراہم کرنے کی ہے۔انہوں نے کہا کہ کھیل نہ صرف نوجوانوں کی صلاحیتوں کو اجاگر کرتے ہیں بلکہ ملکی معیشت اور عالمی سطح پر پاکستان کی شناخت میں بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔اس موقع پر خیبر پختونخوا ایتھلیٹکس ایسوسی ایشن کے صدر ظہیر اسلام نے کہا کہ پشاور میں ورلڈ ایتھلیٹکس لیول ون کوچنگ کورس کا انعقاد صوبے میں ایتھلیٹکس کے فروغ کے لیے اہم پیش رفت ہے۔جدید تربیت سے کوچز کی فنی صلاحیتوں میں اضافہ ہوگا اور وہ نوجوان کھلاڑیوں کو عالمی معیار کے مطابق تربیت دے سکیں گے۔انہوں نے کہا کہ ایسوسی ایشن مستقبل میں بھی کوچز کی تربیت، نئے ٹیلنٹ کی تلاش اور ایتھلیٹکس کے فروغ کے لیے اپنی سرگرمیاں جاری رکھے گی۔ڈی جی سپورٹس اشفاق خان نے کہا کہ کسی بھی کھیل میں کوچز کا کردار بنیادی اہمیت رکھتا ہے، کوچز اور ٹرینرز ہیرے تراشنے والے ماہرین کی مانند ہیں۔ڈائریکٹوریٹ جنرل آف سپورٹس خیبر پختونخوا مستقبل میں بھی کوچز کی استعداد کار بڑھانے کے لیے جدید تربیتی کورسز اور کھیلوں کی سرگرمیوں کے انعقاد میں بھرپور تعاون جاری رکھے گا۔

سیف گیمز کے کامیاب انعقاد کیلئے اسپورٹس انفراسٹرکچر کی اپ گریڈیشن کا بڑا فیصلہ، 5.7 ارب روپے پیکج منظور

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں سیف گیمز کے کامیاب انعقاد کے لیے اسپورٹس انفراسٹرکچر کی اپ گریڈیشن کا بڑا فیصلہ کیا گیا ہے اس حوالے سے سیکرٹری آئی پی سی محی الدین وانی نے بتایا کہ سی ڈی ڈبلیو پی نے سیف گیمز کے انفراسٹرکچر کے لیے 5.7 ارب روپے کے پیکیج کی منظوری دے دی ہے۔وزارت آئی پی سی کے مطابق پاکستان اسپورٹس کمپلیکس اسلام آباد سمیت دیگر شہروں کی کھیلوں کی سہولیات اپ گریڈ کی جائیں گی، سیف گیمز کے لیے مجوزہ ترقیاتی منصوبوں پر 5.7 ارب روپے لاگت آئے گی۔سیکرٹری آئی پی سی نے کہا کہ سی ڈی ڈبلیو پی نے سیف گیمز انفراسٹرکچر اپ گریڈیشن پیکیج کی منظوری دے دی ہے، سیف گیمز کے لیے کھیلوں کے مراکز میں سہولیات کا معیار اور استعداد بہتر بنائی جائے گی۔محی الدین احمد وانی نے کہا کہ 5.7 ارب روپے کے انفراسٹرکچر پیکیج کی منظوری سیف گیمز کی میزبانی کی جانب اہم پیش رفت ہے۔جس سے سیف گیمز کے لیے پاکستان اسپورٹس کمپلیکس اور دیگر کھیلوں کی سہولیات کو عالمی معیار کے مطابق بہتر کیا جائے گا۔

فاسٹ بولر شاہین آفریدی فرسٹ کلاس کرکٹ کھیلیں گے، ذرائع

لاہور (این این آئی) پاکستانی کرکٹ ٹیم کے فاسٹ بولر شاہین آفریدی فرسٹ کلاس کرکٹ کھیلیں گے۔ذرائع کے مطابق شاہین آفریدی کے آر ایل کی جانب سے پریزیڈنٹ ٹرافی گریڈ ون میں حصہ لیں گے، جس کا آغاز 12 ستمبر سے ہو رہا ہے۔کے آر ایل پہلے راؤنڈ کا میچ پشاور میں غنی گلاس کے خلاف کھیلے گی۔

کھلاڑی کھیلوں کے مقابلوں کے ذریعے شہدا کی یاد مناتے اور قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، سارہ خان

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا آرچری ایسوسی ایشن کی جنرل سیکرٹری سارہ خان نے کہا کہ کھلاڑی کھیلوں کے مقابلوں کے ذریعے شہدا کی یاد مناتے اور ان قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز یوم شہدا پاکستان کے حوالے سے آرچری مقابلوں کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ نوجوان کھلاڑی کو ملک پاکستان کی بقا اور سلامتی کے لئے دی جانے والی شہدا کی قربانیوں کے حوالے سے آگاہی فراہم کرنے کی اہم ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ شہدا ہمارے ہیرو ہیں اور ہر پاکستانی ان کے جانوں کے نذرانے اور خدمات کو سلام پیش کرتا ہے۔آخر پر سارہ خان نے ملک پاکستان کی سلامتی، استحکام اور شہدا کے درجات کی بلندی کے لئے خصوصی دعا کی۔

ستلج اکیڈمی بہاولپور نے یوم دفاع شہدا پاکستان سیریز کا دوسرا میچ جیت کر سیریز 1-1 میچ سے برابر کردی

ڈیرہ غازی خان (این این آئی) ستلج اکیڈمی بہاولپور نے یوم دفاع شہدا پاکستان سیریز میں شاہین اکیڈمی ڈیرہ غازی خان کے خلاف دوسرا میچ جیت کر سیریز 11 میچ سے برابر کر دی۔اس موقع پر سابق ڈی ایس او ڈیرہ غازی خان فاروق عزیز، پنجاب ہاکی ایسوسی ایشن کے سینئر نائب صدر کوکب، پروفیسر صادق عثمانی اور ایونٹ کے آرگنائزنگ سیکرٹری محمد سجاد بھو کے علاوہ شائقین کی کثیر تعداد بھی موجود تھی۔شاہین فٹ بال اکیڈمی گراؤنڈ ڈیرہ غازی خان میں کھیلے گئے سیریز کے دوسرے میچ میں وقفے تک ستلج اکیڈمی بہاولپور کو شاہین اکیڈمی ڈیرہ غازی خان کے خلاف 1-0 گول سے برتری حاصل تھی۔پہلے ہاف کے 15ویں منٹ میں ستلج اکیڈمی بہاولپور نے ایک گول کر کے سیریز کا مقابلہ 1-1 سے برابر کردیا جو مقررہ وقت تک جاری رہا۔شاہین اکیڈمی کے کھلاڑیوں نے میچ برابر کرنے کی بھرپور کوشش کی لیکن ناکام رہے حالانکہ شاہین اکیڈمی کے کھلاڑیوں نے کافی گول کرنے کے مواقع ضائع کیے۔

رضوان اور امام الحق این سی سی آئی اے میں پیش

سوالوں کے جواب دینے کیلئے مزید وقت مانگ لیا

لاہور (این این آئی) لارڈز ٹیسٹ کے بعد پاکستانی ٹیم سے ریلیز ہونے والے کرکٹر محمد رضوان اور امام الحق لاہور میں نیشنل سائبر کرائم انویسٹیگیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) کے روبرو پیش ہوگئے۔ذرائع کے مطابق دونوں کھلاڑیوں نے سوالوں کے جواب دینے کے لیے مزید وقت مانگ لیا ہے۔باخبر ذرائع کے مطابق پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان وکٹ کیپر محمد رضوان جمعرات کے روز دوپہر تین بجے لاہور میں واقع نیشنل سائبر کرائم انویسٹیگیشن ایجنسی کے روبرو پیش ہوئے۔این سی سی آئی اے ذرائع کے مطابق دونوں کرکٹرز سے ان کے موبائل فون ان لاک کرائے جائیں گے۔انگلینڈ کے خلاف سیریز کے دوران ڈریسنگ روم لیکس سے متعلق تفتیش کی جائے گی۔کرکٹ بورڈ نے دونوں کھلاڑیوں کے موبائل فون این سی سی آئی اے کے حوالے کیے تھے۔اس سے پہلے خبر آئی تھی کہ پاکستان کرکٹ بورڈ کرکٹ ٹیم کے کھلاڑیوں کے ڈسپلن اور رویے سے متعلق میڈیا رپورٹس کے بعد تحقیقات کررہا ہے اس حوالے سے پاکستان کرکٹ بورڈ نے کوئی تبصرہ کرنے سے گریز کیا ہے۔پی سی بی ذرائع نے کہا کہ انکوائری کا سلسلہ چونکہ ابھی جاری ہے اس لیےکوئی تبصرہ نہیں کیا جائیگا۔دوسری جانب بورڈ کے ذرائع نے کہا کہ کرکٹرز اور آفیشلز سے متعلق میڈیا پر غیر مصدقہ اور بے بنیاد خبریں چلائی جا رہی ہیں۔

☆☆☆☆☆ اوتھل، کمشنر لسبیلہ ڈویژن سارہ عطاء محکمہ صحت اور لسبیلہ انسٹیٹیوٹ آف ماڈرن سائنس کے زیرنگرانی تربیت یافتہ طالبات میں ڈپلومہ سرٹیفکیٹ تقسیم کر رہی ہیں ☆☆☆☆☆

انڈر 19 مرجڈ ایریاز گیمز 2026 کا اعلان

1200 سے زائد کھلاڑی شریک ہوں گے، عمر خان

پشاور (این این آئی) ڈائریکٹوریٹ آف اسپورٹس مرجڈ ایریاز، حکومت خیبر پختونخوا نے انڈر19 مرجڈ ایریاز گیمز 2026 کے انعقاد کا اعلان کر دیا جس میں 1200 سے زائد نوجوان کھلاڑی چھ مختلف کھیلوں میں حصہ لیں گے۔ان خیالات کا اظہار ڈائریکٹر اسپورٹس مرجڈ ایریاز عمر خان نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔گزشتہ سال منعقدہ کامیاب انڈر 16 مرجڈ ایریاز گیمز کی روایت کو آگے بڑھاتے ہوئے اس سال انڈر19 گیمز کا انعقاد کیا جا رہا ہے، جس کا مقصد ضم شدہ اضلاع کے نوجوانوں میں کھیلوں کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ نئے ٹیلنٹ کو تلاش کرنا اور انہیں جدید تربیت کے مواقع فراہم کرنا ہے۔گیمز کے لیے کھلاڑیوں کا انتخاب ضلعی ہیڈکوارٹرز اور سب ڈویژنز میں شفاف اور میرٹ پر مبنی ٹرائلز کے ذریعے کیا جائے گا۔ہر ضلع اور سب ڈویژن سے مختلف کھیلوں کے لیے ٹیمیں تشکیل دی جائیں گی، جبکہ مجموعی طور پر ہر ضلع اور سب ڈویژن سے 92 کھلاڑی منتخب کیے جائیں گے، ہر کھیل میں 14 ٹیمیں فاتح اور رنرز اپ ٹرافی کے حصول کے لیے مدمقابل ہوں گی۔شرکت کرنے والے کھلاڑیوں کو سفری ویومیہ الاؤنس، مفت رہائش، اسپورٹس کٹس، بیگز، جوتے اور دیگر ضروری سامان فراہم کیا جائے گا۔ہر کھیل کی فاتح ٹیم کو ایک لاکھ جبکہ رنرز اپ کو 70 ہزار روپے نقد انعام دیا جائے گا۔ڈائریکٹر اسپورٹس مرجڈ ایریاز عمر خان کے مطابق بہترین کارکردگی دکھانے والے 60 کھلاڑیوں کو دو سالہ ٹیلنٹ گرومنگ پروگرام کے لیے منتخب کیا جائے گا۔

کرکٹر نے بالنگ سے قبل 100 کلومیٹر دوڑ لگادی، انوکھا ریکارڈ قائم

لندن (این این آئی) برطانوی کرکٹر نے انوکھا ریکارڈ اپنے نام کرنے کی خاطر بالنگ سے قبل 100 کلومیٹر دوڑ لگادی۔غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق برطانوی قصبے ورپلسڈن سے تعلق رکھنے والے 22 سالہ سیم بوڈوانو نے ریکارڈ قائم کرنے کے لیے بالنگ سے قبل 100 کلومیٹر کا فاصلہ دوڑ کر طے کیا۔انہوں نے شمالی لندن کے تاریخی لارڈز کرکٹ گراؤنڈ سے اس غیر معمولی چیلنج کا آغاز کیا اور ووکنگ کے ویلی اینڈ کرکٹ کلب پہنچ کر اپنے والد کو کرکٹ میچ کی پہلی گیند کرائی۔کرکٹر نے یہ فاصلہ 14 گھنٹے میں مکمل کیا اور اس دوران کینسر کے خلاف کام کرنے والی رقم اسٹراس فاؤنڈیشن کیلئے 6 ہزار پاؤنڈ جمع کیے۔ریکارڈ کی کوشش کو باقاعدہ طور پر شمار کرانے کے لیے ضروری تھا کہ کرکٹر پوری دوڑ کے دوران کرکٹ کی گیند ہاتھ میں رکھیں۔

انگلینڈ میں پاکستان انڈر 19 ٹیم کو پناہ گزین سمجھ کر ہوٹل کے باہر احتجاج

ریفارم پارٹی کے کونسلر جارج میڈوک نے معاملہ سلجھانے کے لیے ہوٹل اور ٹیم انتظامیہ سے سے رابطہ کر کے معاملہ سلجھایا

انگلینڈ اینڈ ویلز کرکٹ بورڈ نے واقعے کے بعد پاکستان کرکٹ حکام سے رابطہ کیا ہے اور ٹیم کی سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا جارہا ہے

لندن (آن لائن) پاکستان کی انڈر19 کرکٹ ٹیم اس وقت غیر متوقع طور پر توجہ کا مرکز بن گئی جب برطانوی شہر پورٹسماؤتھ میں اسے غلطی سے پناہ کے متلاشی افراد کا گروپ سمجھ لیا گیا۔رپورٹس کے مطابق تقریباً 40 غیر ملکی افراد کی ایک ٹیم میریٹ ہوٹل پہنچی تو وہاں موجود بعض افراد نے اسے پناہ گزینوں کی آمد سمجھتے ہوئے احتجاج شروع کر دیا۔صورتحال اس وقت کشیدہ ہوگئی جب مظاہرین ہوٹل کے باہر جمع ہوگئے۔ریفارم پارٹی کے کونسلر جارج میڈوک نے معاملہ سلجھانے کے لیے ہوٹل سے رابطہ کیا اور پاکستان انڈر19 ٹیم کے کوچ سے بات کی۔بعد ازاں انہوں نے مظاہرین کو بتایا کہ یہ افراد پناہ گزین نہیں بلکہ کرکٹ ٹیم کے ارکان ہیں جس پر مظاہرین چند ہی منٹ میں منتشر ہوگئے۔میڈوک نے واقعے کو انتہائی بدقسمت قرار دیا۔انگلینڈ اینڈ ویلز کرکٹ بورڈ نے واقعے کے بعد پاکستان کرکٹ حکام سے رابطہ کیا ہے اور ٹیم کی سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔پاکستان انڈر19 ٹیم نے 2 سے 5 ستمبر تک انگلینڈ انڈر19 کے خلاف چار روزہ میچ کھیلا جس میں اسے 10 رنز سے شکست ہوئی جبکہ 9 ستمبر کے یوتھ ون ڈے میں پاکستان نے 177 رنز سے کامیابی حاصل کی۔

سابق کرکٹ لیجنڈز سمیت بھارتی ناقدین بھی رضا اللہ کی بولنگ کے معترف

نوجوان پیسر کی کارکردگی نے پاکستانی ٹیم کے لیے امید کی نئی کرن پیدا کردی ہے، ناصر حسین

برمنگھم (این این آئی) ٹیسٹ ڈیبیو پر پہلے ہی اوور میں انگلش کپتان جو روٹ کی وکٹ حاصل کرنے والے پاکستانی بولر رضا اللہ نے ایک ہی دن میں لاکھوں مداح بنالیے۔انگلینڈ کے سابق کپتان ناصر حسین نے رضا اللہ کی بولنگ کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کو کافی عرصے سے اپنے بولنگ اٹیک میں کچھ مختلف چیز کی ضرورت تھی۔ان کے مطابق رضا اللہ کے اسپیل میں رفتار اور جارحیت نمایاں تھی جس نے انگلینڈ کے عظیم بیٹر جو روٹ کو بھی دباؤ میں ڈال دیا۔ناصر حسین نے کہا کہ رضا اللہ کی تیز گیند نے روٹ کو جلدی فیصلہ کرنے پر مجبور کیا اور بالآخر وہ آؤٹ ہوگئے۔نوجوان پیسر کی کارکردگی نے پاکستانی ٹیم کے لیے امید کی نئی کرن پیدا کردی ہے۔مائیک ایتھرٹن نے کہا کہ 21 سالہ نوجوان نے پاکستان کرکٹ کے پرانے دنوں کی یاد تازہ کردی۔پاکستان ٹیم کے شدید ناقد بھارتی صحافی وکرانت گپتا نے رضا اللہ کو وقار یونس سے مشابہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ 145 سے زائد رفتار کے ساتھ گیند سوئنگ بھی کررہے ہیں۔

محی الدین احمد وانی کا سابق سیکرٹری خالد محمود کے انتقال پر گہرے دکھ اور صدمے کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر محی الدین احمد وانی نے قومی ہاکی کے عظیم اولمپئن اور پاکستان ہاکی فیڈریشن کے سابق سیکرٹری خالد محمود کے انتقال پر گہرے دکھ اور صدمے کا اظہار کیا ہے۔اپنے تعزیتی پیغام میں صدر پی ایچ ایف محی الدین احمد وانی نے کہا کہ پاکستان ہاکی کے عظیم اولمپئن، سابق سیکرٹری پاکستان ہاکی فیڈریشن اور ملک کیلئے گراں قدر خدمات انجام دینے والے خالد محمود کے انتقال کی خبر انتہائی افسوس اور صدمے کا باعث ہے۔

TIME EXTENSION NOTICE

EXPRESSION OF INTEREST FOR PROVISION OF FINANCIAL, LEGAL AND LITIGATION SERVICES ON CLOSED FRAMEWORK AGREEMENT WITHOUT RATES BASIS

With reference to "Expression of Interest" for Invitation for Bids published vide AB No. 260/25-08-2026 in the Daily newspapers on vide TSE-2627081177532 and TSE-2627081177632 on 25th August, 2026, BPPPA is extending the time for the submission and opening of tender from 10th September, 2026 to 17th September, 2026. The bids shall be submitted and opened on the same date and time as specified in the bidding documents at the address provided below. All other terms and conditions remain same.

PHONE: 081-2503098 EMAIL: procbpppa@gmail.com, WEB: https://bpppa.gob.pk

AB No.321/10-9-2026

BALOCHISTAN PUBLIC PRIVATE PARTNERSHIP AUTHORITY BANGALOW # 49-A, JINNAH TOWN, SAMUNGLI ROAD, QUETTA

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

ایشین گیمز کے دوران ٹیم میں شریک بھارتی کرکٹرز منتظمین کی جانب سے فراہم کردہ رہائش گاہ میں قیام کریں گے، راجیو شکلا

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی کرکٹ بورڈ کے نائب صدر راجیو شکلا نے کہا ہے کہ ایشین گیمز کے دوران ٹیم میں شریک بھارتی کرکٹرز منتظمین کی جانب سے فراہم کردہ رہائش گاہ میں قیام کریں گے، یہ فائیو اسٹار ہوٹلز جیسی سہولت نہیں ہو گی۔ایک انٹرویو میں انہوں نے بتایا کہ جاپان کے شہر ناگویا میں اعلیٰ معیار کے ہوٹلز کی کمی کے باعث رہائش کا مسئلہ سامنے آیا ہے، بورڈ اور کھلاڑی فراہم کردہ انتظامات سے مطمئن ہیں۔راجیو شکلا کے مطابق بورڈ نے رہائش گاہ کی تصاویر اور ویڈیوز دیکھ لی ہیں اور انتظامات کھلاڑیوں کے لیے آرام دہ ہیں۔

فیفا آسیان کپ کے ڈراز کا اعلان

پاکستان فٹبال ٹیم ڈویژن ون کے گروپ بی میں شامل

زیورخ (این این آئی) فیفا کے زیر اہتمام منعقد ہونے والے افتتاحی فیفا آسیان کپ کے ڈراز کا اعلان کردیا گیا ہے جس میں پاکستان فٹبال ٹیم ڈویژن ون کے گروپ بی میں شامل ہے۔فیفا آسیان کپ 24 ستمبر سے 5 اکتوبر تک کھیلا جائے گا، ایونٹ میں پاکستان فٹبال ٹیم ڈویژن ون کے گروپ بی میں شامل ہے، گروپ بی میں پاکستان کے علاوہ ویتنام، تھائی لینڈ اور ہانگ کونگ کی ٹیمیں بھی شامل ہیں۔فیفا آسیان کپ پاکستان مینز فٹبال ٹیم کا پہلا فیفا ٹورنامنٹ ہے، ایونٹ میں پاکستان فٹبال ٹیم 26 ستمبر کو تھائی لینڈ، 29 ستمبر کو فلپائن اور 2 اکتوبر کو ویتنام سے مقابلہ کرے گی۔ایونٹ کا فائنل 5 اکتوبر کو کھیلا جائے گا جبکہ ڈویژن ون کے تمام میچز انڈونیشیا میں کھیلے جائیں گے۔

انور علی امریکا کی مائنر لیگ میں ٹیم شکاگو کے ہیڈ کوچ مقرر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق آل راؤنڈر 38 سالہ انور علی کو امریکا کی مائنر لیگ میں ٹیم شکاگو کا ہیڈ کوچ مقرر کیا گیا ہے۔میڈیا رپورٹ کے مطابق شکاگو کنگسمین شکاگو نے انور علی کو باضابطہ طور پر کوچ بنانے کا اعلان کردیا۔امریکا کی مائنر لیگ کرکٹ کا آغاز 17 ستمبر سے ہوگا۔یاد رہے کہ انور علی 16 ٹی ٹوئنٹی اور 22 ون ڈے میچز میں پاکستان کی نمائندگی کرچکے ہیں۔

اوتھل، کمشنر لسبیلہ ڈویژن سارہ عطاء اور ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حمیرا بلوچ قومی ترانے کے احترام میں کھڑی ہیں

کوئٹہ اور حب سے بیک وقت شائع ہونیوالا A.B.C Certified بلوچستان کا واحد کثیرالاشاعت روزنامہ

روزنامہ عوام کوئٹہ

MEMBER OF APNS

ایڈیٹرانچیف وسیم احمد

پارلیمانی سیکرٹری برائے قانون سیاحت وثقافت نوابزادہ میر محمد زرین خان مگسی سائل کے مسائل سن رہے ہیں

دنیا بھر میں ریکارڈ تعداد میں تعلیمی اداروں پر حملے، 9 کروڑ 30 لاکھ بچے اسکول سے باہر

تنازعات میں شامل تمام فریقوں پر بین الاقوامی قانون کی پاسداری اور تعلیم کو حملوں سے محفوظ رکھنے کی ذمہ داری عائد ہوتی ہے، مہم کا مقصد 60 کروڑ ڈالر جمع کرنا ہے، یونیسکو

اقوام متحدہ (این این آئی) دنیا بھر میں تعلیم پر بڑھتے ہوئے حملوں کے باعث 9 کروڑ 30 لاکھ بچے اسکول جانے سے محروم ہیں جبکہ 87 ممالک میں مجموعی طور پر 25 کروڑ 80 لاکھ بچوں کی تعلیم شدید متاثر ہو رہی ہے۔ عالمی ادارہ ایجوکیشن کین ناٹ ویٹ کے مطابق 2024 اور 2025 کے دوران تعلیم پر حملوں اور مسلح تنازعات کے لیے اسکولوں کے استعمال میں ریکارڈ اضافہ ہوا۔ طلبہ اور اساتذہ کے ہلاک، زخمی، اغوا یا دیگر صورتوں میں متاثر ہونے کی تعداد بھی تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی۔ ادارے کی رپورٹ کے مطابق 28 ممالک میں تعلیم کو براہ راست حملوں کا نشانہ بنایا گیا یا اسکولوں اور جامعات کو فوجی مقاصد کے لیے استعمال کیا گیا۔ مجموعی طور پر تعلیم کے خلاف کم از کم 9,259 حملے ریکارڈ کیے گئے، جن میں 3,600 سے زائد حملے اسکولوں پر ہوئے۔ یہ تعداد 23-2022 کے مقابلے میں 50 فیصد سے زیادہ اضافہ (بقیہ نمبر 1 صفحہ 6 پر)

سعودی شہری دفاع نے جنوب مغربی علاقے کیلئے ہنگامی وارننگ جاری کرکے واپس لے لی

ریاض (این این آئی) سعودی شہری دفاع نے خمیس، مشیط کے علاقوں میں خطرے کا الرٹ جاری کر کے واپس لے لیا۔ (بقیہ نمبر 5 صفحہ 6 پر)

چین، غیر ملکی بحری جہاز میں آتشزدگی، 20 افراد ہلاک

حادثے کی تحقیقات اور ذمے داروں کے خلاف کارروائی کی جائے، چینی صدر کی ہدایت

بیجنگ (این این آئی) چینی شہر چنگ ڈا میں شپ یارڈ میں مرمت کے لیے کھڑے غیر ملکی مال بردار بحری جہاز میں آگ لگ گئی۔ چینی میڈیا کے مطابق غیر ملکی جہاز میں لگنے والی آگ سے 20 افراد ہلاک ہوگئے۔ چینی صدر شی جن پنگ نے سرچ اینڈ ریسکیو آپریشن تیز (بقیہ نمبر 4 صفحہ 6 پر)

یمن میں حوثیوں نے ساحلی شہر المخا کا کنٹرول سنبھال لیا

صنعاء (این این آئی) یمن میں حوثیوں نے ساحلی شہر المخا کا کنٹرول سنبھال لیا۔ یمنی سرکاری ذرائع کے مطابق المخا کا کنٹرول سنبھالنے کے بعد حوثی اب اہم اسٹریٹیجک گزرگاہ باب المندب کے مزید قریب پہنچ گئے۔ دوسری جانب یمن کے وزیر دفاع طاہر العقیلی کے قافلے پر حملہ کرکے انہیں یرغمال بنالیا گیا ہے۔ روسی میڈیا کے مطابق یمنی وزیر دفاع الصاحج گورنریٹ کے دورے پر تھے جہاں ان کے قافلے پر حملہ کیا گیا۔ وزیر (بقیہ نمبر 3 صفحہ 6 پر)

اسرائیلی جیلوں میں فلسطینی قیدیوں پر ظلم، اتمار بن گویر کی نئی پالیسیز کا پردہ فاش

جیلوں میں قیدیوں کو تشدد اور تذلیل کا سامنا کرنا پڑتا ہے جس کا بڑا حصہ کیمروں سے چھپا رہتا ہے، سابق قیدی

تل ابیب (این این آئی) فلسطینی قیدیوں اور انسانی حقوق کے کارکنوں نے اسرائیلی جیلوں میں تشدد، تذلیل، ناقص طبی سہولتوں اور غیر انسانی حالات میں اضافے سے متعلق سنگین انکشافات کیے ہیں۔ عرب میڈیا کی رپورٹ کے مطابق اسرائیل کے قومی سلامتی کے وزیر اور جیلوں کے نظام کے نگراں اتمار بن گویر کو بعض ویڈیوز میں جیلوں میں قیدیوں پر کی جانے والی سختیوں کو اپنی پالیسی کی کامیابی قرار دیتے دکھایا گیا۔ فلسطینی فوٹو جرنلسٹ اور سابق قیدی معاذ عمارنہ نے بتایا کہ جیلوں میں قیدیوں کو تشدد اور تذلیل کا سامنا کرنا پڑتا ہے جس کا بڑا حصہ کیمروں سے چھپا رہتا ہے۔ عرب میڈیا کے مطابق معاذ عمارنہ کو غزہ جنگ کے بعد 2 مرتبہ انتظامی حراست میں لیا گیا اور بغیر کسی (بقیہ نمبر 2 صفحہ 6 پر)

کوئٹہ، پاکستان مسلم لیگ کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات جمعہ خان مری عبدالمجید کاکڑ کے چچا کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

زیلنسکی کا طیارہ ڈرون کی زد میں آنے سے بال بال بچ گیا، وزیراعظم ناروے کا انکشاف

کیف (این این آئی) یوکرین کے صدر وولودیمیر زیلنسکی کا طیارہ ناروے میں ڈرون کی زد میں آنے سے بال بال بچا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ناروے کے وزیراعظم جوناس گہر اسٹور نے اپنے ایک انٹرویو میں انکشاف کیا ہے کہ زیلنسکی کا طیارہ مالڈووا سے (بقیہ نمبر 6 صفحہ 6 پر)

ایران ہتھیار ڈال دے بصورت دیگر اسے مکمل طور پر تباہ کیا جاسکتا ہے، ڈونلڈ ٹرمپ

ایرانی جوہری تنصیبات پر امریکی فوجی حملوں کے بعد ایران بکھر رہا ہے، وہ 51 سال سے مشرق وسطی کا غنڈہ بنا ہوا تھا لیکن اب وہ غنڈہ نہیں رہا، عالمی اقتصادی فورم سے خطاب

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا کہنا ہے کہ ایران اب مشرق وسطی کا غنڈہ نہیں رہا۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکی صدر نے عالمی اقتصادی فورم سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایرانی جوہری تنصیبات پر امریکی فوجی حملوں کے بعد ایران بکھر رہا ہے، وہ 51 سال سے مشرق وسطی کا غنڈہ بنا ہوا تھا لیکن اب وہ غنڈہ نہیں رہا۔ ڈیووس میں خطاب کے بعد گفتگو کرتے ہوئے ٹرمپ نے کہا کہ اگر ہم نے ایران کو تباہ نہ کیا ہوتا تو وہ 2 ماہ کے اندر جوہری ہتھیار حاصل کر لیتا۔ امریکی صدر کا کہنا تھا کہ جون میں کیے گئے امریکی حملوں نے ستمبر میں غزہ میں امن معاہدے کی راہ ہموار کی، جس کے نتیجے میں علاقے میں اسرائیل کی 2 سالہ جنگ کا خاتمہ ہوا۔ انہوں نے حماس پر زور دیا کہ وہ معاہدے کی پاسداری (بقیہ نمبر 7 صفحہ 6 پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو اور نوابزادہ ظفر اللہ خان زہری ملاقات کر رہے ہیں

جنوبی کوریا مہنگی ترین طلاق، گیمنگ ٹائیکون کو سابق اہلیہ کو ڈیڑھ ارب ڈالرز ادا کرنے کا حکم

جوڑے کے درمیان طویل عرصے سے جاری اختلافات اور صلح کے امکانات کا جائزہ لینے کے بعد یہ نتیجہ اخذ کیا گیا، عدالت کا فیصلہ

سیول (این این آئی) جنوبی کوریا کی عدالت نے ویڈیو گیمز کی ارب پتی کاروباری شخصیت کوون ہیوک بن کو طلاق کے تصفیے کے طور پر 2 کھرب وون سے زائد، یعنی تقریباً 1.5 ارب ڈالرز ادا کرنے کا حکم دے دیا، جو ملک میں اب تک کا سب سے بڑا طلاق کا تصفیہ ہے۔ سیول فیملی کورٹ نے کوون کو طلاق کی منظوری دیتے ہوئے انہیں اپنی گیمنگ کمپنی اسمایل گیٹ کا 35 فیصد حصہ، جس کی مالیت تقریباً 2.5 کھرب وون ہے اور 65 ارب وون نقد سابق اہلیہ کو منتقل کرنے کا حکم دیا۔ کوون کی سابق اہلیہ کا خاندانی نام لی ہے، انہوں نے نومبر 2022 میں طلاق کے لیے عدالت سے رجوع کیا تھا۔ انہوں نے اسمایل گیٹ کے قیام اور ابتدائی انتظام میں اپنے (بقیہ نمبر 22 صفحہ 6 پر)

برطانیہ: سسٹم کی خرابی کے سبب 8 ہزار سے زائد پروازیں متاثر

اس تکنیکی بحران کے باعث 10 سے 12 لاکھ مسافر متاثر ہوئے، ایوی ایشن ماہرین

لندن (این این آئی) برطانیہ کے 11 بڑے ایئرپورٹس پر سسٹم کی خرابی کے باعث پہلے دن 3 ہزار 310 جبکہ دوسرے دن 3 ہزار 843 پروازیں متاثر ہوئیں۔ فلائٹ شیڈول کے مطابق برطانیہ کے 11 بڑے ایئرپورٹس ہیتھرو، گیٹ وک، مانچسٹر، ایڈنبرا، برمنگھم، برسٹل، اسٹینسٹڈ، گلاسگو، بیلفاسٹ، لوٹن اور سٹی کی پہلے دن ہزار 310 جبکہ دوسرے دن 3 ہزار 843 پروازیں متاثر ہوئیں۔ مجموعی طور پر 2 دن میں 2 ہزار پروازیں منسوخ جبکہ 6 ہزار تاخیر کا شکار ہوئیں۔ ایوی ایشن ماہرین کے مطابق اس تکنیکی بحران کے باعث 10 سے 12 لاکھ مسافر متاثر (بقیہ نمبر 8 صفحہ 6 پر)

ٹرمپ کا وائٹ ہاؤس کی 3 ملازم خواتین کو لاکھوں کا تحفہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے وائٹ ہاؤس کی 3 ملازم خواتین کو 45 ہزار ڈالرز بطور تحفہ دیے ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ڈونلڈ ٹرمپ نے اس مالیت کی رقم اپنی ایگزیکٹو (بقیہ نمبر 10 صفحہ 6 پر)

امریکی صدر کا ووٹرز کو 5 ہزار ڈالرز انعام دینے کا لالچ

ریپبلکن پارٹی کی کامیابی پر امریکا کے ہر بالغ شہری کو 5 ہزار ڈالرز انعام دیں گے، ٹرمپ

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ وسط مدتی انتخابات کے لیے امریکی ووٹروں کو پیسے دینے کا لالچ دینے لگے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی صدر ٹرمپ نے ملک میں نومبر میں ہونے والے انتخابات میں ریپبلکن پارٹی کی کامیابی پر امریکی شہریوں کے لیے انعام کا اعلان کر دیا۔ ٹرمپ نے کہا کہ ریپبلکن پارٹی کی کامیابی پر امریکا کے ہر بالغ شہری کو 5 ہزار ڈالرز انعام دیں گے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ یہ 5 ہزار ڈالرز اس شرط پر دیے (بقیہ نمبر 9 صفحہ 6 پر)

موسمیاتی تبدیلیوں کا اثر، اگست 2026 انسانی تاریخ کا گرم ترین مہینہ قرار

موسم کی شدت میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے اور طویل المعیاد بنیادوں پر یہ شدت برقرار رہے گی، یورپی موسمیاتی ادارہ

برسلز (این این آئی) اگست 2026 کو انسانی تاریخ کا گرم ترین مہینہ قرار دے دیا گیا ہے۔ یورپی موسمیاتی ادارے کلائیمیٹ چینج سروس (سی سی سی ایس) کے مطابق اگست میں عالمی سطح پر اوسط فضائی درجہ حرارت انسانی تاریخ کے کسی بھی مہینے کے مقابلے میں سب سے زیادہ ریکارڈ ہوا۔ اگست کے دوران اوسط درجہ حرارت 16.96 ڈگری سینٹی گریڈ رہا جو کہ 1991 سے 2020 کے درمیان ریکارڈ ہونے والے اوسط درجہ حرارت سے 0.85 ڈگری سینٹی گریڈ زیادہ تھا۔ اگست کے گرم ترین مہینہ بننے کی ایک بڑی وجہ سمندری درجہ حرارت میں اضافہ تھا جو کہ ریکارڈ سطح پر پہنچ گیا۔ درحقیقت جون سے اگست کے مہینے تاریخ کے گرم ترین موسم گرما کے ایام قرار دیے گئے (بقیہ نمبر 33 صفحہ 6 پر)

اردن میں امریکی فضائی اڈے پر ایرانی حملے میں متعدد امریکی جنگی طیاروں کا نقصان

عمان (این این آئی) اردن کے مواق سلطی ایئربیس پر 2 روز قبل ہونے والے میزائل حملوں میں متعدد امریکی فوجی طیاروں کو نقصان پہنچا ہے۔ امریکی ٹی وی کے مطابق ایک اے 10 تھنڈر بولٹ جنگی طیارہ ایرانی میزائلوں کی زد میں آیا جس سے طیارے کا ایک پر (بقیہ نمبر 11 صفحہ 6 پر)

چین نے کبھی کسی ملک کی ترقی کی سیڑھی نہیں کھینچی، چینی وزارت خارجہ

مشترکہ تعمیر کے ذریعے شراکت دار ممالک کو بنیادی ڈھانچے کی کمی کو پورا کرنے میں مدد فراہم کر رہا ہے، ترجمان

بیجنگ (این این آئی) چین نے کہا ہے کہ اس نے کبھی کسی ملک کی ترقی کی سیڑھی نہیں کھینچی بلکہ ہمیشہ مدد فراہم کرنے کے لیے کوشاں رہا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ بات چین کی وزارت خارجہ کی ترجمان ماننگ نے گزشتہ روز معمول کی پریس کانفرنس کے دوران ایک صحافی کے سوال کے جواب میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ چین کبھی کسی ملک کی ترقی کی سیڑھی نہیں کھینچتا بلکہ ترقی کے لیے سیڑھی بنانے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ چین اعلیٰ معیار کے بیلٹ اینڈ روڈ کی مشترکہ تعمیر کے ذریعے شراکت دار ممالک کو بنیادی ڈھانچے کی کمی کو (بقیہ نمبر 12 صفحہ 6 پر)

یمنی وزیرِ دفاع کے قافلے پر حملہ، یرغمال بنالیا گیا

صنعا (این این آئی) یمن کے وزیر دفاع طاہر العقیلی کے قافلے پر حملہ کر کے انہیں یرغمال بنالیا گیا۔ روسی میڈیا کے مطابق یمنی وزیر دفاع الصاحج گورنریٹ کے دورے پر تھے جہاں ان کے قافلے پر حملہ کیا گیا۔ یمنی وزیر دفاع طاہر العقیلی کے کانوائے پر حملہ (بقیہ نمبر 32 صفحہ 6 پر)

نئے ماڈلز کے ساتھ ایپل نے پرانے آئی فونز کی قیمتوں میں بھی اضافہ کر دیا

آئی فون 17 گزشتہ سال 799 ڈالرز کا تھا اب 899 ڈالرز میں دستیاب ہوگا، رپورٹ

نیویارک (این این آئی) ایپل نے اپنے نئے آئی فون 18 پرو، آئی فون 18 پرومیکس اور فولڈ ایبل آئی فون ڈو متعارف کرادیے۔ عام طور پر اس کمپنی کی جانب سے نئے آئی فونز متعارف کرانے کے ساتھ پرانے ماڈلز کی قیمتوں میں کمی کی جاتی ہے۔ مگر اس سال کمپنی نے بالکل الٹا کام کیا ہے اور پرانے ماڈلز کی قیمتوں میں نمایاں اضافہ کر دیا ہے۔ اب تک کچھ پرانے فونز کی قیمت انہیں متعارف کرانے کے وقت کی قیمت سے زیادہ ہوگئی۔ اس سال ایپل نے آئی فون 18 اور 18 پرو میکس کی قیمت گزشتہ سال کے ماڈلز کے مقابلے میں 100 ڈالرز (بقیہ نمبر 30 صفحہ 6 پر)

روس اور یوکرین کے ایک دوسرے پر حملے، 5 افراد ہلاک

یوکرین نے روسی علاقے لیسپین میں ماچکولا بندرگاہ کو فضائی حملوں کا نشانہ بنایا، حکام

کیف / ماسکو (این این آئی) روس اور یوکرین کے ایک دوسرے پر حملے جاری ہیں۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق روس نے جمعرات کو یوکرین کے علاقے سمی میں فضائی حملے کیے۔ (بقیہ نمبر 31 صفحہ 6 پر)

ایران جنگ کسی کی فتح کے بجائے سمجھوتے پر ختم ہونے کا امکان ہے، سمیر حبشنہ

امریکا اور اسرائیل ایران کے خلاف جنگ کے اپنے بنیادی مقاصد حاصل نہیں کر سکے

عمان (این این آئی) اردن کے سیاست دان اور سابق وزیر داخلہ سمیر حبشنہ نے عرب میڈیا کے لیے لکھے گئے اپنے مضمون میں کہا ہے کہ خلیج میں جاری جنگ کسی فریق کی فیصلہ کن فتح کے بجائے سمجھوتے پر ختم ہونے کا امکان زیادہ ہے۔ عرب میڈیا پر شائع مضمون میں سمیر حبشنہ نے اپنی رائے کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ امریکا اور اسرائیل ایران کے خلاف جنگ کے اپنے بنیادی مقاصد حاصل نہیں کر سکے، ایران کا جوہری پروگرام مکمل طور پر ختم نہیں ہوا، اس کا میزائل نظام بھی ختم نہیں کیا جا سکا اور ایرانی حکومت کا خاتمہ بھی ممکن نہیں ہوا۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ ایران کے (بقیہ نمبر 13 صفحہ 6 پر)

ایران کا ٹرمپ پر اکشے کمار کی میم کے ذریعے طنز

ایرانی سفارتخانے نے یہ میم اپنے سرکاری ایکس اکاؤنٹ پر ویڈیو شیئر کردی

تیونس سٹی (این این آئی) تیونس میں ایرانی سفارتخانے نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو تنقید کا نشانہ بنانے کے لیے بالی ووڈ اداکار اکشے کمار کی مشہور میم کا سہارا لے لیا۔ ایرانی سفارتخانے نے یہ میم اپنے سرکاری ایکس اکاؤنٹ پر اس وقت شیئر کی جب ایران نے دعوی کیا کہ پاسداران انقلاب نے 8 ستمبر کو آبنائے ہرمز کے داخلی راستے پر ایک بغیر پائلٹ امریکی ڈرون آبدوز کو قبضے میں لے لیا۔ پاسداران انقلاب کے مطابق بحری افواج نے صبح کے وقت ایک پیچیدہ انٹیلی جنس اور آپریشنل کارروائی کے دوران اس آبدوز کو قبضے میں لیا تھا۔ ایرانی فورسز (بقیہ نمبر 29 صفحہ 6 پر)

ایران تیل کی فروخت اور فوجی سامان کیلئے چین سے بارٹر تجارت کر رہا ہے، ذرائع

ایران نے چین سے دوائیں، گاڑیاں اور مواصلاتی آلات بھی لیے ہیں، باخبر افراد کی گفتگو

تہران (این این آئی) دو اعلیٰ ایرانی ذرائع سمیت ایرانی تجارت سے باخبر افراد نے دعوی کیا ہے کہ ایران تیل کی فروخت اور چین سے فوجی اور دیگر سامان لینے کے لیے بارٹر تجارت کر رہا ہے۔ ان افراد نے خبر ایجنسی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایران نے چین سے دوائیں، گاڑیاں اور مواصلاتی آلات بھی لیے ہیں، ایک سال میں یہ طریقہ کار ایران کو فضائی دفاعی سامان دینے کے لیے استعمال ہوا۔ ذرائع نے کہا کہ ایران عالمی بینکاری نظام سے گزرے بغیر چینی کمپنیوں سے چیزیں لیتا ہے۔ بارٹر نما تجارت سے متعلق خبر ایجنسی نے چینی وزارت خارجہ سے سوال بھی (بقیہ نمبر 28 صفحہ 6 پر)

کوئٹہ، جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے نائب امیر مولانا محمد ایوب ایوبی، مولانا مفتی عبدالسلام، مولانا عبدالقیوم مرشنگ، مولانا محمد طاہر توحیدی، مولانا نارز محمد حسنی، مولانا عبدالمنان سعادت، مولانا عبدالحق جامعہ دارالعلوم اسلامیہ مسلم ٹاؤن کلی چلتن ریسانی ہزار گنجی میں جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ نجم المدارس یونٹ کلی چلتن ریسانی ہزار گنجی کے جنرل کونسل بسلسلہ عظیم الشان تربیتی کنونشن سے خطاب کر رہے ہیں

سعودی عرب میں چینی کے زیادہ استعمال پر توجہ دینے کی ضرورت ہے، پبلک ہیلتھ اتھارٹی

دستیاب اعداد وشمار سے ظاہر ہوتا ہے سعودی عرب میں چینی کا استعمال ایسی سطح تک بڑھ گیا ہے جو توجہ طلب ہے، رپورٹ

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کی پبلک ہیلتھ اتھارٹی وقایہ نے انکشاف کیا ہے کہ دستیاب اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ سعودی عرب میں چینی کا استعمال ایسی سطح تک بڑھ گیا ہے جو توجہ طلب ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ استعمال خصوصاً ان کھانوں اور مشروبات کے ذریعے کیا جاتا ہے جن میں اضافی شکر شامل کی جاتی ہے۔ پبلک ہیلتھ اتھارٹی نے گزشتہ روز بیان میں واضح کیا کہ اس چیلنج سے نمٹنے کا مطلب چینی سے مکمل پرہیز نہیں بلکہ اس کی مقدار کو محدود کرنا اور روزمرہ خوراک کے حوالے سے بہتر انتخاب کرنا ہے۔ بیان میں بتایا گیا کہ چینی کے بڑھتے (بقیہ نمبر 27 صفحہ 6 پر)

ویتنام میں ٹریفک حادثہ، 2 طالب علم ہلاک

ہنوئی (این این آئی) ویتنام کے صوبہ فوتھو میں مسافر بس اور موٹر سائیکل کے درمیان تصادم کے نتیجے میں 15 سالہ دو طالب علم ہلاک ہوگئے۔ عرب ٹی وی کے مطابق حادثہ مائی چاکیون میں قومی شاہراہ پر پیش آیا۔ موٹر سائیکل پر سوار دونوں طالب علم مخالف سمت سے آنے والی مسافر بس سے ٹکرا گئے (بقیہ نمبر 26 صفحہ 6 پر)

کوئٹہ، پبلک ہیلتھ سکول کوئٹہ کی پرنسپل ڈاکٹر صفیہ مینگل چارج سنبھالنے کے بعد پبلک ہیلتھ سکول کے مختلف شعبوں کا معائنہ کر رہی ہیں

الجزائر کا متحدہ عرب امارات سے سفارتی تعلقات منقطع کرنے کا اعلان

فیصلہ دونوں ممالک کے درمیان تعلقات برقرار رکھنے کے لیے تمام ممکنہ ذرائع استعمال کیے جانے کے بعد کیا گیا

الجیرز (این این آئی) الجزائر نے متحدہ عرب امارات کے ساتھ سفارتی تعلقات منقطع کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ عرب ٹی وی کے مطابق یہ فیصلہ دونوں ممالک کے درمیان تعلقات برقرار رکھنے کے لیے تمام ممکنہ ذرائع استعمال کیے جانے کے بعد کیا گیا۔ تاہم الجزائر نے فوری طور پر سفارتی تعلقات ختم کرنے کی مخصوص وجہ بیان نہیں کی۔ دونوں ممالک کے درمیان گزشتہ کچھ عرصے سے کشیدگی میں اضافہ دیکھا گیا ہے۔ الجزائری میڈیا ماضی میں متحدہ عرب امارات پر خطے میں اختلافات اور انتشار کو ہوا دینے کے الزامات عائد کرتا رہا ہے۔ الجزائری صدر عبدالمجید تبون نے (بقیہ نمبر 25 صفحہ 6 پر)

نیپال میں سیلاب اور لینڈ سلائیڈنگ سے ہلاکتوں کی تعداد 1374 ہوگئی

بیجنگ (این این آئی) نیپال میں سیلاب اور لینڈ سلائیڈنگ کے نتیجے میں ہلاکتوں کی تعداد بڑھ کر 1374 ہوگئی جبکہ 5100 سے زائد افراد تاحال لاپتا ہیں۔ نیپالی پولیس نے بتایا کہ 26 اگست کو چین کی سرحد کے قریب لینڈ سلائیڈنگ کے باعث آنے والے سیلاب (بقیہ نمبر 24 صفحہ 6 پر)

مقبوضہ مغربی کنارے میں اسرائیلی فورسز نے 33 فلسطینیوں کو گرفتار کرلیا

اسرائیلی فورسز نے درجنوں گھروں پر چھاپہ مارا اور ان کی تلاشی لی جس کے دوران املاک کو بھی نقصان پہنچا، غیر ملکی میڈیا

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی فوج نے جمعرات کو مقبوضہ مغربی کنارے میں چھاپوں کے دوران دو صحافیوں، دو نابالغوں اور سابق قیدیوں سمیت 33 فلسطینیوں کو گرفتار کیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیلی فورسز نے درجنوں گھروں پر چھاپہ مارا اور ان کی تلاشی لی جس کے دوران املاک کو بھی نقصان پہنچا، یہ کارروائیاں نابلس، بیت لحم، ہیبرون، جنین، طوباس اور تلکرم کے صوبوں میں مرکوز تھیں۔ نابلس میں 17، بیت لحم میں 7، ہیبرون میں 3، جنین میں 1، طوباس سے 2 اور تلکرم سے 3 فلسطینیوں کو گرفتار کیا گیا۔ گرفتار ہونے والوں میں دو صحافیوں کی شناخت صابری موسی جبریل اور معت عمارنہ کے نام سے کی ہے، دونوں بیت لحم سے (بقیہ نمبر 23 صفحہ 6 پر)

جنوبی کوریا کا امریکا میں 100 ارب ڈالر سرمایہ کاری کا منصوبہ

منصوبے کے تحت امریکا میں 8 تک جوہری ری ایکٹرز تعمیر کیے جائیں گے، امریکی میڈیا

واشنگٹن (این این آئی) جنوبی کوریا امریکا میں مصنوعی ذہانت کے شعبے کی توسیع میں مدد کے لیے 100 ارب ڈالر سے زیادہ مالیت کے توانائی سرمایہ کاری منصوبے کے اعلان کی تیاری کر رہا ہے۔ امریکی ٹی وی کے مطابق مجوزہ معاہدے کے تحت جنوبی کوریا امریکا میں 8 تک جوہری پاور پلانٹس اور ایک قدرتی گیس منصوبے کی تعمیر کے لیے مالی معاونت فراہم کرے گا۔ تاہم جنوبی کوریا کی وزارت تجارت نے کہا ہے کہ امریکا میں سرمایہ کاری سے متعلق تفصیلات ابھی حتمی نہیں کی گئیں۔ رپورٹ کے مطابق جنوبی کوریا کی یہ سرمایہ کاری کئی برسوں کے دوران مرحلہ وار کی جائے گی۔ منصوبے کے تحت امریکا میں 8 تک جوہری ری ایکٹرز تعمیر کیے جائیں گے، جن میں (بقیہ نمبر 14 صفحہ 6 پر)

امریکی فوج نے اردن میں موافق سلطی ایئر بیس سے ہیلی کاپٹر منتقل کرنا شروع کر دیئے

واشنگٹن (این این آئی) امریکی فوج نے اردن میں موافق سلطی ائیربیس سے ہیلی کاپٹر منتقل کرنا شروع کر دیئے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق منتقل کیے جانے والے ہیلی کاپٹروں میں وہ ہیلی کاپٹر بھی شامل ہیں جو امریکا کے خلاف منگل اور بدھ کی درمیانی شب ایران کی جوابی کارروائی میں تباہ ہوئے تھے۔

کوئٹہ، روڈ ایکسیڈنٹ میں معذور ہونیوالے پشین گلی منزکی کے رہائشی محمد اقبال اپنے بچوں کے ہمراہ پریس کلب کے سامنے حکومت سے مدد کی اپیل کر رہا ہے

نسل پرست جماعت کی جیت پر ٹرمپ کی مبارکباد، جرمن چانسلر نے امریکی صدر سے فون پر بات چیت منسوخ کردی

برلن (این این آئی) جرمن چانسلر فریڈرک مرز نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ساتھ طے شدہ فون پر گفتگو منسوخ کردی۔ یہ فیصلہ ٹرمپ کی جانب سے جرمنی کی انتہائی دائیں بازو کی جماعت اے ایف ڈی کی علاقائی انتخاب میں کامیابی کا کھلے عام خیر مقدم کیے جانے کے چند گھنٹے بعد سامنے آیا۔ مرز کے ترجمان نے فون کال منسوخ کرنے کی کوئی وجہ نہیں بتائی تاہم واضح کیا کہ یہ فیصلہ مصروفیات یا (بقیہ نمبر 18 صفحہ 6 پر)

تصادم کے فریقین سکولوں، دیگر تعلیمی اداروں پر حملے فوری طور پر روکیں، سیکرٹری جنرل اقوام متحدہ

نوجوانوں کو محفوظ طریقے سے دوبارہ سکولوں اور معاشرے میں شامل کرنے کے لیے بھی اقدامات ضروری ہیں

اقوام متحدہ (این این آئی) اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریش نے تمام متحارب فریقوں سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ سکولوں اور دیگر تعلیمی اداروں پر حملے فوری طور پر روکیں، بین الاقوامی قانون کے تحت اپنی ذمہ داریاں پوری کریں اور حملوں کے ذمہ داروں کو قانون کے کٹہرے میں لائیں۔ اماراتی میڈیا کے مطابق انہوں نے گزشتہ روز تعلیم کو حملوں سے محفوظ رکھنے کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ ممالک کو ہر بچے کے لیے تعلیم میں سرمایہ کاری، محفوظ سکولوں کے اعلامیے کی مکمل توثیق و عمل درآمد اور تعلیم کو حملوں سے بچانے کے لیے عالمی اتحاد کی حمایت کرنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں مل کر ان پرسن اور آن لائن دونوں سطحوں پر بالخصوص لڑکیوں اور کمزور (بقیہ نمبر 21 صفحہ 6 پر)

غزہ میں گھر پر اسرائیلی بمباری، میاں بیوی دو بچوں سمیت شہید

چاروں شہدا کی لاشیں غزہ شہر کے الشفا ہسپتال منتقل کردی گئیں، متعدد شہری زخمی

غزہ (این این آئی) غزہ کے شمالی علاقے بیت لاہیہ میں ایک گھر پر اسرائیلی فوج کی بمباری کے نتیجے میں فلسطینی میاں بیوی اور ان کے دو بچے شہید ہوگئے۔ عرب ٹی وی کے مطابق چاروں شہدا کی لاشیں غزہ شہر کے الشفا ہسپتال منتقل کردی گئیں۔ شہدا کی شناخت ممن عبدالرحمن احمد، ان کی اہلیہ حنین موس فارس صالح، 12 سالہ بیٹی لانا اور 8 سالہ بیٹی بانا کے نام سے ہوئی ہے۔ حملے میں متعدد شہری زخمی بھی ہوئے جبکہ ملبے تلے دبے افراد کی تلاش جاری رہی۔ اسرائیلی فوج نے غزہ شہر کے مشرقی علاقوں پر توپ خانے سے گولہ باری کی جبکہ اسرائیلی جنگی کشتیوں نے خان یونس کے سمندر اور وسطی غزہ کے مشرقی علاقوں میں شدید فائرنگ کی۔ خان یونس کے شمال میں (بقیہ نمبر 15 صفحہ 6 پر)

چین میں طوفانی بارشوں کے باعث مٹی کے تودے گرنے سے 16 افراد جاں بحق

بیجنگ (این این آئی) چین کے صوبہ جیانگ شی کے سوئی چوان کائنی میں شدید بارشوں کے باعث مٹی کے تودے اور لینڈ سلائیڈنگ کے واقعات میں کم از کم 16 افراد جاں بحق ہوگئے۔ مقامی حکام نے بتایا کہ کائنی میں کئی روز سے جاری موسلا دھار بارشوں کے نتیجے میں متعدد مقامات پر ارضیاتی آفات رونما ہوئیں۔ حکام کے مطابق کائنی سے 18 ہزار سے زائد افراد کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا جا چکا تھا۔

عالمی غذائی تحفظ اور سمندری نظام کے استحکام میں کردار ادا کرتے رہیں گے، سعودی عرب

مملکت سمندروں اور بحر الکاہل کو ایک مشترکہ ورثہ اور غذائی تحفظ، ترقی اور خوشحالی کا بنیادی ستون سمجھتی ہے، ڈاکٹر علی الشیخی

روم (این این آئی) سعودی عرب نے سمندری وسائل کے استحکام کو فروغ دینے، غیر قانونی، بغیر اطلاع اور غیر منظم ماہی گیری سے نمٹنے اور ماہی گیری کے شعبے میں گڈ گورننس کی حمایت کے لیے اپنی بین الاقوامی اور علاقائی کوششیں جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا ہے تاکہ وہ عالمی غذائی تحفظ کی حفاظت اور سمندری ماحولیاتی نظام کی پائیداری میں اپنا کردار ادا کر سکے۔ عرب ٹی وی کے مطابق یہ بات اقوام متحدہ کی خوراک و زراعت کی تنظیم کے اٹلی کے دارالحکومت روم میں واقع ہیڈ کوارٹرز میں منعقدہ ماہی گیری کمیٹی کے 37 ویں اجلاس اور پورٹ سٹیٹ میورز ایگریمنٹ کے نفاذ کی دسویں سالگرہ کی تقریب کے موقع پر سامنے آئی جس میں سعودی عرب کی وزارت ماحولیات، پانی و زراعت میں لائیو سٹاک اور فشریز کے اسسٹنٹ انڈر سیکرٹری ڈاکٹر علی الشیخی کی سربراہی میں مملکت کے وفد نے شرکت کی۔ تقریب میں ڈاکٹر علی الشیخی نے تقریر کے دوران وضاحت کی کہ مملکت سمندروں اور بحر الکاہل کو ایک مشترکہ ورثہ اور غذائی تحفظ، ترقی اور خوشحالی کا بنیادی ستون سمجھتی (بقیہ نمبر 17 صفحہ 6 پر)

اتحاد ایئر 14 اکتوبر سے ریڈ سی انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے لیے پروازیں شروع کرے گی

ابوظہبی (این این آئی) متحدہ عرب امارات کی قومی فضائی کمپنی اتحاد ایئر نے 14 اکتوبر سے سعودی عرب کے بحیرہ احمر کے ساحلی ہوائی اڈوں کے لیے پروازیں شروع کرنے کا اعلان کردیا۔ عرب ٹی وی کے مطابق اتحاد ایئر کے سی ای او انتونو الڈونیوس نے گزشتہ روز بیان میں کہا ہے کہ ابوظہبی اور ریڈ سی انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے درمیان پروازوں کا آغاز ہفتے میں ایک (بقیہ نمبر 19 صفحہ 6 پر)

چین نے ریموٹ سینسنگ سیٹلائٹس کامیابی سے خلا میں روانہ کر دیئے

جو کامیابی سے مقررہ مدار میں داخل ہوگئے اور لانچ مشن مکمل طور پر کامیاب رہا

بیجنگ (این این آئی) چین نے جیوچھوان سیٹلائٹ لانچ سینٹر سے لانگ مارچ۔ 4 بی کیریئر راکٹ کے ذریعے یموٹ سینسنگ (03-01) 53- اور ریموٹ سینسنگ (03-01) 56- سیارچوں کو کامیابی سے خلا میں روانہ کر دیا۔ عرب ٹی وی کے مطابق چین نے جمعرات کی شام کو ریموٹ سینسنگ سیٹلائٹس کو جیوچھوان سیٹلائٹ لانچ سینٹر سے لانگ مارچ۔ 4 بی کیریئر راکٹ کے ذریعے خلا میں روانہ کیا جو کامیابی سے مقررہ مدار میں داخل ہوگئے اور لانچ مشن مکمل طور پر کامیاب رہا۔ ریموٹ سینسنگ (03-01) 53- اور ریموٹ سینسنگ (03-01) 56- سیارچے بنیادی طور پر سائنسی تجربات، اراضی و وسائل کے سروے، زرعی مصنوعات کی (بقیہ نمبر 20 صفحہ 6 پر)

سری لنکا میں بس الٹنے سے 22 افراد زخمی

کولمبو (این این آئی) سری لنکا میں نجی مسافر بس سڑک سے پھسل کر نہر میں جا گری اور الٹ گئی، حادثے کے نتیجے میں کم از کم 22 افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس نے بتایا کہ حادثہ جمعرات کی صبح تقریباً 4 بج کر 45 منٹ پر پیش آیا، جب بس کولمبو جا رہی تھی۔ سڑک سے اترنے کے بعد بس نہر میں جا گری اور الٹ گئی۔ پولیس کے مطابق زخمی مسافروں کو علاج (بقیہ نمبر 16 صفحہ 6 پر)

پشاور کے دو بڑے سرکاری ہسپتالوں میں ڈاکٹرز کا احتجاج

ڈاکٹرز کا خیبر ٹیچنگ اسپتال اور حیات آباد میڈیکل کمپلیکس میں او پی ڈی سروسز کا بائیکاٹ

پشاور (این این آئی) پشاور کے دو بڑے سرکاری اسپتالوں میں ڈاکٹرز نے تنخواہوں میں اضافے کے مطالبات کے حق میں احتجاجاً او پی ڈی سروسز کا بائیکاٹ کر دیا۔ خیبر ٹیچنگ اسپتال اور حیات آباد میڈیکل کمپلیکس میں ٹی ایم اوز اور ہاؤس افسران سراپا احتجاج بنے ہوئے ہیں۔ مظاہرین ڈاکٹرز کا کہنا ہے کہ حکومت کی جانب سے تنخواہوں میں 15 فیصد اضافے کا اعلان کیا گیا تھا لیکن تاحال اضافہ نہیں کیا گیا، جو انہیں ہرگز منظور نہیں اور اسے بڑھا کر 30 فیصد کیا جائے۔ ڈاکٹرز نے وارننگ دی ہے کہ اگر ان کا مطالبہ تسلیم نہ کیا گیا تو صوبے بھر کے اسپتالوں میں کا احتجاج کا دائرہ کار وسیع کرتے ہوئے او پی ڈی سروسز کا مکمل بائیکاٹ کریں گے۔



ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی ہدایت اور عوامی شکایات پر اسسٹنٹ کمشنر صدر کوئٹہ محمد یوسف ہاشمی زائد قیمت پر آٹے فروخت کرنے والوں کیخلاف کر رہے ہیں

جمعیت ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق جامعہ عربیہ فیض العلوم قلعہ سیف اللہ کلی نسی میں جلسہ دستار بندی سے خطاب کر رہے ہیں

روزنامہ عوام

روزنامہ عوام وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کوئٹہ اور حب سے بیک وقت شائع ہوتا ہے

آفس کوئٹہ فون نمبر 081-2832244 فیکس 081-2822255 اسلام آباد آفس فون نمبر 051-2890427 فیکس 051-2890437 حب آفس 32266 فیکس 32755

جمعہ 11 ستمبر 2026ء

تعلیم پائیدار مستقبل کی بنیاد

گورنر جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ تعلیم ہی ایک روشن اور بااختیار اور پائیدار مستقبل کی بنیاد ہے۔ ترقی یافتہ اور تعلیم یافتہ بلوچستان کا خواب ہماری اجتماعی کوششوں سے حقیقت بن سکتا ہے۔ اس مقصد کیلئے حکومت تعلیمی اداروں، اساتذہ، والدین، سول سوسائٹی اور معاشرے کے ہر فرد کو کردار ادا کرنا ہوگا۔ بلوچستان میں مجموعی شرح خواندگی میں 7 فیصد اضافہ اور ساڑھے سات لاکھ بچوں کو دوبارہ اسکولوں میں واپس لانا محکمہ تعلیم بلوچستان کی قابل فخر کامیابی ہے۔ یہ پیشرفت اس بات کا ثبوت ہے کہ درست سمت موثر پالیسی اور مسلسل محنت کے ذریعے تعلیمی میدان میں نمایاں تبدیلی لائی جا سکتی ہے۔ آج خواندگی کا تصور صرف پڑھنے، اور لکھنے کی صلاحیت تک محدود نہیں رہا، مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹل ٹیکنالوجی اور روبوٹس کے دور میں خواندگی کا پیمانہ تبدیل ہو چکا ہے۔ بلوچستان میں تعلیمی شعبہ کو بجٹ میں نمایاں اہمیت دی جاتی رہی ہے۔ لیکن فنڈز خرچ کرنے کے باوجود تعلیم کے شعبہ کو ماضی میں مضبوط نہیں بنایا جا سکا۔ موجودہ حکومت کو یہ کریڈٹ جاتا ہے کہ تعلیم اور صحت کے شعبوں کی ترقی کیلئے مثبت اصلاحات کر رہی ہے۔ سینکڑوں غیر فعال سکولز کو فعال بنانے کے لئے ہزاروں اساتذہ کی کنٹریکٹ کی بنیادوں پر بھرتی کی گئی، یہ اس سلسلے کی کڑی ہے۔ ہمیں توقع ہے کہ تعلیمی شعبہ کو اہمیت دینے کا سلسلہ جاری رہے گا۔

صفائی کا مسئلہ

کوئٹہ شہر میں صفائی کا مسئلہ بدستور موجود ہے۔ ہم میٹروپولیٹن کارپوریشن کے حکام سے مطالبہ کرتے ہیں کہ صفائی کی صورتحال کو بہتر بنانے کیلئے اقدامات کئے جائیں۔

دین اسلام، مسجد اور ہم

تحریر۔ عبدالغفور چوہدری

مسجد دین اسلام کی تہذیبی، روحانی اور اجتماعی زندگی کا وہ مرکز ہے جہاں انسان اپنے خالق کے سامنے سرنیاز خم کرتا ہے۔ اپنے دل کو پاکیزہ بناتا ہے اور اپنی زندگی کو اللہ تعالیٰ کی ہدایت کے مطابق ڈھالنے کا عہد کرتا ہے۔ اسلام نے مسجد کو صرف اینٹوں، پتھروں اور گنبد و مینار کی ایک عمارت نہیں بنایا بلکہ اسے ایک زندہ تربیتی ادارے کی حیثیت دی ہے۔

یہ ایک عبادت گاہ تو ضرور ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ یہ درس گاہ بھی ہے، تربیت گاہ بھی ہے، اصلاح گاہ بھی ہے اور باہمی اخوت و تعاون کا مرکز بھی ہے۔ لفظ "مسجد" عربی زبان کے مادہ "سجد" سے نکلا ہے۔ جس کے معنی اللہ تعالیٰ کے سامنے جھکنے اور سجدہ کرنے کے ہیں۔ قرآن کریم میں اللہ رب العزت کا ارشاد ہے: "بے شک مساجد اللہ کے لئے ہیں۔ پس اس کے علاوہ کسی کو نہ پکارا جائے" (الجن: 72:18)۔ دوسری جگہ یہ فرمایا گیا: "مسجدوں کو وہی لوگ آباد کرتے ہیں جو اللہ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتے ہیں"۔ (سورۃ التوبہ: 9:18)۔ یہاں "آباد" کرنے کا مفہوم صرف مسجد کی عمارت بنانا نہیں بلکہ اسے نماز، ذکر، قرآن، علم، تقویٰ اور خیر کے اعمال سے زندہ رکھنا بھی ہے۔

مسجد کے ادارے کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے بھی لگایا جا سکتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب ہجرت کر کے مدینہ منورہ تشریف لائے تو انھوں نے مسجد نبوی کی تعمیر کا حکم دیا۔ یہ مسجد مسلمانوں کی عبادت گاہ تھی، مگر اس کی سرگرمیاں عبادت الٰہی تک ہی محدود نہیں تھیں۔

یہی وہ مقام تھا جہاں صحابہ کرامؓ قرآن و سنت کی تعلیم حاصل کرتے تھے۔ رسول کریم ﷺ سے رہنمائی لیتے تھے، اپنے مسائل ان کے روبرو پیش کرتے تھے، یہاں اہم اجتماعی معاملات پر مشاورت ہوتی تھی، جہاد کے فیصلے ہوتے تھے اور غزوات کے لئے ساز و سامان اکٹھا کیا جاتا تھا۔ الغرض مسجد اسلامی ریاست کا سیکریٹیریٹ ہوتی تھی۔ اس مسجد میں "اصحاب صفہ" کا قیام بھی تعلیم و تربیت کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے۔ یہ ایک ایسی درس گاہ تھی جہاں کتاب کے ساتھ کردار بھی پڑھایا جاتا تھا۔

رسول اللہ ﷺ نے مساجد سے تعلق کو بڑی فضیلت عطا فرمائی۔ آپ نے فرمایا: "جو شخص اللہ کی رضا کے لئے مسجد بناتا ہے، اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت میں گھر بناتا ہے" (صحیح مسلم)۔ رسول اللہ ﷺ کے بعد خلفائے راشدینؓ نے بھی مسجد کو مسلمانوں کی اجتماعی زندگی کے مرکز کے طور پر برقرار رکھا۔ اس دور کا بنیادی اصول یہ تھا کہ مسجد انسان کو اللہ کے ساتھ جوڑنے کے ساتھ انسانوں کے حقوق ادا کرنے کے بھی قابل بنائے۔ یہی نکتہ ہے جس پر آج ہمیں دوبارہ غور کرنے کی ضرورت ہے۔ ہمارے ہاں مساجد کی تعداد تو شمار سے باہر ہے۔ ان کی تعمیر پر بھی کروڑوں روپے خرچ کیے جاتے ہیں، لیکن سوال یہ ہے کہ کیا ہماری مساجد ہمارے معاشرے کی تمام اخلاقی، علمی، تعلیمی اور سماجی ضروریات پوری کر رہی ہیں؟

کیا ہماری مساجد نوجوانوں کو اپنے قریب لا رہی ہیں؟ کیا یہ مساجد محلے کے غریب، مسکین، یتیم، بیوہ اور بے سہارا افراد کیلئے سہارا بن رہی ہیں؟ کیا مسجد کا ادارہ خاندانوں کے باہمی اختلافات کو ختم کروانے میں کوئی کردار ادا کر رہا ہے؟ کیا مسجد علم و تحقیق کا مرکز بن رہی ہے؟ اگر ان سوالات کا جائزہ لیا جائے تو ہمیں شدت سے احساس ہوگا کہ عصر حاضر میں یہ ادارہ اپنے طے شدہ مقاصد کو پورے کرنے میں تقریباً ناکام نظر آتا ہے۔ لہٰذا ہم مسجد کے ادارے کو اپنے اصلی کردار کی طرف لوٹانے کے لئے چند تجاویز دیتے ہیں۔

سب سے پہلی تجویز یہ ہے کہ مسجد کو تعلیم و تربیت کا مرکز بنانے کے لئے اس میں دینی تعلیم کے ساتھ عصری تعلیم کا بھی بندوبست کیا جانا چاہیے۔ نوجوانوں کیلئے سیرت نبویؐ، اخلاقیات، اسلامی تاریخ اور عصر حاضر کے فکری سوالات پر علمی نشستیں منعقد ہونی چاہئیں۔

دوسری تجویز یہ ہے کہ خدمت خلق کیلئے مسجد کے زیر اہتمام ایک شفاف فلاحی نظام بھی قائم کیا جائے، جس کے ذریعے علاقہ کے مستحق افراد کی مدد کی جائے۔ زکوٰۃ، صدقات اور عطیات کو منظم کر کے یتیموں، بیواؤں، بیماروں، معذوروں اور بے روزگار افراد تک پہنچانے کا بندوبست کیا جائے۔ تیسرا کام یہ کیا جائے کہ مسجد کو اصلاح معاشرہ کا مرکز بنایا جائے۔ منبر و محراب سے صرف عبادات کے مسائل نہ بیان کیے جائیں۔

بلکہ جھوٹ، بددیانتی، رشوت، ملاوٹ، والدین کی نافرمانی، وعدہ خلافی، گھریلو تشدد جیسی قبیح حرکات کے خلاف قرآن وسنت کی روشنی میں گفتگو کی جائے۔ عوام الناس کو بتایا جائے کہ دین اسلام میں حقوق اللہ کا حصہ بہت تھوڑا سا ہے لیکن حقوق العباد کا حصہ بہت بڑا ہے۔ اس لئے انہیں حقوق اللہ کے ساتھ حقوق العباد کی طرف بھی خصوصی توجہ دینی چاہئے۔ چوتھی تجویز یہ ہے کہ ہر مسجد میں ایک مصالحتی کمیٹی تشکیل دی جائے جو علاقے کے باکردار، صالح اور معتبر افراد پر مشتمل ہو۔

اس کمیٹی کے ذمہ یہ کام ہو کہ علاقہ کے افراد کے درمیان مخاصمت کی صورت میں انہیں مسجد میں بلا کران کی صلح کروائے۔ پانچواں کام یہ کیا جائے کہ تمام فرقوں کے علماء بیٹھ کر اس ملک کو فرقہ واریت سے نکالنے کیلئے کوئی راہ نکالیں۔ انتشار امت کی بجائے اتحاد امت پر زور دیا جائے۔ چھٹا کام یہ کیا جائے کہ ہر مسجد کی انتظامیہ اور دوسرے صاحب ثروت لوگ مل کر علاقے کے بے روزگار نوجوانوں کو ہنر سکھانے کا بندوبست کریں۔ بچوں کیلئے کمپیوٹر کی ابتدائی تعلیم اور بچیوں کیلئے سلائی کڑھائی کے کورس مفت کروائے جائیں۔ ساتواں کام یہ ہوسکتا ہے کہ علاقے کے صاحب ثروت لوگ مل کر ایک فنڈ تشکیل دیں۔

اور بے روزگار نوجوانوں کو کوئی کاروبار کرنے کیلئے بلاسود قرض فراہم کریں، جو اقساط میں واپس لئے جائیں۔ اگر یہ سارے کام نیک نیتی سے کیے جائیں تو کوئی وجہ نہیں ہے کہ مسجد کا ادارہ لوگوں کی نگاہوں کا مرکز نہ بن سکے۔

مسجد دراصل انسان کو اللہ سے ملانے کے ساتھ ساتھ انسانوں کو آپس میں ملانے کا نام بھی ہے۔ اس کے دروازے امیر و غریب، حاکم و محکوم، عالم و عامی سب کے لئے کھلے ہیں۔ صف نماز میں کھڑے ہو کر دراصل مسلمان عملی طور پر مساوات، اخوت اور نظم و نسق کا سبق سیکھتا ہے۔

مسجد کا یہی وہ پیغام ہے جسکی آج پہلے سے کہیں زیادہ ضرورت ہے۔ لہٰذا عصر حاضر میں مسجد کو ماضی کی یادگار بنانے کی بجائے مستقبل کی تعمیر کا مرکز بنایا جائے۔ ہمیں ایسی مسجد درکار ہے جو نماز بھی پڑھائے اور کردار بھی بنائے، قرآن بھی سکھائے اور زندگی بھی سنوارے، اللہ سے تعلق بھی مضبوط کرے، بندوں کے حقوق بھی یاد دلائے۔

لوگوں کو روزگار بھی فراہم کرے اور انہیں مسجد سے بھی جوڑے۔ اگر آج کی مسجد اپنے نبوی کردار کی طرف واپس آجائے تو وہ صرف عبادت گاہ نہیں رہے گی بلکہ ایک صالح، بااخلاق، پرامن، باروزگار اور خدمت گزار معاشرے کی بنیاد بن جائیگی۔

☆☆☆☆

جماعت اسلامی کا دھرنا اور حکمرانوں کی بے حسی

تحریر۔ مصطفیٰ کمال پاشا

پٹرولیم لیوی کے مسئلے پر جماعت اسلامی کا دھرنا جاری ہے اور حکومتی و جماعتی ماہرین سے تکنیکی معاملات پر مذاکرات بروز پیر سے شروع کرنے کا فیصلہ ہوگیا ہے۔ احسن اقبال، رانا ثناء اللہ اور سلمان رفیق پر مشتمل حکومتی وفد نے منصورہ میں جا کر حافظ نعیم الرحمٰن اور ان کے ساتھیوں کے ساتھ مذاکرات کئے، پھر پریس کانفرنس کی گئی اور طے پایا کہ فریقین کے ماہرین مل کر کوئی راستہ نکالیں گے۔ ماہرین پیر سے مذاکرات شروع کریں گے دیکھتے ہیں کیا نتیجہ نکلتا ہے۔ پاکستان معاشی بحران سے گزر رہا ہے معیشت کی نبضیں کمزور ہوتی نظر آرہی ہیں حکمران اسے بچانے کی کاوشیں کر رہے ہیں۔

آئی ایم ایف اور عالمی اداروں کے ماہرین انہیں جو کچھ کرنے اور جیسا کرنے کا کہہ رہے ہیں وہ کرتے چلے جا رہے ہیں۔ معاشی بحران کی شدت شاید کم ہوگئی ہے معیشت کے زوال کا سفر رک گیا ہے، بلکہ معیشت پر حکومتی کنٹرول بحال ہو چکا ہے۔ زری اور مالیاتی ادارے کام کر رہے ہیں، لیکن ایسا کچھ کرنے کے لئے یعنی کلی معیشت سنبھالنے کی قیمت عوام سے ٹیکسوں کی صورت میں وصول کی جارہی ہے عوام ٹیکس دیتے آ رہے ہیں اور انہیں دینا بھی چاہئیں لیکن عوام سے ظالمانہ اور بے رحمانہ طریقے سے غیر منصفانہ انداز میں ٹیکس اینٹھے جا رہے ہیں۔ پٹرول کے ایک لیٹر پر 80 روپے لیوی اور 50 روپے دیگر ٹیکس کی ادائیگی ایک طالب علم سے بھی ہو رہی ہے اور ایک مزدور اور رائیڈر بھی کر رہا ہے۔

حالانکہ وہ تو ٹیکس دھندگان کی فہرست میں بھی نہیں آنا چاہئے۔ بالواسطہ ٹیکسوں کی ایک طویل فہرست ہے جو عام شہری سے وصول کئے جا رہے ہیں، ماچس کی ایک ڈبیا سے لے کر دال کے ایک پیکٹ تک ٹیکس وصول کئے جا رہے ہیں، ٹیکسوں کی عجیب و غریب اقسام بھی دیکھنے میں آ رہی ہیں عام سٹور والا پی او ایس کے نام سے ایک روپیہ بل میں ڈال دیتا ہے کہتا ہے کہ یہ حکومت کی طرف سے پوائنٹ آف سیل کا ٹیکس ہے اس کے ساتھ ساتھ وہ سامان ڈالنے والے تھیلے کی قیمت کے طور پر پانچ یا دس روپے مزید بل میں ڈال دیتا ہے۔ وصولیوں کے نامنصفانہ کلچر کے فروغ نے ہر سطح پر ناانصافی کو فروغ دینا شروع کر رکھا ہے۔ پٹرول پمپ مالکان ایک زمانے میں گاڑی میں موٹر سائیکل کے ٹائروں میں ہوا بھرنے کی مفت سہولت فراہم کرتے جو اب ختم ہو چکی ہے۔ اب گاڑی کے چار ٹائروں میں ہوا بھروانے کے 50 روپے وصول کئے جاتے ہیں، پٹرول پمپ مالکان کو پٹرول بھروانے والے فی لیٹر ایک معقول مارجن ادا کرتے ہیں، جو پٹرول کی فی لیٹر قیمت میں شامل ہوتا ہے ایک وقت تھا کہ پٹرول پمپ مالکان کی طرف سے گاڑی کے شیشے صاف کرنے کی سہولت دی جاتی تھی، جونہی گاڑی پٹرول بھروانے کے لئے کھڑی ہوتی ایک لڑکا سرف والا پانی اور وائپر لے آتا اور فرنٹ بیک کے شیشے دھو دیتا۔ اب یہ سہولت بھی ختم کی جا چکی ہے مارا ماری کا کلچر عام ہو چکا ہے۔

سردست صورتحال یہ ہے کہ پاکستان پر 8.138 ارب ڈالر کا بیرونی قرضہ چڑھا ہوا ہے، بجٹ 27-2026ء میں قرضوں کی قسط اور سود ادائیگی کے لئے آٹھ ہزار 5400 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں جو مجموعی بجٹ کے 9.42 فیصد کے برابر ہے۔ بجٹ کا مجموعی حجم 18 ہزار سات سو 71 ارب روپے ہے جس میں آٹھ ہزار 5400 ارب روپے صرف قرض ادائیگی کی مد میں خرچ ہوں گے اس میں اندرونی و بیرونی دونوں طرح کے قرض شامل ہیں۔

پاکستان تین ہزار ارب روپے اپنے دفاع پر خرچ کرے گا جو بجٹ کا 16 فیصد بنتا ہے جبکہ دفاعی شعبے، یعنی ملٹری پنشن کی مد میں 822 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں۔ پنشن کی مد میں مجموعی طور پر 1169 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں۔

اخراجات بڑھتے چلے جا رہے ہیں لیکن معاشی نمو کی شرح اس قدر نہیں ہے کہ وہ بڑھتے ہوئے اخراجات کو سنبھالا دے سکے۔ توانائی کا بحران روز بروز شدید ہوتا چلا جا رہا ہے۔ بجلی، گیس اور پٹرول، ڈیزل کی قیمتیں ہر روز بڑھ رہی ہیں۔ مصارف پیداوار میں اضافہ عام اشیاء صرف اور خدمات کی قیمتوں میں بھی اضافہ کر رہا ہے اور برآمدی اشیاء کی لاگت بھی بڑھتا چلا جا رہا ہے۔ عالمی منڈی میں ہماری مصنوعات کی کھپت گرتی چلی جا رہی ہے۔

روس یوکرائن جنگ نے تیل کی عالمی منڈی کو ہی متاثر نہیں کیا بلکہ اجناس کی ترسیل کے سکل کو بھی خراب کیا ہے اور اب ایران، امریکہ و اسرائیل جنگ نے جلتی پر تیل کا کام کیا ہے۔ ہمارے اندرونی معاشی معاملات پہلے ہی سنبھل نہیں پائے تھے کہ بیرونی عوامل نے بگاڑ پیدا کر دیا ہے، جو ہمارے بس میں نہیں ہے۔ ہم قرض اتارنے کیلئے مزید قرض لے رہے ہیں ہر لمحہ قرض چکانے کی ذمہ داریوں میں اضافہ ہوتا چلا جا رہا ہے۔ معیشت پر منفی دباؤ بڑھتا چلا جا رہا ہے اور ہاں ایک اور اہم بلکہ اہم ترین عامل پاک بھارت جنگ ہے ہم نے آپریشن بنیان مرصوص کے ذریعے بھارت کو عبرتناک شکست دی ہے۔

ظاہر ہے اس جنگ پر بھی اخراجات اُٹھے ہوں گے، بھارت نے آپریشن سندور جاری رکھنے کا اعلان کر رکھا ہے وہ اپنی شکست کا بدلہ لینے کا اعلان کر چکا ہے اور اس سلسلے میں تیاریاں بھی کر رہا ہے ہمیں اس کا مقابلہ کرنا ہے اس کا سامنا کرنا ہے کیا اس پر اخراجات نہیں اٹھیں گے۔ وہ کہاں سے آئیں گے، ظاہر ہے ان کی ادائیگی ہمیں ہی کرنا ہوگی۔ ہم کر رہے ہیں۔

اضافی ٹیکسوں کی صورت میں جائز ناجائز ٹیکسوں کی صورت میں۔ زیادہ تر ٹیکس ناجائز ہیں جو آئی پی پیز کو دیئے جا رہے ہیں انہیں ایسی ادائیگیاں کی جا رہی ہیں جو قطعاً ناجائز ہیں۔ سرکاری اداروں کی ناکارکردگیوں کا بدلہ بھی عوام سے زائد ٹیکسوں کی صورت میں لیا جا رہا ہے۔ عوام اپنی مسلح افواج کو ہر طرح کے آلات حرب و ضرب مہیا کرنے کے لئے اپنی جان بھی پیش کرنے کو تیار ہیں لیکن حکمرانوں کی نااہلیوں، ناکارکردگیوں اور عیاشیوں کا بوجھ برداشت کرنے کیلئے تیار نہیں ہیں۔ جماعت اسلامی ایسے ہی لوگوں کی آواز ہے ایسی ہی ناانصافیوں کا رونا رو رہی ہے لیکن لگتا ہے کہ اس کا کوئی اثر ہونے والا نہیں ہے۔ حکمران مکمل طور پر بے حس ہو چکے ہیں۔

☆☆☆☆

پیپلز پارٹی کا اضطراب اور سونے کی چڑیا

تحریر۔ نسیم شاہد

شیدا ریڑھی والا ابھی بھی ملین ڈالر سوال کر دیتا ہے، جس کا جواب ڈھونڈنے سے نہیں ملتا۔ اُس کی ریڑھی پر جانے کا مطلب یہی ہوتا ہے کہ کسی مشکل صورتِ حال کیلئے تیار رہو۔ آج اس نے یہ پوچھ لیا کہ پاکستان کے سوا کسی اور ملک کے صدرِ مملکت بھی دو تین ہفتوں کیلئے ملک سے باہر قیام کرتے ہیں؟ مجھے پتہ تھا وہ صدر آصف علی زرداری کے لندن قیام اور اُس سے پہلے ویانا کے دورے کی بابت سوال کر رہا ہے۔ میرے جواب کا انتظار کئے بغیر کہنے لگا اگر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ بھی تین ہفتوں کے لئے امریکہ چھوڑ کر لندن آ بیٹھیں تو کیا امریکی نظام یا عوام برداشت کریں گے۔ میں نے کہا شیدے تم جانتے ہو، اوّل تو ہم امریکی نہیں پاکستانی ہیں اور پاکستان کے بارے میں ایک امریکی سینیٹر نے بہت پہلے کہہ دیا تھا کہ پاکستان میں سب کچھ ممکن ہے، سو دنیا میں کوئی صدر باہر لمبے عرصے کیلئے قیام کرتا ہو یا نہ کرتا ہو، پاکستان کا صدر کرتا ہے۔ پاکستان کا صدر ہی کیا، نواز شریف اپنے تیسرے دور میں وزیراعظم ہوتے ہوئے کئی کئی دن ملک سے باہر رہتے تھے اور پاکستانی نظام کی خوبی یہ ہے، ان کے بغیر بھی چلتا رہتا تھا۔ یہ سوال صرف شیدے ریڑھی والے کے ذہن میں نہیں اُبھرا، اکثر لوگ یہی سوچتے اور پوچھتے ہیں کہ پاکستان جیسے غریب اور مقروض ملک کا صدر اگر سرکاری خرچ پر اپنے پورے سٹاف کے ساتھ لندن میں قیام پذیر ہو تو کیا یہ ملک کیلئے خوش آئند بات ہے؟ خیر اس سوال کا جواب کون دے اور کہاں ملے، کوئی نہیں جانتا۔

قصے کہانیاں کچھ اور چل رہی ہیں اور ایک بار پھر لندن پلان کی خبریں زیر گردش ہیں، اس بار پلان کیا بنتا ہے، کس کے خلاف بنتا ہے، کچھ نہیں کہا جا سکتا، ہم پہلے ہی اُس لندن پلان کی وجہ سے مسائل میں گھرے ہوئے ہیں، جو 2022ء میں رجیم چینج کا باعث بنا تھا، اِس بار معاملہ کچھ ٹیڑھا ہے۔ سیاسی جماعتیں دباؤ میں ہیں اور انہیں شاید وہ کچھ کرنے کو کہا جا رہا ہے جو اُن کی ساری سیاسی بساط کو اُلٹا سکتا ہے۔ آصف علی زرداری خود تو لندن جا بیٹھے ہیں، لیکن اُن کی پارٹی ایک خاص محاذ پر بہت متحرک ہو چکی ہے۔ سندھ میں جو کھلبلی مچی ہوئی ہے اُس سے صاف لگ رہا ہے پیپلز پارٹی کو سندھ میں نئے صوبے بننے کی فکر نے آ گھیرا ہے۔ صوبے تو پنجاب میں بھی بننے ہیں لیکن یہاں مسلم لیگ (ن) خاموش بیٹھی ہے، تیل دیکھو تیل کی دھار دیکھو کے نظریے پر کاربند ہے۔ پیپلز پارٹی نے سندھ میں ہلچل پیدا کر کے کوئی کام دکھایا تو مسلم لیگ (ن) بھی پورے لنگر لنگوٹ کے ساتھ میدان میں آ جائے گی۔ اگر کہیں سے اسے سخت پیغام آ جاتا ہے تو مسلم لیگ (ن) بھی چپ سادھ کے بیٹھ جائے گی۔

فی الوقت تو ایسا لگ رہا ہے آصف علی زرداری نے لندن میں بیٹھ کے ایک غیر اعلانیہ تحریک کو لیڈ کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ فی الحال سندھ کے وزیراعلیٰ مراد علی شاہ اور پارٹی قیادت کو سندھ کی تقسیم کے خلاف پوری شدت سے آواز اٹھانے کا کہہ دیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ مراد علی شاہ نے دو دن پہلے بڑا سخت پیغام دیا ہے کہ قومی اسمبلی سندھ کی تقسیم کا فیصلہ نہیں کر سکتی۔ یہ سندھ اسمبلی کا اختیار ہے اور سندھ کسی صورت کوئی نیا صوبہ نہیں بننے دے گا۔ اُن کی اتنی دھواں دار تقریر کے بعد یہ تو واضح ہو چکا ہے، نئے صوبے اور کراچی کو علیحدہ صوبہ بنانے کیلئے کہیں نہ کہیں دباؤ تو موجود ہے۔ اسی دباؤ سے بچنے کیلئے غالباً صدر آصف علی زرداری نے لندن میں قیام کا فیصلہ کیا ہے۔ ایسا لگ رہا ہے سندھ اسمبلی کے ارکان پر بھی اُن دیکھا دباؤ ہے یا اُن پر بالا بالا کام ہو رہا ہے۔ اس کا اندازہ فریال تالپور کی اُس تقریر سے ہوتا ہے جو انہوں نے اسمبلی میں کی۔ انہوں نے ارکان اسمبلی سے کہا وہ قیامت کے دن محترمہ بے نظیر بھٹو کو کیا منہ دکھائیں گے۔ یہ جذباتی کارڈ انہیں استعمال کرنے کی ضرورت کیوں پیش آئی؟ پھر لوگ اس بات کا مضحکہ بھی اڑا رہے ہیں کہ روز قیامت تو اللہ کو منہ دکھانے سے ڈر لگتا ہے، یہ بے نظیر بھٹو کو منہ دکھانے کی بات کہاں سے آ گئی۔ یوں لگتا ہے جیسے اندرون سندھ سے تعلق رکھنے والے پیپلز پارٹی کے ارکان اسمبلی نئے صوبے کے حوالے سے دوسری طرف دیکھنے لگے ہیں۔ پھر کراچی کو علیحدہ صوبہ بنانے، اُس خواہش کو بھی نظرانداز نہیں کیا جا سکتا، مگر قصور صرف ارکان اسمبلی کا کیسے قرار دیا جا سکتا ہے۔ ترقی اگر نہیں ہوئی تو اس کی ذمہ دار سندھ حکومت اور براہِ راست وزیراعلیٰ مراد علی شاہ ہیں، فریال تالپور انہیں کیوں نہیں کہتیں کہ وہ روزِ قیامت بے نظیر بھٹو کو کیا منہ دکھائیں گے۔

غور طلب بات یہ ہے کہ مسلم لیگ (ن) یا پنجاب حکومت نئے صوبوں کے حوالے سے اتنی مضطرب اور متحرک نہیں جتنی پیپلز پارٹی نظر آتی ہے، بلکہ مسلم لیگ (ن) کے وزیر احسن اقبال تو حالیہ ایک تقریر میں یہ بھی کہہ چکے ہیں، ملک میں یکساں ترقی کے لئے کم از کم پندرہ صوبے بننے چاہئیں۔ اب دیکھنا یہ ہے اس حوالے سے ایک زرداری سب پر بھاری ثابت ہوتے ہیں یا پھر کوئی وعدے لے کر وہ بھی ہتھیار ڈال دیتے ہیں۔ جس دن وزیر داخلہ محسن نقوی نے ایک تقریب میں نظام فیل ہونے کی بات ببانگ دہل کی تھی، نقارہ اُسی دن بج گیا تھا۔ جنہوں نے یہ بات کہلوائی تھی انہوں نے طشت از بام کر دی۔ یہ دراصل اُس منصوبے کی نقاب کشائی تھی جو مستقبل کے حوالے سے بنا لیا گیا ہے۔ جب سیاسی قوتیں ہر وہ بات مانتی گئیں جو پارلیمنٹ کو کمزور کرنے کا باعث بن رہی تھیں تو اب کیسے انکار کر سکتی ہیں۔ گیم بڑے دلچسپ مرحلے میں داخل ہو چکی ہے اس میں عمران خان ایک ایسے کردار کے طور پر اُبھرے ہیں، جس کا کوئی شور شرابے والا کردار نہیں؛ البتہ اُس کا ڈراوا دے کر بات منوانے کی حکمت عملی جاری ہے۔ عمران خان کو عدالتوں سے تھوڑا بہت ریلیف بھی ملنے لگا ہے۔ یہ اقتدار موجودہ سیاسی جماعتوں کے لئے خطرے کی گھنٹی ہے۔ جب صرف اقتدار ترجیح ہو تو مصلحتیں آڑے آ جاتی ہیں۔ یہ آصف علی زرداری کی ایک بڑی کمزوری ہے کہ جب حالات اُن کے موافق نہیں ہوتے تو باہر ڈیرا جما لیتے ہیں، لیکن اس بار مقابلہ ذرا سخت ہے، مرسوں مرسوں سندھ نہ ڈیسوں کا نعرہ شاید کارگر نہ ہو۔ کراچی صوبہ بن گیا تو سمجھو پیپلز پارٹی کے ہاتھ سے سونے کی چڑیا نکل گئی۔ اس چڑیا کو اُڑنے سے روکنا اب خاصا مشکل نظر آ رہا ہے۔

☆☆☆☆

برطانیہ میں ٹیپو سلطان کی یادگاریں

تحریر۔ ڈاکٹر سرور حسین

کچھ شخصیات، کچھ کردار، کچھ تخلیقات اور کچھ جملے تاریخ بن جاتے ہیں بلکہ کئی بار تاریخ سے بھی بلند تر ہو جاتے ہیں اور ایسا لگتا ہے کہ تاریخ کتابوں سے نکل کر ہمارے سامنے آ کھڑی ہوئی ہے۔ یہ تاریخ پڑھی نہیں جاتی محسوس کی جاتی ہے اور انسان اسی میں سانس لینے لگتا ہے۔ کتنے ہی جملے ہیں جو آج بھی فکری توانائی عطا کرتے ہیں جنہیں پڑھ کر لگتا ہے کہ ان میں زندگی دھڑک رہی ہے۔ ایسا ہی ایک جملہ "شیر کی ایک دن کی زندگی گیدڑ کی سو سالہ زندگی سے بہتر ہے" ٹیپو سلطانؒ کا ہے جس میں عجیب کشش ہے کہ اسے سن کر بول کر لکھ کر رگوں میں لہو دوڑنے لگتا ہے۔

مجھے دو بار دہلی اور لکھنؤ میں منعقدہ کانفرنسز میں شریک ہونے کا موقع ملا جس کے لئے متعلقہ شہر کا ویزہ ہی دیا گیا تھا۔ بہت خواہش تھی کہ شیر میسور حضرت ٹیپو سلطانؒ کے مرقد پر حاضری دوں کہ انہوں نے انگریز استعماری قوتوں کے خلاف جس جرأت و بہادری اور جوانمردی کا مظاہرہ کیا وہ ہماری تاریخ کے ماتھے کا جھومر ہے۔ مجھے یاد ہے کہ بچپن میں "حیدر علی" فلم دیکھی تھی جس کا کردار محمد علی مرحوم نے خوب نبھایا تھا جس میں اس کے بیٹے ٹیپو سلطان کا بھی کردار تھا جو اسی وقت سے ذہن میں نقش ہو گیا تھا۔

ٹیپو سلطان نے کم عمری میں ہی اپنے والد حیدر علی کے ساتھ انگریزوں کے خلاف جنگی مہمات میں شرکت کرنا شروع کر دی۔ 1782ء میں اپنے والد کی وفات کے بعد وہ میسور کے حکمران بنے۔ پے در پے مختلف جنگوں میں انگریز استعماری قوتوں کے خلاف جنگیں لڑیں اور انہیں نہ تو خریدا جا سکا اور نہ ہی ہتھیار ڈالنے پر مجبور کیا جا سکا۔ سرنگا پٹم کے چار محاصرے ہوئے جن میں انہیں مکمل سرنگوں نہ کیا جا سکا۔ آخرکار اندرونی عناصر کی ملی بھگت سے چوتھے محاصرے میں وہ اپنی ریاست کا دفاع کرتے ہوئے شہید ہو گئے۔

اور اس وقت جب موت آنکھوں کے سامنے دکھائی دے رہی تھی تو انہیں ہتھیار ڈالنے کی شرط پر جان بخشی کی پیشکش کی گئی تو اس موقع پر انہوں نے مزاحمت کا راستہ اپناتے ہوئے ایک ایسا جملہ کہا جو امر ہو گیا کہ "شیر کی ایک دن کی زندگی گیدڑ کی سو سالہ زندگی سے بہتر ہے" اور لڑتے ہوئے جام شہادت نوش کر گئے۔

ان کی بہادری کا رعب دشمن کے ذہنوں پر اس قدر خوف بن کر طاری تھا کہ ان کی شہادت کے بعد بھی بہت دیر تک انگریز فوجی ان کے قریب جانے سے گھبرا رہے تھے کہ پتا نہیں یہ اچانک اُٹھ کھڑے نہ ہوں اور ہمیں جان سے ہاتھ دھونے پڑ جائیں۔ وہ 1782ء سے 1799ء تک میسور کے حکمران رہے۔

برطانیہ میں سفر کے دوران کسی دوست نے سرسری ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ یہاں ایک میوزیم میں ٹیپو سلطان کی زرہ، تلوار اور خنجر موجود ہے۔ جس کا سننا تھا کہ بچپن سے یادوں میں بسے اس شیر میسور کے ذکر نے جیسے پورے وجود میں سرسراہٹ پیدا کر دی۔ احباب سے فوراً وہاں جانے کی خواہش کا اظہار کیا تو گاڑی اس طرف موڑ دی گئی۔ گاڑی کی رفتار اور راستے میں آنے والا ہر ٹریفک سگنل پہاڑ کی مانند لگ رہا تھا اور دل چاہ رہا تھا کہ پلک جھپکنے میں وہاں پہنچنے کی کوئی سبیل بن جائے۔

میوزیم میں داخل ہو کر ان سے منسوب جنگی ہتھیاروں کو دیکھنا ایک ناقابل بیان لمحہ تھا۔ ایک بہادر کے ہاتھ میں لہرانے والی تلوار، سر پر پہنا جانے والا خول، ذاتی استعمال کا خنجر اور دیگر چیزیں خاموشی سے محوِ گفتگو تھیں۔ سامنے اشیاء تھیں، مگر ان اشیا کے پیچھے ایک پورا عہد کھڑا تھا جو کہہ رہا تھا کہ زندگی کی قدر اس کی طوالت سے نہیں اس کے وقار سے ہوتی ہے۔ شکست جسم کی ہو سکتی ہے، کردار کی نہیں۔ سلطنت چھن سکتی ہے، عزم اور حوصلہ نہیں۔ قلعہ گر سکتا ہے، مگر ایک زندہ خیال صدیوں تک قائم رہتا ہے۔

جس شیر کو ٹیپو نے اپنی شخصیت اور سلطنت کی علامت بنایا، اس کے نقش آج بھی برطانوی شاہی عجائب گھروں میں دکھائی دیتے ہیں۔ تاریخ کے بڑے انسان شاید اسی لئے بڑے ہوتے ہیں کہ وہ حالات کے تابع نہیں ہوتے، بلکہ حالات کو چیلنج کرنے کا حوصلہ رکھتے ہیں۔

ٹیپو کا شیر آج بھی لندن میں موجود ہے۔ ایک لکڑی کا قد آدم شیر، جسے ٹیپو کے لئے بنایا گیا تھا، ایک یورپی سپاہی کو دبوچے ہوئے دکھائی دیتا ہے، اس کے اندر ایک ایسا میکانزم بھی ہے جو اسے حرکت اور آواز پیدا کرنے دیتا تھا۔ "وکٹوریہ اینڈ البرٹ" میوزیم اسے ٹیپو کی مشہور اشیاء میں شمار کرتا ہے۔

یہ شیر بھی پیغام دیتا ہے کہ زندگی کا راز اس کے دانتوں میں نہیں، اس کے حوصلے میں ہوتا ہے اور اسی طرح انسان کی عظمت بھی اس بات میں نہیں کہ وہ کتنے برس زندہ رہا، بلکہ اس میں ہے کہ جب تاریخ نے اسے پکارا تو وہ کس وقار کے ساتھ کھڑا ہوا۔ تاریخ ایسے لوگوں سے بھی بھری ہوئی ہے جنہوں نے مزاحمت کے وقت مفاہمت کو اختیار کیا اور وقتی فائدے کو دیرپا وقار پر ترجیح دی اور ایسے لوگ بھی کم نہیں جنہوں نے وقت آنے پر موت کو تو قبول کر لیا لیکن سرنگوں نہیں ہوئے۔

موت تو دونوں کو آ کر رہی، مگر ایک کی اپنے خوف اور لالچ کے ہاتھوں ہوئی اور دوسرے کی موت نے اسے نئی زندگی دے دی جو تاریخ کی زندگی ہے جو وقار کی زندگی ہے جو کردار کی زندگی ہے۔ یہاں احمد ندیم قاسمی کا شعر یاد آ رہا ہے جو شاید ٹیپو سلطان جیسے عظیم اور بہادروں کے لئے ہی سجتا ہے۔

اگر گروں تو کچھ اس طرح سربلند گروں
کہ مار کر میرا دشمن مجھے سلامی دے

میوزیم سے باہر نکلا تو سفید رنگ کے گلاب دیکھ کر چونک گیا جو شاید پیغام دے رہے تھے کہ مسلمانوں میں اکثریت کے خون بھی ان گلابوں کی طرح سفید ہو چکے ہیں۔

☆☆☆☆

کرپشن کیخلاف اعلان ہوگیا، اب بڑی فائلیں کب کھلیں گی؟

تحریر۔ یونس باٹھ

پنجاب میں کرپشن کیخلاف وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا تازہ اعلان محض ایک حکومتی بیان نہیں بلکہ اس پورے نظام کے لیے ایک واضح پیغام ہے جس میں عوام کے ٹیکس کا پیسہ، سرکاری اختیار اور عہدہ کسی ذاتی مفاد کے لیے استعمال کرنے والوں کے لیے اب رعایت کی گنجائش نہیں ہونی چاہیے۔ وزیراعلیٰ نے خصوصی خفیہ سیل قائم کرنے، ہیلپ لائن 1350 فعال کرنے، شکایات پر فوری کارروائی، لوٹی ہوئی رقم کی مکمل ریکوری اور کرپشن میں ملوث افراد کو قانون کے کٹہرے میں لانے کا اعلان کیا ہے۔ سب سے اہم بات یہ ہے کہ اس کارروائی کی ذاتی نگرانی بھی خود وزیراعلیٰ کریں گی۔ یہ فیصلہ یقیناً خوش آئند ہے، مگر اصل امتحان اعلان کے بعد شروع ہوتا ہے۔ پنجاب پولیس سمیت مختلف سرکاری محکموں میں ایسے افسران اور اہلکار موجود ہیں جن کے خلاف ماضی میں کرپشن اور اختیارات سے تجاوز کی شکایات سامنے آئیں، محکمانہ انکوائریاں ہوئیں، بعض کو قصوروار بھی قرار دیا گیا، مگر بعد کی کارروائی میں وہی افسران کسی نہ کسی مرحلے پر دوبارہ کلیئر ہو گئے۔ سوال یہ ہے کہ اگر نئی مہم میں ایسے پرانے معاملات بھی سامنے رکھے جائیں تو کیا ان فائلوں کو دوبارہ کھولا جائے گا؟ کیا سابقہ انکوائریوں کا بھی غیر جانبدارانہ جائزہ ہوگا یا احتساب صرف آج سے شروع ہوگا؟ پنجاب کے مختلف اضلاع میں ایسے پولیس افسران کے بارے میں بھی شکایات اور سوالات اٹھتے رہے ہیں جو متعدد بار معطل ہوئے، ان کے خلاف انکوائریاں ہوئیں، مگر کچھ عرصے بعد وہ دوبارہ اہم عہدوں پر دکھائی دینے لگے۔ اگر وزیراعلیٰ کا فرمان ہے کہ عہدہ، تعلق یا سفارش کسی کو نہیں بچا سکے گی تو پھر اس اصول کا اطلاق ہر سطح پر یکساں ہونا چاہیے۔ یہ بھی دیکھنا ہوگا کہ کسی افسر کی فائل میں موجود سابقہ شکایات، انکوائریاں اور معطلیاں محض کاغذی کارروائی تھیں یا ان سے کوئی سبق بھی حاصل کیا گیا؟ ایک اور اہم سوال خفیہ رپورٹس کا ہے۔ رشوت دینے والا شہری عموماً شکایت کرنے کے بجائے خاموشی اختیار کرتا ہے، مگر سرکاری اداروں کی اپنی خفیہ نگرانی، انٹیلی جنس رپورٹس اور مختلف ذرائع سے ملنے والی معلومات بہت کچھ سامنے لاتی رہتی ہیں۔ اگر متعدد ذرائع کسی افسر یا اہلکار کے بارے میں مسلسل ایک ہی نوعیت کی نشاندہی کر رہے ہوں تو کیا صرف اس لیے کارروائی نہیں ہوگی کہ کوئی شہری باقاعدہ درخواست لے کر سامنے نہیں آیا؟ اور یہاں ایک اور بنیادی سوال پیدا ہوتا ہے: مختلف خفیہ اداروں یا نگرانی کے ذرائع سے آنے والی رپورٹس میں اختلاف ہو تو فیصلہ کس بنیاد پر ہوگا؟ ضرورت اس امر کی ہے کہ خفیہ رپورٹ کو سزا کا واحد ذریعہ نہ بنایا جائے، لیکن اسے نظرانداز بھی نہ کیا جائے۔ شکایت، خفیہ رپورٹ، محکمانہ ریکارڈ اور عملی شواہد کو ملا کر ایک شفاف طریقہ کار بنایا جائے تاکہ نہ کسی بے گناہ افسر کی حق تلفی ہو اور نہ کسی بااثر شخص کو بچنے کا راستہ ملے۔ پولیس میں ایک اور تاثر بھی موجود ہے جسے نظرانداز نہیں کیا جا سکتا کہ بعض اوقات پوسٹنگ اور ٹرانسفرز میں کارکردگی سے زیادہ گروپنگ اثرانداز ہوتی ہے۔ کچھ افسران کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ وہ کسی مخصوص انتظامی دھڑے کے قریب ہیں، جبکہ دوسرے گروپ سے وابستہ سمجھے جانے والے افسران بظاہر میرٹ کے باوجود اہم ذمہ داریوں سے دور رہتے ہیں۔ یہ محض تاثر ہے یا حقیقت، اس کا فیصلہ بھی شفاف احتساب اور میرٹ ہی کر سکتا ہے۔ پولیس میں گروپ نہیں، صرف میرٹ کا گروپ ہونا چاہیے۔ وزیراعلیٰ نے اچھا کام کرنے والوں کے لیے سی ایم میرٹ بیج کا راستہ بھی کھولا ہے۔ یہی اصول پولیس میں بھی پوری قوت سے نافذ ہونا چاہیے۔ جس طرح کرپٹ افسر کو قانون کے کٹہرے میں لانے کا عزم ہے، اسی طرح دیانت دار، بہادر، فرض شناس اور دباؤ کے باوجود میرٹ پر قائم رہنے والے افسران کو بھی نمایاں کرکے ان کی حوصلہ افزائی ہونی چاہیے۔ بعض اوقات ایک ایماندار افسر کی حوصلہ افزائی درجنوں اہلکاروں کو سیدھا راستہ دکھا دیتی ہے۔ وزیراعلیٰ کا یہ کہنا کہ عوام کا پیسہ صرف عوام پر خرچ ہوگا، یقیناً ہر شہری کے دل کی آواز ہے۔ اب عوام یہ دیکھنا چاہیں گے کہ اس اعلان کے بعد صرف چھوٹے اہلکار نہیں بلکہ بڑے عہدوں پر بیٹھے لوگوں کی فائلیں بھی کھلتی ہیں یا نہیں۔ کرپشن کے خلاف جنگ کامیاب اسی وقت ہوگی جب اس کا آغاز نیچے سے اوپر اور اوپر سے نیچے، دونوں سمتوں میں ہو۔ احتساب ایسا ہو جس سے ایماندار کو تحفظ اور بدعنوان کو خوف محسوس ہو۔ اعلان ہو چکا ہے، خفیہ سیل بھی بن گیا، ہیلپ لائن بھی فعال ہے؛ اب پنجاب کے عوام اس سوال کے جواب کے منتظر ہیں کہ پہلی بڑی فائل کب کھلے گی اور پہلی بڑی مثال کب قائم ہوگی؟ یہی وہ مرحلہ ہوگا جب "زیرو ٹالرنس" ایک نعرہ نہیں بلکہ عملی حقیقت بن کر سامنے آئے گی۔

☆☆☆☆

ستمبر 1965ء کی زندہ روح

تحریر۔ محمد محسن اقبال

کچھ فتوحات ایسی ہوتی ہیں جو توپوں کی گھن گرج تھمنے کے ساتھ ہی اختتام پذیر ہو جاتی ہیں، جبکہ کچھ کامیابیاں ایسی ہوتی ہیں جو میدان جنگ کے دھندلا جانے کے بعد بھی قوم کے شعور، کردار اور ضمیر کو برسوں تک روشن رکھتی ہیں۔ ستمبر 1965ء کی فتح کا شمار بلاشبہ دوسری قسم کی فتوحات میں ہوتا ہے۔ یہ محض ایک عسکری معرکہ نہ تھا، بلکہ وہ تاریخی لمحہ تھا جب پاکستان نے اپنے اندر پوشیدہ عزم و حوصلے کی گہرائی کو پہچانا۔ اس موقع پر ایمان نے جرأت کا روپ دھارا، جرأت نے قربانی کا راستہ اختیار کیا اور قربانی نے قوم اور وطن کے درمیان ایسا اٹوٹ رشتہ قائم کر دیا جسے وقت کی کوئی گردش کمزور نہ کر سکی۔ تاریخ بارہا یہ حقیقت آشکار کر چکی ہے کہ مادی برتری وقتی اور جنگی میدان میں حکمت عملی کا فائدہ تو دے سکتی ہے، مگر بالآخر فیصلہ اکثر اخلاقی قوت، منظم قیادت، نظم و ضبط اور قومی اتحاد ہی کرتے ہیں۔ 6 ستمبر 1965ء کو بھارت نے اس یقین کے ساتھ ایک بڑا حملہ شروع کیا کہ اسے افرادی قوت اور جنگی ساز و سامان میں نمایاں برتری حاصل ہے۔ پاکستان کو ایک نہایت کٹھن چیلنج درپیش تھا، مگر قوم کا ردعمل فوری بھی تھا اور اجتماعی بھی۔ سرحدوں پر افواج پاکستان سینہ سپر تھیں اور ان کے پیچھے پورا پاکستان کھڑا تھا۔ لاہور کی گلیوں سے لیکر دور افتادہ دیہات تک یوں محسوس ہوتا تھا جیسے ایک ہی دل دھڑک رہا ہو۔

وطن کا دفاع اب صرف سپاہ کا فریضہ نہیں رہا تھا؛ یہ پوری قوم کی ذمہ داری بن چکا تھا۔ اس دور نے ایسے عظیم سپوتوں کو جنم دیا جن کے نام آج بھی قومی حافظے میں چراغوں کی مانند روشن ہیں۔ فضاؤں میں اسکواڈرن لیڈر محمد محمود عالم نے اپنی بے مثال پیشہ ورانہ مہارت اور شجاعت کی داستان رقم کی، پانیوں پر آپریشن دوارکا میں بابر، خیبر، بدر، جہانگیر، عالمگیر، شاہ جہان اور ٹیپو سلطان نے دھاک بٹھائی جبکہ بری کے محاذ پر میجر راجا عزیز بھٹی شہید نے فرض کی ادائیگی میں اپنی جان نچھاور کر کے تاریخ میں امر مقام حاصل کیا۔ ان عظیم شخصیات کی داستانیں محض عسکری کمال کی روایات نہیں، بلکہ ہمیں یہ یاد دلاتی ہیں کہ قومیں اپنی تاریک ترین گھڑیوں سے اس وقت سرخرو ہو کر نکلتی ہیں جب ان کے افراد اپنی ذات سے بلند ہو کر فرض کو ترجیح دیتے ہیں، لیکن ستمبر 1965ء کا اصل ہیرو کسی ایک فرد کا نام نہیں تھا؛ اصل ہیرو پوری قوم تھی۔

سیاسی، سماجی اور معاشی اختلافات ایک بڑے قومی نصب العین کے سامنے عارضی طور پر پس منظر میں چلے گئے تھے۔ اس وقت ایک ہی شناخت سب سے مقدم تھی: پاکستانی۔ مساجد سے دعاؤں کی صدائیں بلند ہوئیں، گھروں میں فوج کیلئے دعائیں کی گئیں، خاندانوں نے سپاہ کے حوصلے بڑھائے اور عام شہریوں نے غیر یقینی اور خوف کے باوجود غیر معمولی عزم و سکون کا مظاہرہ کیا۔ یہی قومی یکجہتی کسی ایک معرکے یا محاذ سے بڑھ کر ستمبر 1965ء کی سب سے بڑی فتح تھی۔ چھ دہائیوں سے زیادہ عرصہ گزر جانے کے باوجود اس دور کا سبق اپنی تازگی نہیں کھویا، بلکہ بدلتی ہوئی دنیا نے اسے مزید اہم اور ناگزیر بنا دیا ہے۔ آج کا میدانِ جنگ صرف پہاڑوں، صحراؤں اور سرحدوں تک محدود نہیں رہا۔ اب اس کی وسعت سائبر اسپیس، مالیاتی نظام، سوشل میڈیا، تحقیقی مراکز اور اطلاعاتی دنیا تک پھیل چکی ہے۔ دشمنی کا آغاز اب لازماً کسی میزائل سے نہیں ہوتا؛ ایک جھوٹی خبر، گمراہ کن بیانیہ، سائبر حملہ یا مسلسل معاشی دباؤ بھی کسی تصادم کا نقطہ آغاز بن سکتا ہے۔ آج کا مقصد ہمیشہ سرزمین پر قبضہ کرنا نہیں ہوتا؛ کبھی مقصد قوم کے اعتماد کو متزلزل کرنا، معاشرے کو تقسیم کرنا، اداروں کو مفلوج کرنا یا لوگوں کے دلوں میں اپنے ہی وطن کے بارے میں شک پیدا کرنا ہوتا ہے۔ آنے والے زمانے کے معرکے اس لئے جغرافیائی سرحدوں کے ساتھ ساتھ انسانی ذہن اور قومی شعور کے اندر بھی لڑے جائیں گے۔ پاکستان کو اس تبدیلی کو سمجھنا ہوگا، مگر 1965ء میں اسے مضبوط بنانے والی روح کو فراموش کیے بغیر۔ آنے والے کل کا سپاہی سائنس دان کا محتاج ہوگا، عسکری منصوبہ ساز کو ٹیکنالوجی کے ماہر کی ضرورت ہوگی اور سفارتکار کی کامیابی کا انحصار ماہر معیشت کی بصیرت پر ہوگا۔ قومی سلامتی اب جامعات، صنعتوں، اداروں اور عام شہریوں کی اجتماعی قوت سے الگ نہیں کی جا سکتی۔ اسی لئے حب الوطنی کے مفہوم کو بھی وسیع کرنا ہوگا۔ آج پاکستان سے محبت صرف پرچم لہرانے یا کسی جنگ کی یاد منانے کا نام نہیں۔ پاکستان سے محبت یہ بھی ہے کہ ہم ایک بچے کو معیاری تعلیم دیں، نئی ٹیکنالوجی ایجاد کریں، روزگار کے مواقع پیدا کریں، دیانت داری سے ٹیکس ادا کریں، سرکاری املاک کی حفاظت کریں، سچ کا ساتھ دیں، جمہوری اداروں کو مضبوط کریں اور خود کو نفرت و تقسیم کا ذریعہ بننے سے محفوظ رکھیں۔

سرحد پر کھڑا سپاہی اور مصنوعی ذہانت کے میدان میں تحقیق کرنے والا سائنسدان، بظاہر دو مختلف محاذوں پر سرگرم ہیں، مگر دونوں دراصل ایک ہی خودمختاری کی حفاظت کر رہے ہیں۔ کسان جو قوم کیلئے خوراک محفوظ بناتا ہے، انجینئر جو بنیادی ڈھانچہ تعمیر کرتا ہے، استاد جو نئی نسل کے ذہن تشکیل دیتا ہے، کاروباری شخص جو مواقع پیدا کرتا ہے، صحافی جو جھوٹ کے مقابلے میں سچ کا علم بلند رکھتا ہے اور پارلیمنٹیرین جو آئینی اقدار کی پاسداری کو مضبوط بناتا ہے۔ یہ سب ریاست کی قوت اور استحکام میں اپنا حصہ ڈالتے ہیں۔ اب قومی سلامتی اور قومی ترقی ایک دوسرے سے جدا نہیں رہیں، جو ملک معاشی طور پر کمزور، ٹیکنالوجی میں دوسروں کا محتاج اور ادارہ جاتی تقسیم کا شکار ہو، وہ جدید ترین ہتھیار رکھنے کے باوجود کمزور ثابت ہو سکتا ہے۔ اکیسویں صدی میں علمی و فکری سرمایہ شاید اتنا ہی فیصلہ کن ثابت ہو جتنا بیسویں صدی میں عسکری ساز و سامان تھا۔

مئی 2025ء کے واقعات نے بھی ایک بار پھر یہ واضح کیا کہ تزویراتی بیداری اور قومی تیاری ناگزیر ہیں۔ انہوں نے خطے کو یاد دلایا کہ جنوبی ایشیا آج بھی سنگین سلامتی کے حساس معاملات سے دوچار ہے اور اس ماحول میں تیاری، بازڈیٹرنس اور ذمہ دارانہ فیصلہ سازی کو ایک ساتھ آگے بڑھانا ہوگا۔ پاکستان کی امن کی خواہش کو بھی کمزوری نہ سمجھا جائے۔ پائیدار امن عزت، خودمختاری، باہمی احترام اور اپنے دفاع کی قابل اعتماد صلاحیت ہی کی بنیاد پر قائم ہوتا ہے، لیکن ایک اور محاذ بھی ہے جس پر ہمیں مسلسل نگاہ رکھنا ہوگی: اندرونی انتشار کیخلاف جنگ۔ قومیں صرف بیرونی دشمنوں سے کمزور نہیں ہوتیں؛ اکثر انہیں اندر سے اس وقت نقصان پہنچتا ہے جب سیاسی اختلاف نفرت میں بدل جائے، اختلافِ رائے عدم برداشت کا روپ دھار لے اور ادارہ جاتی اختلاف تصادم تک جا پہنچے۔ منقسم معاشرہ خود ایسے راستے کھول دیتا ہے جنہیں کوئی بیرونی طاقت الگ سے بنانے کی ضرورت محسوس نہیں کرتی۔ جمہوریت کا حسن مضبوط مکالمے اور جائز سیاسی مسابقت میں ہے۔ اداروں کے نقطہ نظر مختلف ہو سکتے ہیں، مگر آئینی نظام اور قومی مفاد ہر فرد، ہر جماعت اور ہر عارضی سیاسی کامیابی سے بالاتر رہنا چاہئے۔ قوم کی قوت کسی ایک ادارے کی بالادستی میں نہیں بلکہ اداروں کے باہمی احترام اور ہم آہنگی میں پوشیدہ ہے۔ یہی ستمبر کی روح کی مطلوبہ تبدیلی ہے: جنگی اتحاد سے پُرامن تیاری تک کا سفر۔ آج تیاری کا مطلب اہم قومی تنصیبات اور بنیادی ڈھانچے کا تحفظ، سائبر دنیا کا دفاع، جھوٹے بیانیوں اور گمراہ کن اطلاعات کا مقابلہ، قدرتی آفات سے نمٹنے کی صلاحیت میں اضافہ، پانی اور خوراک کے وسائل کا تحفظ، ٹیکنالوجی میں خود انحصاری اور معاشی استحکام پیدا کرنا ہے۔ مگر ان سب سے بڑھ کر ضروری ہے کہ ہم اپنی نوجوان نسل کو مستقبل کے چیلنجز کیلئے تیار کریں۔

1965ء کو اپنی آنکھوں سے دیکھنے والی نسل اب تاریخ کا حصہ بنتی جا رہی ہے۔ ان کے بچے اور پوتے پوتیاں اب اس امانت کے امین ہیں۔ وہ ایک ایسے ڈیجیٹل عہد میں پروان چڑھ رہے ہیں جہاں آنے والے کل کا میدانِ جنگ کسی تجربہ گاہ، جامعہ، ٹیکنالوجی کمپنی، نیوز روم یا مذاکرات کی میز پر بھی ہو سکتا ہے۔ ممکن ہے انہیں کبھی جنگی طیاروں کی گھن گرج سنائی نہ دے، لیکن ان کے فیصلے یہ ضرور طے کریں گے کہ پاکستان محفوظ، خوشحال اور خودمختار رہے گا یا نہیں۔ انہیں صرف اپنے قومی ہیروز کے نام ورثے میں نہیں لینے چاہئیں، بلکہ وہ اقدار بھی اپنانا ہوں گی جنہوں نے ان ناموں کو لازوال بنایا۔ راجا عزیز بھٹی شہید انہیں فرض شناسی کا سبق دیں۔ محمد محمود عالم انہیں اعلیٰ کارکردگی اور پیشہ ورانہ مہارت کی علامت دکھائی دیں۔

1965ء کے شہداء اور غازی انہیں یہ احساس دلائیں کہ قوم کی اصل طاقت اس بات میں مضمر ہے کہ اس کا ہر فرد اپنے حصے کا چراغ کتنی دیانت اور ذمہ داری سے روشن کرتا ہے۔ یاد صرف یادگاروں، تقریبات اور تقاریر کا نام نہیں۔ یاد کو ذمہ داری بننا ہوگا، اور قربانی کو ترقی میں ڈھلنا ہوگا۔ شہداء کو بہترین خراج عقیدت کوئی نئی تقریب یا رسمی تقریر نہیں، بلکہ وہ پاکستان تعمیر کرنا ہے جس کے لئے انہوں نے اپنی جانیں قربان کیں۔ ایسا پاکستان جو غرور کے بغیر بااعتماد ہو، جارحیت کے بغیر بیدار ہو، غیر ذمہ داری کے بغیر طاقتور ہو، عدم برداشت کے بغیر محب وطن ہو، اپنی اخلاقی بنیادوں سے دستبردار ہوئے بغیر جدید ہو، اور اتنا مضبوط ہو کہ اپنا دفاع کر سکے مگر اتنا دانا بھی ہو کہ امن کا راستہ اختیار کرنا جانتا ہو۔ ہتھیار بدل گئے، میدان جنگ بدل گئے، طاقت کے پیمانے بدل گئے، مگر ایمان، جرأت، نظم و ضبط، قربانی اور اتحاد آج بھی وہی ہیں۔ 6 ستمبر محض کیلنڈر پر درج ایک تاریخ نہیں بننا چاہئے۔ اسے ہر نسل کے سامنے ایک زندہ سوال بن کر کھڑا ہونا چاہئے۔

☆☆☆☆

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان ڈیری فارمز کو کوئٹہ شہر سے منتقل کرنے کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

پنجگور کو سمر زون میں شامل کرنے سے گریز کیا جائے، وطن ٹیچرز

موسمی حالات میں بچوں کے بیمار ہونے اور تعلیم کا سلسلہ بھی متاثر ہونے کا خدشہ ہے

پنجگور (این این آئی) وطن ٹیچرز ایسوسی ایشن، آل بلوچستان پروگریسیو پرائیویٹ سکول ایسوسی ایشن پنجگور اور ایس ایس ٹی فورم پنجگور نے مشترکہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے پنجگور کو سمر زون میں شامل کرنے کی فیصلے کو مکمل طور پر مسترد کرتے ہوئے کہا کہ پنجگور کا موسم بلوچستان کے دیگر اضلاع سے بالکل مختلف ہے اور سردیوں میں جب شمالی ہوائیں چلنا شروع ہو جاتی ہیں تو یہاں کی سردی میں بہت شدت آتی ہے اور درجہ حرارت کم ہونے سے پانی جم جانے کی وجہ سے نظام زندگی شدید متاثر ہوتی ہے. شدید سردی میں زندگی کے ہر مکتبہ فکر کے لوگ اور ہر پیشہ سے وابستہ افراد شدید مشکلات کا شکار ہو جائے ہیں اور سب سے زیادہ متاثر جو ایک طبقہ ہوتی ہے اور پورے ضلع کے تعلیمی ادارے اور ان میں زیر تعلیم بچے۔ تعلیمی اداروں میں مناسب ہیٹنگ سسٹم کی عدم دستیابی اور دیگر زرائع نہ ہونے کی وجہ سے سکول کے بچے شدید متاثر ہونگے بلکہ اُن کی صحت پر بھی منفی اثرات مرتب ہونگے اور وہ مختلف بیماریوں کا شکار بن جاتے ہیں. انہوں نے کہا کہ انگریزوں کے زمانے سے لے کر آج تک یہاں کی موسمی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے سکولوں کی چھٹیاں سردی میں رکھی گئی ہیں اور یہ فیصلہ بچوں کی بہتر صحت اور تعلیم کی تحفظ کیلئے کیا گیا تھا. لیکن افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ حکام بالا کی طرف سے زمینی حقائق کو نظرانداز کر کے اس پالیسی کو تبدیل کر کے سردی کی چھٹیاں گرمی میں منتقل کرنے کی نوٹیفکیشن جاری کیا گیا ہے جو پنجگور کے بچوں اور والدین کے ساتھ سراسر ناانصافی ہے. انہوں نے کہا کہ گرمیوں میں موسم یہاں قابل برداشت ہے اور گرمی کا موسم درس و تدریس کیلئے سازگار ہوتا ہے اور اصل مسئلہ سردیوں میں ہے کہ ہمارے معصوم بچے ٹھٹھرتی سردی میں صبح سویرے سکول جاتے ہیں۔

کنٹریکٹ فیز 1 کے اساتذہ کی تنخواہیں فوری ریلیز کی جائیں۔جی ٹی اے ژوب

ژوب (آن لائن) گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن ژوب کے سابق ضلعی صدر و سربراہ اساتذہ اتحاد پینل جی ٹی اے ژوب فتح خان مندوخیل اور ساتھیوں نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ کنٹریکٹ فیز 1 کے اساتذہ گزشتہ 3 ماہ سے اپنے تنخواہوں سے محروم ہیں اساتذہ کے ہزاروں خاندان فاقہ کشی پر مجبور ہیں تمام پراسس مکمل ہونے کے باوجود اساتذہ کی تنخواہیں جاری نہ کرنا سمجھ سے بالاتر ہے حکام بالا خاص کر وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے اپیل کرتے ہیں کہ غریب خاندانوں کی فاقہ کشی کو مدنظر رکھ کر اساتذہ کی تنخواہیں ریلیز کی جائیں اگر کسی ضلع میں شاذ و نادر پراسس میں کوئی کمی بیشی ہو تو وہ ساتھ ساتھ مکمل کیا جائے۔

حضرت محمد ﷺ کے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا' مولوی محمد سرور

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے زیر اہتمام ایک بڑی ریلی نکالی گئی

ژوب (آن لائن) عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے زیر اہتمام ایک بڑی ریلی نکالی گئی، جس میں علماء کرام، سیاسی و سماجی رہنماؤں، ٹرانسپورٹرز اور شہریوں نے شرکت کی ریلی مرکزی جامع مسجد سے شروع ہوئی اور شہر کی مختلف شاہراہوں سے ہوتی ہوئی ختم نبوت چوک پہنچی، جہاں ریلی نے جلسہ عام کی شکل اختیار کرلی۔ جلسہ عام کی صدارت عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مبلغ عطاء اللہ نے کی جلسہ عام سے مبلغ عطاء اللہ ضلعی امیر مولانا آدم خان لعون، پشتونخوا میپ کے صدر جمال خان، عوامی نیشنل پارٹی کے رہنما انور مندوخیل، ٹرانسپورٹ یونین کے ڈویژنل صدر عبدالجبار کاکڑ، پیر عبدالتکبیر، جمعیت علماء اسلام کے ضلعی امیر مولوی محمد سرور کاکڑ سمیت دیگر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے عقیدہ ختم نبوت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ اللہ تعالیٰ کے آخری نبی اور رسول ہیں اور ختم نبوت پر ایمان اسلام کے بنیادی عقائد میں شامل ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہر مسلمان کے لیے عقیدہ ختم نبوت پر ایمان رکھنا بنیادی دینی فریضہ ہے۔ مقررین نے کہا کہ مسلمانوں کا عقیدہ ہے کہ حضرت محمد ﷺ کے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا اور ختم نبوت کا عقیدہ قرآن و سنت کی روشنی میں واضح اور قطعی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ کے لیے علماء کرام اور مسلمان ہمیشہ اپنا کردار ادا کرتے رہے ہیں

پاک ایران سرحد پر واقع چیدگی بارڈر مارکیٹ کا باضابطہ افتتاح دیا گیا

پنجگور (این این آئی) پنجگور میں چیدگی بارڈر مارکیٹ سے بلوچستان کے عوام کے لیے قانونی روزگار کے مواقع پیدا کرنے کی کاوشیں جاری ہیں۔ اسی سلسلے میں آئی جی ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) میجر جنرل بلال سرفراز خان کی سربراہی میں پاک-ایران سرحد پر واقع چیدگی بارڈر مارکیٹ کا باضابطہ افتتاح کر دیا گیا حکام کے مطابق یہ مارکیٹ سرحد کے قریب آباد عوام کے لیے روزگار اور کاروبار کے نئے مواقع فراہم کرے گی، اور علاقے میں معاشی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا اس اقدام سے پاک-ایران برادرانہ تجارتی تعلقات میں مزید بہتری آئے گی۔

نصیرآباد' محکمہ صحت کی خالی آسامیوں کو پر کرنے کے لیے انٹرویوز

28 خالی آسامیوں کے لیے 34 سے زائد ڈاکٹرز نے انٹرویوز میں حصہ لیا

نصیرآباد (خ ن) نصیرآباد ڈویژن میں محکمہ صحت کی خالی آسامیوں کو پر کرنے کے لیے ڈویژنل ہیلتھ کمیٹی کے چیئرمین و کمشنر نصیرآباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی کی سربراہی میں میڈیکل آفیسران کے انٹرویوز لیے گئے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کے احکامات کی روشنی میں پہلے مرحلے میں نصیرآباد ڈویژن کی 28 خالی آسامیوں کے لیے 34 سے زائد ڈاکٹرز نے انٹرویوز میں حصہ لیا۔ ڈویژنل ہیلتھ کمیٹی کے اراکین نے امیدواروں کے تعلیمی و دیگر ضروری کاغذات کی جانچ پڑتال کی اور ان سے مختلف سوالات بھی کیے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نصیرآباد وریندر لعل، ڈویژنل ڈائریکٹر ہیلتھ داؤد خان کاسی ایم ایس ڈاکٹر حبیب پندرانی سمیت کمیٹی کے دیگر اراکین بھی موجود تھے۔ کمشنر نصیرآباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی نے کہا کہ حکومت بلوچستان صحت کے شعبے کو مزید تقویت دینے اور عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔

عوام مہنگائی بے روزگاری اور غربت کے عذاب میں مبتلا ہیں' جمعیت کوئٹہ

عوام کو مزید آزمائش میں ڈالنے کے بجائے حکومت اپنی پالیسیوں پر نظرثانی کرے

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ عوام پر معاشی ظلم ہے حکومت غریب دشمن پالیسیوں سے باز آئے حکمران ٹولہ بڑی چالاکی سے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ کر کے عوام کی جیبوں پر ڈاکا ڈال رہی ہے، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، مولانا محب اللہ، مولانا محمد ایوب، شیخ مولانا عبدالاحد محمد حسنی، مولانا سعید احمد، حافظ سراج الدین، مفتی محمد روزی خان بادیزئی، مولانا محمد شعیب جدون، رحیم الدین ایڈووکیٹ اور مولانا محمد عارف شمشیر نے کہا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں آئے روز اضافہ حکومت کی عوام دشمن معاشی پالیسیوں کا واضح ثبوت ہے۔ مہنگائی اور معاشی مشکلات سے دوچار عوام پر پٹرولیم قیمتوں میں اضافے کا ایک اور بوجھ ڈال کر حکمرانوں نے غریب اور متوسط طبقے کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک جانب حکومت بڑی چالاکی سے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ کر کے عوام کی جیبوں پر ڈاکا ڈال رہی ہے دوسری جانب حکومتی سطح پر عوام کو ریلیف دینے کے بلند و بانگ دعوے کیے جاتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ عام آدمی مہنگائی کے ہاتھوں پہلے ہی شدید پریشان ہے اور اب پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے نے اس کی رہی سہی معاشی سکت بھی ختم کر دی ہے۔ رہنماؤں نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں معمولی اضافہ بھی معیشت کے ہر شعبے کو متاثر کرتا ہے۔ ٹرانسپورٹ کے کرایوں سے لے کر اشیائے ضروریہ کی قیمتوں تک ہر چیز مہنگی ہو جاتی ہے جس کا براہ راست بوجھ غریب عوام کو برداشت کرنا پڑتا ہے۔ آٹا، گھی، سبزیاں اور دیگر بنیادی اشیائے خورونوش کی قیمتیں عام آدمی کی دسترس سے مسلسل باہر ہوتی جا رہی ہیں محدود آمدنی رکھنے والے خاندان اپنے بچوں کی تعلیم، علاج معالجے اور روزمرہ ضروریات پوری کرنے میں بھی مشکلات کا شکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکمرانوں کو عوام کی مشکلات کا احساس ہوتا تو پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے کے بجائے غریب عوام کو ریلیف دینے مہنگائی پر قابو پانے اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے لیے عملی اقدامات کیے جاتے۔

گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل کے ساتھ ڈاک ٹکٹ اکٹھا کرنے والے طلباء کا گروپ فوٹو

شہید الحاج شوکت حسین کی انیسویں برسی عقیدت و احترام سے منائی گئی

کوئٹہ (آن لائن) شہید الحاج شوکت حسین کی انیسویں برسی گزشتہ روز عقیدت و احترام کے ساتھ منائی گئی۔ اس موقع پر مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کے لیے قرآن خوانی اور فاتحہ خوانی کا اہتمام کیا گیا، جبکہ اہل خانہ، عزیز و اقارب اور دوست احباب نے شہید الحاج شوکت حسین کی خدمات اور قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ برسی کی تقریب میں شرکا نے شہید الحاج شوکت حسین کی زندگی، سماجی و عوامی خدمات اور اپنے حلقہ احباب میں ان کے کردار کو یاد کرتے ہوئے کہا کہ مرحوم ایک مخلص، باکردار اور ملنسار شخصیت کے مالک تھے۔

جناح ٹاؤن اور شہباز ٹاؤن میں تجاوزات کے خلاف کارروائی

ریڑھیوں اور تجاوزات کو ہٹاتے ہوئے راستوں کو کلیئر کر دیا گیا

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ منیر احمد کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر بروری کاشف امر نے شہریوں کی شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے جناح ٹاؤن اور شہباز ٹاؤن میں سڑکوں پر قائم ریڑھی بانوں اور تجاوزات کے خلاف کارروائی کی۔ کارروائی کے دوران سڑکوں اور عوامی راستوں پر قائم ریڑھیوں اور تجاوزات کو ہٹاتے ہوئے راستوں کو کلیئر کر دیا گیا، جو شہریوں کی آمدورفت اور ٹریفک کی روانی میں رکاوٹ کا باعث بن رہی تھیں۔ اس موقع پر تجاوزات قائم کرنے والوں کو سڑکوں اور عوامی راستوں پر دوبارہ تجاوزات قائم نہ کرنے کی ہدایت اور وارننگ دی گئی۔ تاہم وارننگ کے باوجود خلاف ورزی جاری رکھنے پر 2 افراد کو گرفتار کر لیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر بروری کاشف امر نے کہا کہ شہریوں کی شکایات کے ازالے اور عوامی سہولت کو یقینی بنانے کے لیے تجاوزات کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی، جبکہ دوبارہ تجاوزات قائم کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

خضدار میں بھرپور کریک ڈاؤن' 10 جعلی کلینکس سیل

غیر قانونی طبی سرگرمیوں کے خاتمے کے لیے کارروائیاں جاری

خضدار (آن لائن) ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی کی ہدایات پر محکمہ صحت نے جعلی ڈاکٹروں، عطائی معالجین، غیر رجسٹرڈ کلینکس اور غیر قانونی ادویات کے خلاف خضدار سٹی اور مضافاتی علاقوں میں بھرپور کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 10 جعلی کلینکس سیل کر دیے۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عبدالحمید لہڑی کی قیادت میں محکمہ صحت کی خصوصی ٹیم نے اسسٹنٹ کمشنر نال عبداللہ مینگل اور ڈرگ انسپکٹر عبدالرشید مینگل کے ہمراہ کٹھان، کوشک کا نک اور خضدار سٹی کے مختلف علاقوں میں متعدد نجی کلینکس اور طبی مراکز کا اچانک معائنہ کیا۔ کارروائی کے دوران قواعد و ضوابط کی خلاف ورزی کرنے والے 10 کلینکس کو موقع پر سیل کر دیا گیا، جبکہ مختلف طبی مراکز میں موجود ادویات، رجسٹریشن، طبی سہولیات اور دیگر قانونی و معیاری تقاضوں کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عبدالحمید لہڑی نے کہا کہ عوام کی صحت اور زندگی سے کھیلنے والے عناصر کے ساتھ کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ جعلی ڈاکٹروں، عطائی معالجین، غیر رجسٹرڈ کلینکس اور غیر قانونی ادویات کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ مزید تیز کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ صحت کی اولین ترجیح عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی اور صحت عامہ کا تحفظ ہے، ضلع بھر میں غیر قانونی طبی سرگرمیوں کے خاتمے کے لیے بلاامتیاز کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔ محکمہ صحت کے مطابق ضلع خضدار کے مختلف علاقوں میں غیر قانونی کلینکس، عطائی ڈاکٹروں اور غیر معیاری ادویات کے خلاف مزید کارروائیوں کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

تھانہ سٹی ہرنائی کی حدود میں پولیس کی جانب سے خصوصی گشت

ہرنائی (خ ن) ایس پی ہرنائی انجینئر عبدالحفیظ جکھرانی کی خصوصی ہدایات پر ضلع میں امن و امان کی قیام اور سیکیورٹی صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے تھانہ سٹی ہرنائی کی حدود میں پولیس کی جانب سے خصوصی گشت (Patrolling Special) کیا گیا اور اہم حساس مقامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا موجودہ حالات کے پیش نظر شہر کے مختلف اہم پوائنٹس، اہم شاہراہوں اور قومی و سرکاری تنصیبات پر پولیس کی نفری تعینات کر کے گشت کے نظام کو مزید سخت کر دیا گیا ہے۔ گشت کے دوران سیکیورٹی کے تمام تر انتظامات کا جائزہ لیا گیا جو مکمل اور مطمئن پائے گئے۔ ترجمان پولیس کے مطابق گشت کے دوران علاقے بھر میں مجموعی صورتحال مکمل طور پر پرامن رہی

قتل و غارت کر کے صوبے کو غیر مستحکم کیا جا رہا ہے' عبدالشکور مری

ہم نے ہمیشہ ملک کی سلامتی کو نقصان پہنچنے والے بیانات سے اجتناب برتا ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات عبدالشکور مری نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی جانب سے بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے حوالے سے بیان پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس بیان سے ملک کی سلامتی اور یکجہتی کو خطرات لاحق ہوں گے ہماری جماعت کے قائد سابق وزیراعظم چوہدری شجاعت حسین نے ہمیشہ فیڈریشن اور ملک کی یکجہتی، اتحاد کی بات کی ہے کسی سیاسی مقصد کے لئے اس طرح کا بیان دینا موجودہ حالات کے ساتھ ساتھ قطعی طور پر درست عمل نہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے وہ کم ہے اپنے جاری کردہ بیان میں انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ نے ہمیشہ ملک کے اتحاد، سلامتی اور تمام ملک میں بسنے والی قومیتوں اور صوبائی اکائیوں کی یکجہتی کی بات کی ہے، ہم نے ہمیشہ ملک کی سلامتی کو نقصان پہنچنے والے اقدامات، بیانات سے ہمیشہ اجتناب برتا ہے۔

رکھنی' جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری

رکھنی (خ ن) DIG کوہ سلیمان رینج ایاز احمد بلوچ اور SP بارکھان عبدالحق رئیس کی خصوصی ہدایات پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ اسی سلسلے میں DSP سرکل رکھنی عبدالجبار مینگل کی نگرانی میں SHO پولیس تھانہ چہ سمیع اللہ کھیتران نے پولیس پارٹی کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے مقدمہ فرد نمبر 39/019 بجرم دفعات 392، 337-H2، 147، 148 اور 149 ت پ میں مطلوب مفرور ملزم سلیم جان ولد ہزار خان عرف کپتان، قوم گورچانی، سکنہ چتری، ضلع راجن پور پنجاب کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے، جبکہ قانونی کارروائی مکمل کرنے کے بعد ملزم کو عدالت میں پیش کیا جائے گا۔

خواتین کو ہنر سے آراستہ کرنا ضروری ہے' فرزانہ سحر

ویمن اسکلز حب کے مختلف شعبہ جات کا تفصیلی معائنہ کیا

خضدار (آن لائن) معروف سوشل ایکٹیوسٹ چیئرپرسن الفواد فاؤنڈیشن میڈم فرزانہ سحر جاموٹ کا دورہ آرگنائزیشن فار سوشل ڈویلپمنٹ بلوچستان ویمن اسکلز حب خضدار میں الفواد فاؤنڈیشن کی چیئرپرسن وسی ای او اور سحر اسکلز ڈویلپمنٹ انسٹیٹیوٹ کی سربراہ میڈم فرزانہ سحر جاموٹ نے آرگنائزیشن فار سوشل ڈویلپمنٹ بلوچستان ویمن اسکلز حب کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے گودی یاسمین زہری سے خصوصی ملاقات کی اور خواتین کو ہنرمند بنانے، فنی تربیت، تعلیم اور معاشی خودمختاری کے حوالے سے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا۔ دورے کے دوران میڈم فرزانہ سحر جاموٹ نے ویمن اسکلز حب کے مختلف شعبہ جات کا تفصیلی معائنہ کیا اور وہاں خواتین کو فراہم کی جانے والی تربیتی سہولیات، مختلف ہنر سیکھنے کے پروگرامز اور جاری سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے خواتین کی فنی و عملی تربیت کے لیے کی جانے والی کوششوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ خواتین کو ہنر سے آراستہ کرنا انہیں بااختیار بنانے اور معاشرے کی ترقی میں مؤثر کردار ادا کرنے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ ملاقات کے دوران مستقبل میں خواتین کی ترقی، اسکلز ڈویلپمنٹ اور باہمی تعاون کے ذریعے مزید مؤثر اقدامات اٹھانے کے عزم کا بھی اظہار کیا گیا۔

لیبر یونین بلوچستان کی نومنتخب صوبائی کابینہ کو دلی مبارکباد

اوستہ محمد (این این آئی) بلوچستان لیبر فیڈریشن ضلع اوستہ محمد کے صدر محمد پناہ چانڈیو، جنرل سیکرٹری ممتاز علی کلاچی، چیئرمین سید بچل شاہ، پبلک ہیلتھ لیبر یونین ضلع اوستہ محمد کے صدر غلام عباس جمالی، جنرل سیکرٹری غلام مصطفیٰ ارائیں، چیئرمین عبدالخالق لہڑی اور دیگر عہدیداران نے اپنے مشترکہ اخباری بیان میں پبلک ہیلتھ لیبر یونین بلوچستان کی نومنتخب صوبائی کابینہ کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نومنتخب صوبائی صدر اختر محمد، جنرل سیکرٹری باز محمد لانگو اور دیگر کابینہ کے عہدیداران کو ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد دیتے ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ نومنتخب کابینہ بلوچستان بھر میں پبلک ہیلتھ لیبر یونین کے ملازمین کے حقوق کے تحفظ، مسائل کے حل اور فلاح و بہبود کے لیے بھرپور کردار ادا کرے گی اور کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کرے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ مزدوروں کے جائز حقوق کے حصول اور ان کے مسائل کے حل کے لیے یونین کو متحد اور فعال انداز میں اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔

☆☆☆☆☆ زیارت' اسسٹنٹ کمشنر شیر شاہ غلزئی' پروفیسر نقیب اللہ کاکڑ اور دیگر مقررین گورنمنٹ ڈگری کالج زیارت کے زیر اہتمام چھ ستمبر کے حوالے سے تقریب سے خطاب کر رہے ہیں ☆☆☆☆☆

تربت' ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی پریس کلب تربت میں پریس بریفنگ سے خطاب کر رہے ہیں

ماہی گیروں کے مفادات کا تحفظ یقینی بنایا جا رہا ہے' عتیق اللہ خان

ماہی گیروں کو سہولت، شفافیت اور آسانی فراہم کرنا محکمہ فشریز کی ترجیح ہے

گوادر (خ ن) گوادر/پشکان: صوبائی حکومت کی ماہی گیر دوست پالیسی کے تحت ماہی گیروں کو سہولیات کی فراہمی کا عمل تیز گوادر/پشکان میں ماہی گیروں کی کشتیوں کی رجسٹریشن، انسپکشن اور پیمائش کا عمل جاری گوادر/پشکان: پشکان اور گردونواح میں ماہی گیری کے لائسنس کے اجرا کے لیے اقدامات تیز ڈی جی فشریز عتیق اللہ خان کی ہدایات پر کشتیوں کی رجسٹریشن و لائسنسنگ کا عمل جاری گوادر/پشکا اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز نورالدین حسنی کی نگرانی میں فیلڈ ٹیمیں کشتیوں کا معائنہ کر رہی ہیں گوادر/پشکان: کشتیوں کی ساخت، سائز، انجن اور ضروری دستاویزات کی جانچ پڑتال کی جا رہی ہے انسپکشن اور تصدیق کے بعد اہل کشتیوں کو رجسٹریشن نمبر جاری کیے جائیں گے گوادر/پشکان: مقررہ قواعد و ضوابط کے تحت اہل ماہی گیروں کو ماہی گیری کے لائسنس جاری کیے جا رہے ہیں گوادر/پشکان: ماہی گیروں سے مقررہ مدت میں کشتیوں کی رجسٹریشن اور انسپکشن مکمل کرانے کی اپیل گوادر/پشکان: ماہی گیروں کو سہولت، شفافیت اور آسانی فراہم کرنا محکمہ فشریز کی ترجیح ہے قانونی رجسٹریشن اور لائسنسنگ سے ماہی گیری کے شعبے کو مزید منظم بنانے میں مدد ملے گی ماہی گیر دوست اقدامات کے ذریعے مقامی ماہی گیروں کے مفادات کا تحفظ یقینی بنایا جا رہا ہے۔

اپکا اریگیشن یونٹ کے وفد کی میر محمد صادق عمرانی سے ملاقات

کوئٹہ (خ ن) اپکا اریگیشن یونٹ کے صدر غلام قادر زہری کی قیادت میں ایک وفد نے صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی سے ان کے آفس میں ملاقات کی۔ وفد میں جنرل سیکرٹری بسم اللہ خان کاکڑ، سینئر نائب صدر کاشف حیدر مگسی، ایڈیشنل جنرل سیکرٹری عبدالباقی بڑیچ اور چیئرمین رحمت اللہ بڑیچ شامل تھے۔ ملاقات میں محکمہ آبپاشی کے ملازمین کی پروموشن اور دیگر درپیش مسائل کے حوالے سے تفصیلی گفتگو کی گئی۔ اس موقع پر وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے تمام مسائل حل کرنے کی مکمل یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ ہمارے آفس کے دروازے اپکا کے لیے ہر وقت کھلے ہیں۔ جب بھی آپ کو ضرورت ہو آپ آ سکتے ہیں۔ اپکا محکمہ آبپاشی یونٹ کے صدر غلام قادر زہری نے صوبائی وزیر کے مثبت رویے اور تعاون پر ان کا شکریہ ادا کیا۔

موسیٰ فرمان کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا' چوہدری نوید احمد

ہمیشہ اپنے کام اور بہترین اخلاق کی وجہ سے دلوں میں زندہ رہیں گے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) لیبر ونگ بلوچستان کے صوبائی صدر چوہدری نوید احمد صوبائی جنرل سیکرٹری وحید کاسی صوبائی نائب صدر عبدالمجید زہری صوبائی نشر و اشاعت عامر شیخ صوبائی نائب صدر محمد اعظم جدون، ڈویژنل جنرل سیکرٹری کوئٹہ عاصم عمران جٹ اور آفس سیکرٹری شہباز حسین کھوکھر اور ڈویژنل ایڈیشنل سیکرٹری ارشد علی نے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ کوئٹہ پریس کلب کے سینئر اور مایہ ناز فوٹو جرنلسٹ موسیٰ فرمان کی وفات بالخصوص پاکستان اور خصوصا" کوئٹہ کی صحافتی برادری کے لیے ایک ناقابل تلافی نقصان ہے۔ صدر لیبر ونگ بلوچستان چوہدری نوید احمد نے کہا کہ موسیٰ فرمان نے طویل عرصے تک جس فرض شناسی، بہادری اور پیشہ ورانہ لگن کے ساتھ صحافت کے میدان میں خدمات انجام دیں، وہ ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ صوبائی جنرل سیکرٹری وحید کاسی نے کہا کہ اقلیتی پس منظر سے تعلق رکھنے کے باوجود انہوں نے اپنی محنت، اخلاق اور جرات مندانہ شخصیت کی بدولت کوئٹہ کے صحافتی حلقوں میں جو نمایاں مقام بنایا، وہ آنے والی نسلوں کے لیے ایک درخشاں مثال ہے۔ صوبائی نشر و اشاعت لیبر ونگ بلوچستان عامر شیخ نے کہا کہ کیمرے کے ذریعے حقائق کو دنیا کے سامنے لانے والا یہ انسان ہمیشہ اپنے کام اور بہترین اخلاق کی وجہ سے دلوں میں زندہ رہے گا۔* ہم موسیٰ فرمان کے سوگوار خاندان، کوئٹہ پریس کلب اور ان کے تمام ساتھیوں کے ساتھ اس دکھ کی گھڑی میں برابر کے شریک ہیں اور دعا گو ہیں کہ ان کی روح کو سکون اور لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق عطا ہو۔ کوئٹہ کی صحافتی برادری کی نمائندگی اور ان کے حقوق کے لیے موسیٰ فرمان کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔

ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ بشیر احمد بڑیچ آرچر روڈ پر زیر تعمیر پلازے کے جائے وقوعہ کا معائنہ کر رہے ہیں

جماعت اسلامی کے صوبائی امیر مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ اور دیگر کا اظہار تعزیت

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ و دیگر صوبائی ذمہ داران نے روزنامہ جنگ کے ریزیڈنٹ ایڈیٹر اور بلوچستان کے سینئر صحافی سید حاجی خلیل الرحمان کے انتقال پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت درجات کی بلندی اور پسماندگان کیلئے صبر جمیل کی دعا کی انہوں نے مرحوم کی صحافتی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ مرحوم نے کٹھن و مشکل حالات میں صحافت کو زندہ رکھا۔ مولانا ہدایت الرحمٰن نے مرحوم کی اہل خانہ سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا۔

اسکولوں میں تعلیمی ترقی کے منصوبوں کا دائرہ وسیع کیا جائے گا' غلام محمد بلوچ

تعلیم معاشرے کی ترقی اور نئی نسل کے روشن مستقبل کی بنیاد ہے' کوارڈینیٹر

اوستہ محمد (این این آئی) ضلع اوستہ محمد میں سرکاری تعلیمی اداروں کے انفراسٹرکچر کو بہتر بنانے اور طلبہ کو جدید و معیاری تعلیمی سہولیات کی فراہمی کے لیے حکومت بلوچستان کی جانب سے ترقیاتی اقدامات جاری ہیں۔ حکومت بلوچستان، PPMU اور SED کے تعاون سے تعمیر خلق فاؤنڈیشن کے کوارڈینیٹر غلام محمد بلوچ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن افیسر اوستہ محمد شبیر احمد لانگو کی زیر نگرانی PTSMC کے ذریعے ضلع کے مختلف سرکاری اسکولوں میں اضافی کلاس رومز کی تعمیر کا کام تیزی سے جاری ہے۔ اس منصوبے کے تحت گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول امیر بخش لاشاری، گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول احمد خان عمرانی، گورنمنٹ بوائز مڈل اسکول روستم خان جمالی، گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول امداد حسین جمالی، گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول شاہ محمد بروہی اور گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول دودا خان سیال سمیت ضلع کے متعدد سرکاری تعلیمی اداروں میں نئے کمروں کی تعمیر کی جا رہی ہے۔ نئے کلاس رومز کی تعمیر سے اسکولوں میں کمروں کی کمی کے مسئلے پر قابو پانے، طلبہ کے لیے کشادہ اور بہتر تعلیمی ماحول کی فراہمی اور تدریسی سرگرمیوں کو مؤثر بنانے میں مدد ملنے کی توقع ہے اساتذہ کا کہنا ہے کہ مناسب کلاس رومز کی دستیابی سے نہ صرف طلبہ کی تعلیمی سرگرمیوں میں بہتری آئے گی بلکہ تدریسی عمل بھی زیادہ مؤثر انداز میں جاری رکھا جا سکے گا۔ مقامی مکینوں اور والدین کے مطابق ماضی میں متعدد سرکاری اسکولوں میں کمروں کی کمی کے باعث طلبہ کو مشکلات کا سامنا رہا، جبکہ بعض مقامات پر گنجائش سے زیادہ طلبہ ہونے کی وجہ سے تدریسی عمل بھی متاثر ہوتا تھا۔ نئے کمروں کی تعمیر کو انہوں نے اس مسئلے کے حل کی جانب اہم پیش رفت قرار دیا ہے۔ والدین اور سماجی حلقوں نے حکومت بلوچستان کی جانب سے تعلیمی انفراسٹرکچر پر توجہ دینے کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ تعلیم معاشرے کی ترقی اور نئی نسل کے روشن مستقبل کی بنیاد ہے۔

تالابوں کو بھرنے کے عمل کی نگرانی باقاعدگی سے کی جا رہی ہے' محمد رمضان

پانی کی فراہمی میں بہتری کے لیے جاری اقدامات میں کسی قسم کی غفلت یا سستی نہ برتی جائے

اوستہ محمد (آن لائن) گنداخہ شہر میں پینے کے پانی کی قلت پر قابو پانے اور شہریوں کو صاف و پینے کے پانی کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات جاری ہیں اس سلسلے میں پی ایچ ای ڈی کے تالابوں کو پانی سے بھرنے کے لیے متبادل ذرائع سے پانی کا انتظام کیا جا رہا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر استا محمد رمضان پلال کی خصوصی ہدایت پر نائب تحصیلدار گنداخہ بلال جمالی کی نگرانی میں بھاری مشینری کے ذریعے پانی کی لفٹنگ اور منتقلی کا عمل مسلسل جاری ہے اس مقصد کے لیے دستیاب متبادل ذرائع سے پانی حاصل کر کے اسے پی ایچ ای ڈی کے تالابوں تک منتقل کیا جا رہا ہے، تاکہ تالابوں میں پانی کا ذخیرہ بحال کر کے گنداخہ شہر کے مختلف علاقوں میں پینے کے پانی کی فراہمی کو بہتر بنایا جا سکے ضلعی انتظامیہ کے مطابق موجودہ صورتحال کے پیش نظر پانی کی قلت کے مسئلے کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں جبکہ پانی کی لفٹنگ منتقلی اور تالابوں کو بھرنے کے عمل کی نگرانی بھی باقاعدگی سے کی جا رہی ہے ڈپٹی کمشنر استا محمد محمد رمضان پلال نے متعلقہ افسران و اہلکاروں کو ہدایت کی ہے کہ گنداخہ شہر میں پینے کے پانی کی فراہمی میں بہتری کے لیے جاری اقدامات میں کسی قسم کی غفلت یا سستی نہ برتی جائے اور شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات یقینی بنائے جائیں ضلعی انتظامیہ نے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ گنداخہ شہر میں پینے کے پانی کی قلت کے مسئلے کے مستقل اور پائیدار حل کے لیے بھی متعلقہ محکموں کے تعاون سے مؤثر اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔

میر جان محمد خان جمالی زیرک اور سینئر سیاستدان ہیں، میر امداد خان

علاقے کے عوام کو مختلف سرکاری سہولیات ان کی دہلیز پر میسر آنے میں مدد ملی

گنداخہ (آن لائن) سابق چیئرمین میونسپل کمیٹی گنداخہ میر امداد خان جمالی نے گنداخہ پریس کلب کے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ سابق وزیراعلیٰ بلوچستان میر جان محمد خان جمالی ایک بزرگ، زیرک اور سینئر سیاستدان ہیں، ہم ان کی جلد صحتیابی کے لیے دعاگو ہیں۔ اور تمام دوستوں سے انکی صحت یابی کیلئے دعا کی اپیل کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ میر جان محمد خان جمالی کے ساتھ ہمارے گزشتہ چالیس سال سے بہترین سیاسی، سماجی اور علاقائی تعلقات قائم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میر جان محمد خان جمالی نے اپنے سیاسی دور میں اپنے حلقے اور علاقے کی ترقی و خوشحالی کے لیے گراں قدر خدمات انجام دی ہیں، جنہیں عوام آج بھی قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ ان کی دور حکومت میں علاقے کی ترقی کے لیے متعدد اہم منصوبے پایہ تکمیل تک پہنچے، جبکہ ان کی خصوصی دلچسپی اور کوششوں سے ضلع اوستا محمد کا قیام بھی عمل میں لایا گیا، جس کے بعد علاقے کے عوام کو مختلف سرکاری سہولیات ان کی دہلیز پر میسر آنے میں مدد ملی۔ میر امداد خان جمالی نے کہا کہ میر جان محمد خان جمالی کے دور میں مختلف علاقوں کو باہم ملانے کے لیے اہم سڑکوں کی تعمیر و بلیک ٹاپ روڈ کے منصوبے بھی مکمل کیے گئے، جن میں بائیکیل گنداخہ روڈ، غوث پور ہدیرہ روڈ، ہنگل دڑو تا فیض آباد روڈ اور ہنگل دڑ تا جنگ دوست جمالی روڈ سمیت دیگر اہم روڈز قابل ذکر ہیں۔ جن کے مکمل ہونے سے ہزاروں لوگ فائدہ اٹھا رہے ہیں۔

چمن میں صفائی و شجرکاری مہم جاری

چمن (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی ہدایات پر چمن میں صفائی و شجرکاری مہم جاری وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی ہدایات کی روشنی میں ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کی زیر نگرانی چمن شہر اور گردونواح میں صفائی ستھرائی کے ساتھ ساتھ تعلیمی اداروں میں بھی خصوصی صفائی، تزئین و آرائش اور شجرکاری مہم کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ اسی سلسلے میں آج گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائر سیکنڈری اسکول چمن میں طلبہ اور اسکول انتظامیہ نے * صفائی ستھرائی، اسکول کی خوبصورتی اور تزئین و آرائش کی خصوصی مہم میں بھرپور حصہ لیا، جبکہ سرسبز و صاف تعلیمی ماحول کے فروغ کے لیے مختلف مقامات پر پودے بھی لگائے گئے۔ مہم کا مقصد طلبہ میں صفائی، شجرکاری، ماحولیاتی تحفظ اور اجتماعی ذمہ داری کا شعور اجاگر کرتے ہوئے ایک صحت مند، صاف ستھرے اور سرسبز معاشرے کی تشکیل میں عوامی و طلبہ شمولیت کو فروغ دینا ہے۔

ژوب' غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام کے حوالے سے اہم اجلاس

نوجوان نسل کو خطرناک سرگرمیوں سے محفوظ رکھنا ضلعی انتظامیہ کی اہم ذمہ داری ہے' محمد عارف

ژوب (خ ن) ستمبر ڈپٹی کمشنر ژوب محمد عارف زرکون کی زیر صدارت سرکٹ ہاؤس ژوب میں ضلع کے اہم سماجی مسائل اور غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں مختلف سیاسی جماعتوں کے نمائندگان، سول سوسائٹی کے اراکین، مذہبی شخصیات اور متعلقہ حکام نے شرکت کی اجلاس میں ضلع ژوب میں سودی کاروبار کی حوصلہ شکنی، نوجوانوں کو موٹر سائیکلیں کرایہ پر فراہم کرنے والے غیر قانونی شورومز کے خلاف کارروائی اور پیشہ ورانہ بھیک مانگنے کے بڑھتے ہوئے رجحان کی روک تھام سے متعلق تفصیلی غور و خوض کیا گیا ڈپٹی کمشنر محمد عارف زرکون نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نوجوان نسل کو ون ویلنگ اور دیگر خطرناک سرگرمیوں سے محفوظ رکھنا ضلعی انتظامیہ کی اہم ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ بعض غیر قانونی عناصر نوجوانوں کو موٹر سائیکلیں کرایہ پر فراہم کر کے نہ صرف ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کو فروغ دے رہے ہیں بلکہ نوجوانوں کی جانوں کو بھی خطرے میں ڈال رہے ہیں، جس کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی جاری رہے گی ڈپٹی کمشنر کے احکامات کی روشنی میں اسسٹنٹ کمشنر ژوب محمد نوید عالم کی قیادت میں متعلقہ اداروں نے مشترکہ کریک ڈاؤن کرتے ہوئے نوجوانوں کو موٹر سائیکلیں کرایہ پر دینے اور مبینہ طور پر غیر قانونی مالیاتی سرگرمیوں میں ملوث شورومز کے خلاف کارروائی کی۔ کارروائی کے دوران دو شورومز کو سیل جبکہ پانچ شوروم مالکان کو حراست میں لیا گیا مزید برآں کوئٹہ روڈ پر قائم مختلف شورومز کا آگاہی دورہ بھی کیا گیا، جہاں مالکان کو غیر قانونی مالیاتی لین دین اور سودی کاروبار سے اجتناب کرنے کی ہدایت کی گئی۔ انہیں متنبہ کیا گیا کہ قرض لینے والے افراد کے کسی بھی قسم کے غیر قانونی استحصال کی اجازت نہیں دی جائے گی اور خلاف ورزی کی صورت میں قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی دریں اثنا ضلعی انتظامیہ نے پیشہ ورانہ بھیک مانگنے کے خلاف بھی کارروائی کرتے ہوئے شہر کے مختلف علاقوں میں کریک ڈاؤن کیا۔ کارروائی کے دوران 12 بھکاریوں کو حراست میں لیا گیا، جبکہ آٹھ ایسے افراد کو بھی گرفتار کیا گیا جن پر بچوں کو بھیک مانگنے کے عمل میں شامل کرنے کا الزام ہے ضلعی انتظامیہ کے مطابق پیشہ ورانہ بھیک مانگنے کے منظم رجحان کی روک تھام کے لیے خانہ بدوش اور اس سرگرمی سے وابستہ افراد کا مکمل ڈیٹا مرتب کرنے کا فیصلہ بھی کیا گیا ہے۔ اس مقصد کے لیے ایک خصوصی پولیس ٹیم تشکیل دی گئی ہے، جو متعلقہ افراد کی شناخت اور معلومات جمع کر کے آئندہ کی حکمت عملی مرتب کرے گی ڈپٹی کمشنر ژوب محمد عارف زرکون نے کہا کہ معاشرے میں قانون کی بالادستی، نوجوانوں کے تحفظ اور شہریوں کو سماجی برائیوں سے محفوظ رکھنے کے لیے ضلعی انتظامیہ تمام متعلقہ اداروں کے تعاون سے بلاامتیاز اقدامات جاری رکھے گی۔

اسلام نے حصول علم ہر مسلمان مرد و عورت پر فرض قرار دیا ہے' ڈاکٹر قاری عبدالرشید

کوئٹہ (آن لائن) مہتمم مدرسۃ البنات و ممبر رویت ہلال کمیٹی ڈاکٹر قاری عبدالرشید نے مقامی ہوٹل میں عالمی یوم خواندگی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اسلام نے آج سے 1500 سال قبل حصول علم مرد و عورت پر فرض قرار دیا ہے جبکہ اقوام متحدہ کی جانب سے 2026 میں خواندگی کا عالمی دن آٹھ ستمبر کو اپنی 60 ویں سالگرہ منا رہا ہے انہوں نے کہا کہ اسلام میں حصول علم کی کوئی عمر مقرر نہیں بلکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ علم حاصل کرو ماں کی گود سے قبر کی گود تک انہوں نے کہا کہ حصول علم کا اندازہ اس بات سے لگایا جائے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر پہلی وحی غار حرا میں سورہ علق کی آیت کے ذریعہ علم سیکھنے سے متعلق نازل ہوئیں اور پھر قرآن مجید اور احادیث میں اس کے حصول پر سخت زور دیا گیا انہوں نے کہا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو ہجری میں غزوہ بدر کے موقع پر نقد فدیہ ادا نہ کرنے والے قیدیوں کو مسلمانوں کے دس دس بچوں کو پڑھنے اور لکھنے کے عوض آزاد کیا گیا یہ ہمارے لیے تعلیم اہمیت کے لیے بہت بڑی مثال ہے انہوں نے کہا افسوس ہے کہ آج پاکستان میں اڑھائی کروڑ بچے سکول سے باہر ہیں۔

سرکاری ملازمین اپنے فرائض ایمانداری سے سرانجام دیں' نسیم الرحمان

سرکاری ملازمین کے لواحقین کو ان کا حق دینا محکمہ ماحولیات کی اولین ترجیح ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان کے مشیر برائے محکمہ ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمان خان ملاخیل نے کہا ہے کہ سرکاری ملازمین اپنے فرائض ایمانداری سے سرانجام دیں تو صوبے کے دور دراز سے آنے والے سائلین کے مسائل جلد حل ہو سکتے ہیں، محکمہ ماحولیات میں لواحقین کوٹے کے تحت بھرتیوں کا مرحلہ احسن انداز میں مکمل کرنے پر محکمہ ماحولیات کے سیکرٹری و ڈی جی مبارکباد کے مستحق ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے محکمہ ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی کے زیر اہتمام نو تعینات لواحقین کوٹہ کے تحت تقرری آرڈرز تقسیم کرنے کے موقع پر کیا، اس موقع پر 6 امیدواروں کو لواحقین کوٹہ کے تحت ان کے تقرری نامے حوالے کیے۔ تقریب کی صدارت مشیر ماحولیات وزیراعلیٰ بلوچستان نے کی اس موقع پر سیکرٹری ماحولیات نور محمد پرانی ڈی جی ماحولیات ظہور بلوچ سمیت محکمہ کے دیگر اعلیٰ افسران بھی موجود تھے۔ اس موقع پر 6 لواحقین میں تقرری آرڈرز تقسیم کیے گئے، جن کا معاملہ کافی عرصے سے زیر التوا تھا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مشیر ماحولیات وزیراعلیٰ نسیم الرحمان خان نے کہا کہ متوفی سرکاری ملازمین کے لواحقین کو ان کا حق دینا محکمہ ماحولیات کی اولین ترجیح ہے، حکومتی ہدایات کی روشنی میں باقی ماندہ زیر التوا کیسز کو بھی جلد از جلد نمٹایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ ماحولیات میں شفافیت اور میرٹ کو یقینی بنانے کے لیے تمام بھرتیوں کا عمل قواعد و ضوابط کے مطابق مکمل کیا گیا اب سرکاری ملازمت حاصل کرنے والے ملازمین کی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ اپنی ڈیوٹیاں اخلاص و ایمانداری سے سرانجام دیں اس موقع پر نو تعینات ہونے والے ملازمین نے مشیر ماحولیات نسیم الرحمان ملاخیل اور محکمہ ماحولیات کا شکریہ ادا کیا۔



چمن میں 16 اور 17 ستمبر کو ہونیوالے ایجوکیشنل فیسٹیول کی تیاریوں کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

حب' ڈسٹرکٹ منیجر پی پی ایچ آئی ڈاکٹر مرشد دشتی مختلف بنیادی مراکز صحت' بی ایچ یوز کے دورے کے موقع پر طبی سہولیات عملے کی حاضری و دیگر انتظامی امور کا جائزہ لے رہے ہیں

بقیہ 1

ظاہر کرتی ہے۔رپورٹ کے مطابق 10,600 سے زائد طلبہ اور اساتذہ ہلاک، زخمی یا اغوا ہوئے جبکہ فوجی مقاصد کے لیے اسکولوں کے استعمال کے واقعات تقریباً دوگنا ہو گئے۔ایجوکیشن کین ناٹ ویٹ کی ڈائریکٹر مائنہ جلبوط نے کہا کہ کسی بچے کو برسوں تک تعلیم سے محروم رکھنے کے نتائج فوری اور گہرے ہوتے ہیں، اس سے خواندگی متاثر، معمولات زندگی ختم اور بچوں کا مستقبل اساتذہ کے بجائے بھرتی کرنے والوں یا انسانی اسمگلروں کے ہاتھ میں جانے کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔یونیسکو نے کہا کہ تنازعات میں شامل تمام فریقوں پر بین الاقوامی قانون کی پاسداری اور تعلیم کو حملوں سے محفوظ رکھنے کی ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ادارے کے مطابق اسکولوں سے باہر اور بحرانوں سے متاثرہ بچوں میں سے تقریباً 80 فیصد، یعنی 7 کروڑ 40 لاکھ بچے، صرف 20 ممالک میں رہتے ہیں۔ ان علاقوں میں پناہ گزین بچوں کے 74 فیصد، اندرون ملک بے گھر بچوں کے 52 فیصد اور معذور بچوں کے 45 فیصد اسکول سے باہر ہونے کی نشاندہی کی گئی ہے۔اقوام متحدہ کے تازہ اعداد وشمار کے مطابق 2025 میں مسلح تنازعات سے متاثر ہونے والے بچوں کی تعداد 24,174 رہی جبکہ بچوں کے خلاف مجموعی طور پر 38,558 سنگین خلاف ورزیاں تصدیق شدہ ہوئیں۔ان میں بچوں کا قتل اور زخمی ہونا سب سے زیادہ عام خلاف ورزیوں میں شامل تھا، جس سے 14,224 بچے متاثر ہوئے۔اقوام متحدہ کی سالانہ رپورٹ کے مطابق بچوں کو مسلح تنازعات میں بھرتی اور استعمال کرنے، اغوا کرنے اور انسانی امداد سے محروم رکھنے کے واقعات بھی سامنے آئے۔لڑائی میں شہری آبادیوں کے زیادہ متاثر ہونے کے باعث بچے فضائی حملوں، توپ خانے اور دھماکہ خیز ڈرونز کے خطرات سے دوچار ہوئے جبکہ گھروں، اسکولوں، ہسپتالوں اور دیگر شہری تنصیبات کو نقصان پہنچایا تباہ کیا گیا۔سب سے زیادہ سنگین خلاف ورزیوں کی تصدیق اسرائیل اور مقبوضہ فلسطینی علاقیمیں ہوئی، جس کے بعد جمہوریہ کانگو، نائیجیریا، میانمار اور صومالیہ کا نمبر آتا ہے۔پہلی مرتبہ سرکاری افواج کو تصدیق شدہ سنگین خلاف ورزیوں کی اکثریت کا ذمہ دار قرار دیا گیا۔اقوام متحدہ اور اس کے شراکت داروں کا کہنا ہے کہ بحران کے دوران تعلیم بچوں کو تحفظ، استحکام اور معمول کی زندگی کا احساس فراہم کرنے کے ساتھ انہیں مستقبل میں اپنی برادریوں کی تعمیر نو کے لیے ضروری مہارتیں بھی دیتی ہے۔ایجوکیشن کین ناٹ ویٹ کی ہوپ اسٹارٹس ہیئر مہم کا مقصد دنیا کے مشکل ترین حالات سے دوچار ایک کروڑ بچوں کو محفوظ اور معیاری تعلیم کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے 60 کروڑ ڈالر جمع کرنا ہے۔

بقیہ 2

فرد جرم کے مجموعی طور پر 17 ماہ قید میں رکھا گیا۔معاذ عمارنہ کا کہنا تھا کہ قید کے دوران میرا وزن 35 کلوگرام تک کم ہوگیا۔فلسطینی قیدیوں کی تنظیم اڈامیر کے مطابق اسرائیلی جیلوں میں تقریباً 3 ہزار 200 قیدی موجود ہیں جبکہ 7 اکتوبر 2023 سے قبل یہ تعداد تقریباً 1 ہزار 300 تھی۔اڈامیر کی وکیل سحر فرانسس کے مطابق 7 اکتوبر کے بعد حالات مزید خراب ہوئے، اہل خانہ کی ملاقاتیں اور ریڈ کراس کی رسائی معطل ہوئی، ابتدائی 4 سے 5 ماہ تک وکلا کو رسائی نہیں دی گئی، خوراک، کپڑے اور کتابیں ضبط کی گئیں جبکہ جیلوں میں روزانہ چھاپوں اور تشدد کے واقعات میں اضافہ ہوا۔معاذ عمارنہ نے بتایا کہ مجھے 6 ماہ تک چشمے سے محروم رکھا گیا، طبی علاج میں شدید غفلت برتی گئی اور ٹانگ کے انفیکشن کے باعث میں جزوی طور پر مفلوج ہوگیا۔ انہوں نے بتایا کہ میری مصنوعی آنکھ کا پیوند متاثر ہونے کے باوجود مجھے اسپتال منتقل نہیں کیا گیا، جیل میں موجود گارڈز فلسطینی قیدیوں کو جانور کہتے اور قتل کی دھمکیاں دیتے تھے۔اقوام متحدہ کے ورکنگ گروپ نے 2024 میں معاذ عمارنہ کی پہلی حراست کو غیر قانونی اور امتیازی قرار دیا تھا۔سحر فرانسس کے مطابق بن گویر کے اپنے بیانات جن میں وہ جیلوں کے حالات کی براہ راست ذمے داری قبول کرتے ہیں، مستقبل میں بین الاقوامی فوجداری عدالت میں ممکنہ کارروائی کے لیے اہم ہو سکتے ہیں۔عرب میڈیا کے مطابق بن گویر، اسرائیلی قومی سلامتی کی وزارت اور اسرائیلی فوج سے فلسطینی قیدیوں کی جانب سے کیے گئے انکشافات پر جب موقف مانگا تو کوئی جواب موصول نہیں ہوا۔عرب میڈیا کی رپورٹ کے مطابق رہائی کے بعد معاذ عمارنہ کو دوبارہ گرفتاری کی دھمکیاں دی گئیں۔معاذ عمارنہ کا کہنا تھا کہ میں اب بھی خوف اور شدید ذہنی دباؤ میں زندگی گزار رہا ہوں۔

بقیہ 3

دفاع کے ایک محافظ کو قیدی بنا لیا گیا جبکہ وزیر دفاع کے محصور ہونے کی بھی اطلاعات ہیں۔

بقیہ 4

کرنے کی ہدایت کی ہے۔چینی صدر نے حادثے کی تحقیقات کے ساتھ ذمے داروں کے خلاف کارروائی کی بھی ہدایت کی ہے۔

بقیہ 5

غیر ملکی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق سعودی شہری دفاع نے 24 گھنٹوں میں چوتھی بار خطرے کا الرٹ جاری کیا۔سول ڈیفنس نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری ایک بیان میں عوام کو ہدایت کی کہ علاقے میں جمع ہونے اور ویڈیو بنانے سے گریز کریں۔

بقیہ 6

اوسلو کے لیے اڑان بھرتے ہوئے ایک ڈرون سے ٹکرانے والا تھا۔انہوں نے انٹرویو میں یہ نہیں بتایا کہ ڈرون یوکرین کے صدر کے طیارے کے کتنا قریب تھا۔واضح رہے کہ وولودیمیر زیلنسکی منگل کی شام کو ناروے پہنچے تھے اور وہاں انہوں نے آنجہانی بادشاہ ہیرالڈ پنجم کی آخری رسومات میں شرکت کی تھی۔

بقیہ 7

کرتے ہوئے اپنے ہتھیار ڈال دے، بصورت دیگر اسے مکمل طور پر تباہ کیا جا سکتا ہے۔اس سے قبل ٹرمپ نے آبنائے ہرمز پر امریکی کنٹرول کا دعویٰ کرتے ہوئے کہا تھا کہ آبنائے ہرمز پر امریکی قبضہ ہے، میرے خیال میں ہمیں اسے آبنائے ٹرمپ کہنا چاہیے۔ٹرمپ نے یہ بھی کہا تھا کہ ایران کے خلاف جنگ میں امریکا کی فتح کے بعد تیل کی قیمتیں کم ہو جائیں گی، جبکہ ایران جنگ مڈٹرم انتخابات کے بعد ہی ختم ہوگی۔

بقیہ 8

ہوئے جبکہ ہزاروں مسافر ایئرپورٹس پر گھنٹوں طیاروں میں پھنسے رہے۔لندن کے ہیتھرو ایئرپورٹ کی 650 پروازیں منسوخ جبکہ 1 ہزار 355 میں تاخیر ہوئی۔گیٹ وک ایئرپورٹ کی 260 پروازیں منسوخ، 827 تاخیر کا شکار ہوئیں، مانچسٹر ایئرپورٹ کی 123 پروازیں منسوخ جبکہ 775 میں تاخیر ہوئی۔برمنگھم کی 71، اسٹینسٹڈ کی 121، لوٹن کی 115، ایڈنبرا کی 90 پروازیں منسوخ کی گئیں جبکہ برمنگھم کی 357، اسٹینسٹڈ کی 681، لوٹن کی 424، ایڈنبرا کی 385 پروازیں تاخیر کا شکار ہوئیں۔پروازوں کے بیک لاگ کی وجہ سے آج بھی فلائٹس کی تاخیر اور منسوخی کا سلسلہ جاری ہے تاہم آج فلائٹ آپریشن میں بہتری آ رہی ہے۔

بقیہ 9

جائیں گے کہ وہ امریکا کے اندر ہی خرچ کیے جائیں۔

بقیہ 10

اسسٹنٹ نٹالی ہارپ اور وائٹ ہاؤس کی 2 دیگر ملازم خواتین مارگو مارٹن اور چیمبر لین ہیرس کو دی ہے۔رپورٹ میں وائٹ ہاؤس کے مالی گوشواروں میں درج معلومات کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ تینوں خواتین نے ان رقوم کو کرسمس کا تحفہ قرار دیا ہے۔ نٹالی ہارپ ڈونلڈ ٹرمپ کی سوشل میڈیا پوسٹس تحریر کرنے اور معلومات پرنٹ کرنے کی ذمے داری بھی انجام دیتی ہیں، جس کی وجہ سے ان کے ساتھی انہیں انسانی پرنٹر بھی کہتے ہیں۔رپورٹ کے مطابق نٹالی ہارپ کو صدر کی خصوصی معاون اور ایگزیکٹو اسسٹنٹ کی حیثیت سے کام کرنے پر سالانہ 1 لاکھ 50 ہزار ڈالرز تنخواہ ملتی ہے۔

بقیہ 11

تباہ ہوگیا۔رپورٹ کے مطابق تقریباً 8 ایف 15 جنگی طیاروں کو بھی معمولی نقصان پہنچا، تاہم انہیں مرمت کے بعد دوبارہ سروس میں شامل کر لیا گیا۔اس سے قبل یہ خبر بھی سامنے آئی تھی کہ امریکی فوج نے اردن میں موافق سلطی ائیربیس سے ہیلی کاپٹر منتقل کرنا شروع کر دیئے۔

بقیہ 12

پورا کرنے میں مدد فراہم کر رہا ہے۔ چین اعلیٰ معیار اور مناسب قیمت کے صنعتی آلات اور سائنسی و تکنیکی مصنوعات فراہم کرتا ہے، اپنے تجربات اور ٹیکنالوجی کا اشتراک کرتا ہے اور گلوبل ساؤتھ کے ممالک کو صنعتی ترقی کی لاگت کم کرنے میں مدد دیتا ہے۔

بقیہ 13

رہبر اعلیٰ اور کئی اہم رہنما شہید کر دیے گئے، بنیادی ڈھانچے کو شدید نقصان پہنچا اور ایرانی فوجی صلاحیت کمزور ہوئی تاہم ایران نے ہتھیار نہیں ڈالے اور اس کی مزاحمت برقرار ہے۔سمیر حبشنہ کا کہنا تھا کہ سخت معاشی پابندیاں بھی ایران کو آسانی سے پسپائی پر مجبور نہیں کر سکتیں کیونکہ ایران کے متعدد ممالک سے سرحدی اور روس سمیت خطے کے اہم ممالک سے روابط ہیں۔حبشنہ نے آبنائے ہرمز کی بندش کو جنگ کا سب سے سنگین نتیجہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس سے عالمی تیل کی قیمتوں میں اضافے، کساد بازاری اور بڑے مالی و معاشی بحران کا خطرہ بڑھ گیا ہے۔انہوں نے اپنے مضمون میں زور دیا ہے کہ جنگ کے خاتمے کے لیے پاکستان، عمان اور قطر کو ثالثی کی کوششوں کو مزید مضبوط کرنا ہوگا، یورپ اور چین کو بھی مذاکرات میں شامل کیا جائے۔اردن کے سابق وزیر داخلہ کے مطابق ایسا سمجھوتہ ضروری ہے جو آبنائے ہرمز میں بحری آمد و رفت بحال کر دے، عالمی معاشی بحران کا خطرہ کم کرے اور جنگ میں براہ راست شامل نہ ہونے والی عرب ریاستوں کی سلامتی اور خودمختاری کا تحفظ یقینی بنائے۔

بقیہ 14

پہلے ری ایکٹر کے لیے امریکی کمپنی ویسٹنگ ہاؤس الیکٹرک کا ڈیزائن استعمال کیا جائے گا، جبکہ بعد کے بعض ری ایکٹرز میں جنوبی کوریا کی کمپنی کے ای پی سی او کے ڈیزائن استعمال کیے جا سکتے ہیں۔تقریباً 20 ارب ڈالر کی ایک اور ممکنہ سرمایہ کاری ٹیکساس میں قدرتی گیس سے چلنے والے پاور پلانٹ سے متعلق ہے، جو مصنوعی ذہانت کے ڈیٹا سینٹرز کو بجلی فراہم کرے گا۔رپورٹ کے مطابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور جنوبی کوریا کے صدر لی جے میونگ نے گزشتہ اکتوبر تجارتی معاہدہ کیا تھا، جس کے تحت جنوبی کوریا نے امریکی مینوفیکچرنگ کے شعبے میں 350 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کا عزم کیا تھا جبکہ واشنگٹن نے جنوبی کوریا کی درآمدات پر ٹیرف 15 فیصد تک محدود کرنے پر اتفاق کیا تھا۔تاہم جنوبی کوریا کو اس تجارتی معاہدے پر عملدرآمد میں تاخیر کا سامنا رہا، جس کے باعث صدر ٹرمپ نے رواں سال کے آغاز میں جنوبی کوریا پر ٹیرف بڑھانے کی دھمکی بھی دی تھی۔

بقیہ 15

مواصی القرارہ کے علاقے شارع الطینہ میں اسرائیلی ڈرون حملے کے نتیجے میں شدید زخمی ہونے والے ایک شخص کو انتہائی تشویشناک حالت میں ناصر میڈیکل کمپلیکس منتقل کیا گیا۔شمالی غزہ کے جبالیہ پناہ گزین کیمپ میں بھی اسرائیلی فوجی گاڑیوں اور ڈرونز کی جانب سے پناہ گاہوں اور بے گھر افراد کے خیموں پر فائرنگ کی گئی جس کے نتیجے میں کئی شہریوں کے زخمی ہونے کی اطلاعات ہیں۔کیمپ کے مشرقی علاقوں پر توپ خانے سے گولہ باری جبکہ شمال مشرقی علاقوں میں اسرائیلی ہیلی کاپٹروں سے فائرنگ بھی کی گئی۔اسرائیل کی جانب سے جبالیہ کیمپ میں مسجد الخلفا کے اطراف میں بھی ہیلی کاپٹروں، ٹینکوں اور توپ خانے سے فائرنگ کی گئی۔ وسطی غزہ میں البریج کیمپ کے مشرقی علاقے میں فلیئر بم بھی پھینکے گئے جبکہ جنوبی غزہ میں خان یونس کے شمال میں واقع شہر حمد کے مشرقی علاقوں کو بھی شدید فائرنگ کا نشانہ بنایا گیا۔یہ کارروائیاں غزہ میں جنگ بندی معاہدے کے باوجود جاری ہیں۔ غزہ میں وزارت صحت کے مطابق 7 اکتوبر 2023 سے جاری اسرائیلی جارحیت میں غزہ کے شہدا کی تعداد 73,669 جبکہ زخمیوں کی تعداد 174,652 ہوگئی ہے۔اسرائیلی فوجی کارروائیوں میں مارے جانے والوں کی لاشیں بڑی تعداد میں اب بھی ملبے تلے اور سڑکوں پر موجود ہیں۔

بقیہ 16

کے لیے علاقائی ہسپتالوں میں منتقل کر دیا گیا ہے۔حادثہ ایک ایسے علاقے کے قریب پیش آیا جسے پولیس نے حادثات کے حوالے سے خطرناک قرار دیا ہے۔ حادثے کی وجوہات جاننے کے لیے تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ 17

ہے۔انہوں نے کہا کہ سمندری وسائل کو درپیش چیلنجز قومی سرحدوں سے بالاتر ہیں جس کے لیے تعاون، شفافیت، جدت طرازی اور نفاذ کی پابندی پر مبنی ایک جامع بین الاقوامی ردعمل کی ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ سعودی عرب کے ویژن 2030 کے اہداف کے عین مطابق مملکت سمندری ماہی گیری کے انتظام کے لیے اپنے قومی نظام کو تیار کرنے، حکمرانی، نظر رکھنے اور تعمیل کے فریم ورک کو مضبوط بنانے، معائنے کی کارکردگی کو بڑھانے، ڈیٹا کے معیار کو بہتر بنانے اور ٹریکنگ اور نگرانی میں جدید ٹیکنالوجی سے فائدہ اٹھانے کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہے۔انہوں نے کہا کہ ان اقدامات سے سمندری وسائل کے پائیدار انتظام کو فروغ ملتا ہے، سپلائی چینز کی شفافیت مضبوط ہوتی ہے اور بلیو اکانومی کی ترقی کو مدد ملتی ہے۔انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ بحیرہ احمر مملکت کی کوششوں میں ایک خاص مقام حاصل ہے کیونکہ یہ اپنی منفرد حیاتیاتی تنوع اور ماحولیاتی، معاشی اور ترقیاتی اہمیت کے حامل ماحولیاتی نظام کے لیے ممتاز ہے۔انہوں نے وضاحت کی کہ مملکت حساس سمندری مساکن کی حفاظت، ماہی گیری کی سرگرمیوں کی تنظیم، نگرانی اور ٹریکنگ میں اضافے، مچھلی اتارنے کی کارروائیوں کے انتظام کو بہتر بنانے اور ذمہ دارانہ و پائیدار ماہی گیری کے طریقوں کی حوصلہ افزائی کے ذریعے ترقیاتی عزائم اور پائیداری کی ضروریات کے درمیان ایک متوازن ماڈل قائم کرنے کے لیے کام کر رہی ہے۔انہوں نے بحیرہ احمر سے متصل ممالک کے درمیان علاقائی شراکت داری کو مضبوط بنانے، معلومات اور ڈیٹا کے تبادلے، جائزے اور معائنے کے کاموں کی یکجہتی اور صلاحیتوں میں اضافے کی اہمیت پر زور دیا تاکہ آنے والی نسلوں کے لیے اس کے وسائل کی حفاظت اور پائیداری میں مدد مل سکے۔سعودی عرب ماہی گیری کمیٹی کے 37 ویں اجلاس میں شرکت کر رہا ہے۔یہ اجلاس 11 ستمبر تک جاری رہے گا۔اجلاس میں سعودی عرب نے اگلے مرحلے کے دوران روایتی نگرانی سے سمارٹ نگرانی کی طرف منتقل ہونے اور خلاف ورزیوں پر ردعمل دینے سے بڑھ کر ان کا پیشگی سدباب کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔ اس کے ساتھ ساتھ سعودی عرب نے فلیگ، پورٹ اور مارکیٹ کی ریاستوں کے درمیان تعاون کو مضبوط بنانے اور ٹریکنگ، ڈیٹا کے تجزیے اور جدید ٹیکنالوجیز کے استعمال کو وسعت دینے پر زور دیا۔مملکت نے اقوام متحدہ کی خوراک و زراعت کی تنظیم ((ایف اے او)، رکن ممالک، علاقائی اور بین الاقوامی تنظیموں اور شراکت داروں کے ساتھ مل کر کام جاری رکھنے کے اپنے عزم کو دہرایا تاکہ ماہی گیری کی گڈ گورننس کو فروغ دیا جا سکے اور غیر قانونی ماہی گیری کو روکا جا سکے۔ اسی طرح سمندری وسائل کی پائیداری اور عالمی غذائی تحفظ کی حمایت کی جا سکے اور بین الاقوامی وعدوں کو پائیدار نتائج اور اثرات میں تبدیل کیا جا سکے۔

بقیہ 18

شیڈول کے ٹکراؤ کی وجہ سے نہیں کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں کے درمیان نئی تاریخ بھی ابھی طے نہیں ہوئی۔ٹرمپ نے اپنی سوشل میڈیا پوسٹ میں اے ایف ڈی کی کامیابی کو بڑی رات قرار دیتے ہوئے جرمنی کی امیگریشن پالیسیوں کو تنقید کا نشانہ بنایا۔انہوں نے اپنی MAGA مہم کی طرز پر اے ایف ڈی کی حمایت میں MGGA کا نعرہ بھی استعمال کیا۔دوسری جانب مرز ماضی میں اے ایف ڈی کو جرمنی کی جمہوریت کے لیے خطرہ اور نسل پرستانہ جماعت قرار دیتے رہے ہیں۔

بقیہ 19

پرواز سے ہوگا بعد میں ہفتے میں دو پروازیں چلائی جائیں گی۔ ابوظہبی سے صرف تین گھنٹے کی مسافت پر واقع تبوک ریجن کے ریڈ سی انٹرنیشنل ایئرپورٹ کو نیٹ ورک میں سال بھر کے لیے دستیاب سیاحتی منزل میں شامل کیا جائے گا۔

بقیہ 20

پیداوار کے تخمینے اور قدرتی آفات کی روک تھام و تخفیف سمیت مختلف شعبوں میں استعمال کیے جائیں گے۔

بقیہ 21

حالات سے دوچار بچوں کے لیے تعلیمی نظام کو تیار اور محفوظ بنانے کے لئے اقدامات کرنا ہوں گے مسلح افواج اور گروہوں سے وابستہ بچوں اور نوجوانوں کو محفوظ طریقے سے دوبارہ سکولوں اور معاشرے میں شامل کرنے کے لیے بھی اقدامات ضروری ہیں۔ اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل نے کہا کہ اقوام متحدہ ان کوششوں میں ممالک کی مدد کے لیے مختلف ذرائع فراہم کرتا ہے، جن میں یونیسکو کی عملی رہنمائی اور پالیسی معاونت بھی شامل ہے۔انہوں نے کہا کہ تعلیم ہر بچے اور نوجوان کے بہتر مستقبل کی ضمانت اور بنیادی انسانی حق ہے، تاہم اس حق کا حصول روز بروز زیادہ خطرناک ہوتا جا رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ 2 سال کے دوران دنیا بھر میں 8,500 سے زائد حملے سکولوں، طلبہ اور اساتذہ کو نشانہ بنا چکے ہیں، جن کے نتیجے میں مہلک تشدد، اغوا اور ذہنی صدمے کی ایک لہر پیدا ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام ریاستوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ ہر بچے کے حق تعلیم اور سکولوں سمیت تمام تعلیمی مقامات کے تحفظ کو یقینی بنائیں۔انہوں نے عالمی برادری پر زور دیا کہ بچوں کو تعلیم حاصل کرنے کے دوران محفوظ رکھنے اور انہیں ایک پرامن مستقبل کی تعمیر کے قابل بنانے کے لیے مشترکہ کوششیں کی جائیں۔ تعلیم کو حملوں سے محفوظ رکھنے کا عالمی دن منانے کا مقصد مسلح تنازعات کے دوران سکولوں، طلبہ اور اساتذہ کے تحفظ کی فوری ضرورت بارے عالمی سطح پر آگاہی پیدا کرنا ہے۔

بقیہ 22

کردار کے ساتھ ساتھ گھریلو ذمے داریوں کے ذریعے بالواسطہ تعاون کا حوالہ دیتے ہوئے کوون کے حصص میں سے نصف کا مطالبہ کیا تھا۔عدالت کے مطابق جوڑے کے درمیان طویل عرصے سے جاری اختلافات اور صلح کے امکانات کا جائزہ لینے کے بعد یہ نتیجہ اخذ کیا گیا ہے کہ شادی ناقابل اصلاح حد تک ختم ہو چکی ہے۔عدالت نے قرار دیا کہ شادی ختم ہونے کی ذمے داری دونوں فریقوں پر یکساں ہے، تاہم سابق اہلیہ کی جانب سے ہرجانے کا مطالبہ مسترد کر دیا گیا۔مقامی میڈیا کے مطابق کوون نے مؤقف اختیار کیا تھا کہ میری سابق اہلیہ نہ تو اسمائل گیٹ کی شریک بانی تھیں اور نہ ہی کمپنی کے انتظام میں شامل رہیں، کوون مبینہ طور پر طلاق کے بھی مخالف تھے۔مقامی میڈیا کے مطابق عدالت نے کوون کے اثاثوں کی مالیت تقریباً 8 کھرب وون تک لگائی ہے۔اس سے قبل ایس کے گروپ کے چیئرمین چوئی تے وون اور ان کی سابق اہلیہ روسو یونگ کے درمیان طلاق کا تصفیہ 944 ارب وون کا تھا، تاہم کوون ہیوک بن کے موجودہ تصفیے کی رقم اس سے کہیں زیادہ ہے اور جنوبی کوریا میں اب تک کی سب سے بڑی طلاق کی رقم بن گئی ہے۔

بقیہ 23

ہیں۔جنین میں اسرائیلی اسپیشل فورسز کے یونٹ نے وزارت داخلہ کے علاقے کے قریب سے ایک سابق قیدی کو گرفتار کر لیا۔گرفتاریوں میں نابالغ اور دیگر سابق قیدی بھی شامل ہیں، جن میں ایک شخص بھی شامل ہے جسے چند روز قبل رہا کیا گیا تھا۔

بقیہ 24

نے بڑے پیمانے پر تباہی مچائی۔سیلابی ریلے نے متعدد آبادیاں تباہ اور وسیع علاقوں کو زیر آب کر دیا۔ چین میں بھی کم از کم 43 افراد جاں بحق جبکہ 519 لاپتا ہیں۔

بقیہ 25

گزشتہ برس خلیجی ممالک کے ساتھ تعلقات کو عمومی طور پر برادرانہ قرار دیتے ہوئے ایک ملک کا نام لیے بغیر کہا تھا کہ وہ الجزائر کے اندرونی معاملات میں مداخلت اور ملک کو غیر مستحکم کرنے کی کوشش کر رہا ہے، جسے وسیع پیمانے پر متحدہ عرب امارات کی طرف اشارہ سمجھا گیا تھا۔رواں برس فروری میں الجزائر نے متحدہ عرب امارات کے ساتھ 2013 میں طے پانے والے فضائی سروسز معاہدے کو منسوخ کرنے کا عمل بھی شروع کیا تھا۔

بقیہ 26

اور موقع پر ہی دم توڑ گئے۔بس کا ڈرائیور ایک دوسری گاڑی کو اوورٹیک کرتے ہوئے مخالف لین میں داخل ہوگیا، جس کے باعث سامنے سے آنے والی موٹر سائیکل سے تصادم ہوا۔مقامی حکام نے حادثے کی تحقیقات شروع کر دیں۔

بقیہ 27

ہوئے استعمال اور غیر صحت بخش غذائی عادات کے پھیلاؤ کے ساتھ ان سے وابستہ خطرے کے عوامل، جن میں وزن میں اضافہ، موٹاپا، دانتوں کی خرابی اور ٹائپ ٹو ذیابیطس شامل ہیں، وہ اہم عوامل ہیں جنھوں نے آپ کی صحت، آپ کا انتخاب کے عنوان سے مہم شروع کرنے کی ضرورت کو تقویت دی۔ یہ مہم وزیر صحت کی حمایت سے پبلک ہیلتھ اتھارٹی وقایہ کی قیادت میں اور متعلقہ اداروں کی شراکت سے شروع کی گئی ہے جس کا مقصد قومی سطح پر بنیادی احتیاطی تدابیر کو فروغ دینا اور معاشرے کے افراد کو زیادہ صحت مند غذائی انتخاب کرنے کے قابل بنانا ہے۔ وقایہ نے توجہ دلائی کہ اضافی شکر کا ضرورت سے زیادہ استعمال غیر متعدی بیماریوں سے وابستہ خطرے کے عوامل میں سے ایک ہے۔ اتھارٹی نے زور دیا کہ اس کے استعمال میں کمی کا آغاز ان غذائی فیصلوں سے ہوتا ہے جو ہر فرد روزانہ کی بنیاد پر کرتا ہے۔ اتھارٹی نے بتایا کہ ایک اہم چیلنج یہ ہے کہ بعض ایسی غذائی مصنوعات میں بھی اضافی شکر موجود ہوتی ہے جو بظاہر ذائقے میں میٹھی محسوس نہیں ہوتیں اس لیے شکر کے ذرائع سے آگاہی، غذائی لیبل پڑھنا اور خریداری سے قبل مختلف مصنوعات کا موازنہ کرنا انتہائی اہم ہے۔اسی تناظر میں آپ کی صحت، آپ کا انتخاب مہم کا محور غذائی آگاہی کو روزمرہ معمول کا حصہ بنانا ہے۔اس کے ذریعے معاشرے کے افراد کو اضافی شکر کے ذرائع کی شناخت، زیادہ شکر والی غذاؤں اور مشروبات کے استعمال میں کمی اور کم شکر والے زیادہ متوازن متبادل منتخب کرنے میں مدد دی جا رہی ہے۔استعمال کی مقدار کے حوالے سے وقایہ نے وضاحت کی کہ عالمی ادارہ صحت (ڈبلیو ایچ او) کی سفارش کے مطابق فری شوگر کا استعمال روزانہ حاصل ہونے والی مجموعی توانائی کے 10 فیصد سے کم ہونا چاہیے جبکہ اس مقدار کو 5 فیصد سے بھی کم کر دینے سے صحت کے مزید فوائد حاصل کیے جا سکتے ہیں۔اتھارٹی نے واضح کیا کہ مقصد خوراک سے چینی کو مکمل طور پر ختم کرنا نہیں بلکہ ایک تدریجی طریقہ کار اپنانا ہے، جس کے تحت چینی کے استعمال میں کمی لائی جائے، غذائی مصنوعات میں شامل اجزا کو سمجھا جائے، ان کے لیبل پڑھے جائیں اور ایسے متبادل منتخب کیے جائیں جن میں چینی کی مقدار کم ہو۔مہم کا پیغام اس تصور پر مبنی ہے کہ روزانہ خوراک کے حوالے سے کیا جانے والا ہر انتخاب، چاہے وہ کتنا ہی معمولی کیوں نہ ہو، طویل مدت میں انسان کی صحت پر نمایاں اثر ڈال سکتا ہے۔اس مہم کا مقصد صرف صحت کے خطرات سے آگاہی تک محدود رہنے کی بجائے اس آگاہی کو ایسے عملی رویے میں تبدیل کرنا ہے جسے روزمرہ زندگی میں اپنایا اور برقرار رکھا جا سکے۔آپ کی صحت، آپ کا انتخاب مہم معاشرے کے مختلف طبقات کو ہدف بناتی ہے، تاہم خاندان اور بچوں پر خصوصی توجہ دی گئی ہے۔اس مقصد کے لیے آسان، قابل اعتماد اور آگاہی پر مبنی مواد پیش کیا جا رہا ہے، جو غذائیت سے متعلق تصورات کو روزمرہ زندگی میں قابل عمل عادات میں تبدیل کرنے میں مدد دیتا ہے۔

بقیہ 28

کیا ہے۔اس پر چینی وزارت خارجہ نے موقف دیا کہ اس صورت حال سے واقف نہیں، چین ہمیشہ یک طرفہ پابندیوں کی مخالفت کرتا ہے۔اقوام متحدہ میں ایرانی مشنز نے تبصرے کی درخواستوں کا جواب نہیں دیا ہے۔

بقیہ 29

نے مبینہ طور پر قبضے میں لی گئی امریکی ڈرون آبدوز کی ویڈیو اور تصاویر بھی جاری کیں، تاہم امریکا نے مختلف موقف اختیار کرتے ہوئے کہا کہ یہ ایک پرانا ماڈل تھا جو آپریشن کے دوران خراب ہوگیا تھا۔ایرانی سفارتخانے نے اس معاملے پر باضابطہ ردعمل کا اظہار کرنے کے بجائے طنزیہ انداز اختیار کیا اور 2011 کی بالی ووڈ کامیڈی فلم ہے بے بی سے اکشے کمار کی تصویر پر مبنی میم شیئر کر دی۔میم کے ساتھ سفارتخانے نے لکھا کہ ایک ڈرون آبدوز کھو گئی، تیل کی قیمت 100 ڈالرز کے قریب پہنچ رہی ہے، انتخابات قریب ہیں، ٹرمپ کیا حال ہے؟ میم میں اکشے کمار کے طنزیہ و شرارتی تاثرات کو استعمال کرتے ہوئے ڈرون آبدوز کے معاملے کو مزاحیہ انداز میں پیش کیا گیا ہے، جبکہ تیل کی قیمتوں اور آئندہ انتخابات کا حوالہ دے کر ٹرمپ پر مزید طنز کیا گیا ہے۔

بقیہ 30

زیادہ رکھی تھی۔ایسا ہی پرانے فونز کے ساتھ بھی ہوا اور ان کی قیمتوں میں بھی 100 ڈالرز کا اضافہ کیا گیا ہے۔اس سے قبل آئی فون 16 کی قیمت 699 ڈالرز تھی جو گزشتہ سال آئی فون 17 کو متعارف کرانے کے بعد رکھی گئی تھی اور اب اس کی قیمت ایک بار پھر 799 ڈالرز ہوگئی ہے۔اسی قیمت پر آئی فون 16 کو 2024 میں متعارف کرایا گیا تھا۔آئی فون 17 ای کو مارچ میں 599 ڈالرز میں متعارف کرایا گیا تھا اور اب 100 ڈالرز اضافے سے وہ 699 ڈالرز کا ہوگیا ہے۔آئی فون 17 کو گزشتہ سال ستمبر میں 799 ڈالرز کی قیمت کے ساتھ پیش کیا گیا تھا اور اب وہ 899 ڈالرز میں دستیاب ہوگا۔اسی طرح آئی فون ایئر 999 ڈالرز کی بجائے 1099 ڈالرز میں فروخت کیا جائے گا۔قیمتوں میں اضافے کی وجہ چپس اور دیگر پرزہ جات کی قیمتوں میں اضافہ ہونا ہے جس کا عندیہ کمپنی کے سابق چیف ایگزیکٹو ٹم کک نے کچھ عرصے قبل ایک بیان میں دیا تھا۔

بقیہ 31

یوکرینی پولیس کے مطابق روسی فضائی حملوں میں 5 افراد ہلاک اور 24 زخمی ہو گئے۔دوسری جانب روسی حکام کا کہنا تھا کہ یوکرین نے روسی علاقے کیسپیئن میں ماخچکالا بندرگاہ کو فضائی حملوں کا نشانہ بنایا ہے۔

بقیہ 32

کر کے انہیں یرغمال بنایا گیا ہے۔وزیر دفاع کے ایک محافظ کو قیدی بنا لیا گیا جبکہ وزیر دفاع کے محصور ہونے کی بھی اطلاعات ہیں۔

بقیہ 33

ہیں۔سی سی ایس کی رپورٹ کے مطابق انسانوں کے باعث درجہ حرارت میں ہونے والے اضافے اور ایل نینو کی شدت بڑھنے کے باعث اگست گرم ترین مہینہ رہا۔خیال رہے کہ ایل نینو ایک ایسا موسمیاتی رجحان ہے جس کے نتیجے میں بحرالکاہل کے پانی کا بڑا حصہ معمول سے کہیں زیادہ گرم ہو جاتا ہے اور زمین کے مجموعی درجہ حرارت میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔اس کے مقابلے میں لانینا کے دوران بحرالکاہل کا درجہ حرارت کم ہوتا ہے۔ان دونوں کا امتزاج دنیا بھر میں شدید گرم موسم کا باعث بنتا ہے جس کا سامنا آخری بار 2023 اور 2024 میں ہوا تھا۔ 2023 میں جب ایل نینو کا آغاز ہوا تو اس کے بعد 13 ماہ تک ہر مہینہ تاریخ کا گرم ترین مہینہ قرار پایا تھا اور اب ممکنہ طور اگست 2026 سے ایک بار پھر اس کا آغاز ہونے والا ہے۔سی سی ایس کے تخمینے کے مطابق مغربی یورپ میں اس سال کا موسم گرما سب سے زیادہ گرم رہا جبکہ امریکی ادارے National Oceanic and Atmospheric Administration نے بھی رواں سال کے سیزن کو امریکا کا گرم ترین موسم گرما قرار دیا۔سی سی ایس کے مطابق یہ حقیقت بھی غیر معمولی ہے کہ اگست کے درجہ حرارت نے جولائی کو پیچھے چھوڑ دیا۔ایسا کبھی نہیں ہوتا کہ اگست جولائی کے مقابلے میں زیادہ گرم ہو، عام طور پر جولائی ہر سال کا گرم ترین مہینہ ہوتا ہے۔سی سی ایس کے ماہرین نے بتایا کہ ہم تباہ کن موسمیاتی اثرات کا مشاہدہ دنیا بھر میں کر رہے ہیں اور ہر جگہ لوگ اس سے متاثر ہوئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ موسم کی شدت میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے اور طویل المیعاد بنیادوں پر یہ شدت برقرار رہے گی۔اگست میں عالمی اوسط درجہ حرارت صنعتی عہد سے قبل کے مقابلے میں 1.65 ڈگری سینٹی گریڈ زیادہ ریکارڈ ہوا اور یہ نومبر 2025 کے بعد پہلا مہینہ تھا جب عالمی اوسط درجہ حرارت 1.5 ڈگری سینٹی گریڈ سے زیادہ رہا۔

بقیہ 34

دہانی کرائی گئی ہے۔اپوزیشن لیڈر کوئٹہ سے واپسی پر خط کے حوالے سے اپوزیشن کے رہنماؤں کو اعتماد میں لیں گے۔پارلیمانی ذرائع کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی کے خط کا جواب بھجوا دیا ہے۔ذرائع کے مطابق چیف الیکشن کمشنر اور الیکشن کمیشن کے نئے ارکان کی تقرری کے حوالے سے وزیراعظم کا خط اپوزیشن لیڈر کو موصول ہوگیا ہے۔ وزیراعظم نے اپنے خط میں الیکشن کمیشن میں نئی تقرریوں کے لیے آئینی طریقہ کار پر عمل کی یقین دہانی کرائی ہے۔ذرائع نے بتایا کہ اس سے قبل سابق اپوزیشن لیڈر عمر ایوب نے بھی چیف الیکشن کمشنر کی تقرری کے لیے خط لکھا تھا۔ رانا ثنا اللہ اور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے محمود خان اچکزئی سے ملاقات کی تھی، جس میں وزیراعظم کی جانب سے اپوزیشن لیڈر کے خط کا جواب بھجوانے کی یقین دہانی کرائی گئی تھی۔ ذرائع کے مطابق اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی اس وقت کوئٹہ میں موجود ہیں اور وہ آئندہ دو تین روز میں اسلام آباد پہنچیں گے۔ اسلام آباد پہنچنے کے بعد وہ وزیراعظم کے خط پر پی ٹی آئی رہنماؤں سے مشاورت کریں گے جبکہ چیئرمین پی ٹی آئی سمیت دیگر رہنماؤں سے بھی مشورہ کریں گے۔ ذرائع کے مطابق اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی وزیراعظم کے خط پر سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر علامہ راجہ ناصر عباس کو بھی اعتماد میں لیں گے۔

بقیہ 35

اس پر حملہ امت مسلمہ کی سلامتی پر حملہ ہے۔ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ سعودی عرب پر حوثیوں کے حملوں کی مذمت کرتے ہیں اور سعودی عرب کی خود مختاری اور علاقائی سالمیت کا تحفظ ہونا چاہیے۔سربراہ جمعیت علمائے اسلام (ف) نے کہا کہ خطے میں بڑھتی کشیدگی دنیا کے امن کے لیے خطرناک ہے۔انہوں نے کہا کہ مسلم ممالک باہمی اختلافات ختم کر کے متحدہ حکمت عملی اپنائیں۔مولانا فضل الرحمٰن نے کہا کہ امت مسلمہ کو سیاسی، معاشی اور دفاعی طور پر متحد ہونا ہو گا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان مسلم دنیا کے اتحاد اور سعودی عرب کے تحفظ کے لیے مؤثر کردار ادا کرے۔

بقیہ 36

پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ ستمبر میں قومی اسمبلی اور سینیٹ کے اجلاس نہیں ہو رہے ہیں تاہم اکتوبر میں پارلیمان کے اجلاس ہو رہے ہیں ان میں نئے صوبوں کے قیام پر بحث کرائی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ نئے صوبوں کی بحث کا اصل مقام پارلیمنٹ ہاؤس ہی ہے۔وفاقی دارالحکومت کے حوالے سے ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ اسلام آباد صوبہ نہیں بن رہا ہے بلکہ ایک نئے گورننس ماڈل اختیار کرنے جا رہے ہیں۔وفاقی وزیر نے کہا کہ اسلام آباد کو الگ صوبہ بنانے کی کوئی بات نہیں ہوئی ہے۔واضح رہے کہ گزشتہ ہفتے کے آخر میں ذرائع نے بتایا تھا کہ اسلام آباد میں بلدیاتی نظام کے بجائے نیا نظام متعارف کرانے کی تجویز زیر غور ہے جس کے تحت 27 رکنی اسمبلی ہوگی اور چیف ایگزیکٹو کے لیے وزیر اعلیٰ یا میئر کا عہدہ تخلیق کیا جائے گا۔اسلام آباد میں مقامی حکومتوں سے متعلق آرڈیننس کی مدت معیاد ختم ہوگئی اور 9 جنوری 2026 کو جاری ہوئے اسلام آباد لوکل گورنمنٹ آرڈیننس کو نافذ ہوئے 240 گزر گئے ہیں۔

بقیہ 37

مسودے کی ای سی سی اور وفاقی کابینہ سے منظوری کی جائے گی، نئی آٹو پالیسی کے نفاذ سے مقامی گاڑیوں کی قیمتوں میں کمی کا امکان ہے اس کے علاوہ بکنگ کے بعد صارفین کو گاڑی کی اضافی قیمت ادا نہیں کرنا پڑے گی۔ ذرائع کے مطابق مجوزہ پالیسی میں الیکٹرک گاڑیوں کے فروغ کیلئے مختلف مراعات تجویز ہے اہداف پورے کرنے والی کمپنیوں کو مراعات تو خراب کارکردگی پر جرمانہ عائد ہوں گے حکومت کو مجموعی طور پر 1764 ارب روپے کے مالی فوائد حاصل ہونے کا تخمینہ ہے پانچ سال کی نئی آٹو پالیسی وزیراعظم کے گرین سگنل کے بعد حتمی مسودہ آئی ایم ایف کو بھیج دیا گیا ہے۔ آٹو سیکٹر کیلئے مختلف مراعات تجویز، ہیوی گاڑیوں پر کسٹمز ڈیوٹی مرحلہ وار 80 فیصد تک کم کی جائے گی الیکٹرک گاڑیوں پر فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی، کیپیٹل ویلیو اور ود ہولڈنگ ٹیکس معاف کرنے کی تجویز ہے جبکہ چارجنگ اسٹیشن کے سامان پر بھی صرف ایک فیصد کسٹمز ڈیوٹی عائد ہوگی۔الیکٹرک گاڑیوں کیلئے قرض کی حد ایک کروڑ اور مدت پانچ سال کرنے کی سفارش ہے، گاڑیاں بنانے والی کمپنیوں کیلئے 6 اصول بھی طے کئے گئے ہیں اب گاڑی کی بکنگ کے بعد قیمت بڑھنے کی ذمہ دار کمپنی ہوگی، صارف کو بکنگ کے وقت ہی ڈیلیوری کی تاریخ بتانا بھی لازم ہوگا اسی طرح ٹریکٹر، موٹر سائیکل، رکشہ ساز کمپنیوں اور آٹو پارٹس کیلئے برآمدی ہدف 15 فیصد اور کاروں کیلئے 20 فیصد تجویز ہیاہداف پورے نہ کرنے پر اضافی کسٹمز ڈیوٹی ادا کرنا ہوگی، حکومت کو پالیسی سے 5 سال میں 288 ارب خالص منافع اور اضافی فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی سے 485 ارب روپے ملنے کی توقع ہے

بقیہ 38

وانصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے ٹیلی کمیونیکیشن شعبے سے متعلق تنازعات کے منصفانہ، مؤثر اور بروقت حل کے لیے قائم ٹیلی کمیونیکیشن اپیلیٹ ٹریبونل کا باضابطہ افتتاح کر دیا۔ٹریبونل کی افتتاحی تقریب جمعرات کو یہاں اسلام آباد میں منعقد ہوئی جس میں ٹریبونل کے چیئرمین جسٹس (ر) محمد طارق عباسی، ممبر ٹیکنیکل عماد میمن، ممبر فنانس محمد تنویر بٹ اور دیگر معزز مہمانوں نے شرکت کی۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ ٹیلی کمیونیکیشن اپیلیٹ ٹریبونل کا قیام ٹیلی کمیونیکیشن شعبے سے متعلق تنازعات کے منصفانہ اور بروقت حل کی جانب اہم پیش رفت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیلی کمیونیکیشن کا شعبہ پاکستان کی معاشی اور سماجی ترقی میں تیزی سے اہم کردار ادا کر رہا ہے جبکہ ٹیکنالوجی میں تیز رفتار ترقی کے باعث مضبوط، شفاف اور مؤثر قانونی و عدالتی فریم ورک کی ضرورت مزید بڑھ گئی ہے۔سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ بروقت فراہمی انصاف بنیادی اور ضروری تقاضا ہے، اسی مقصد کے تحت یہ خصوصی ٹریبونل قائم کیا گیا ہے تاکہ متعلقہ تنازعات کو منصفانہ، غیر جانب دار اور بروقت انداز میں نمٹایا جا سکے۔انہوں نے کہا کہ ٹریبونل کی سربراہی ریٹائرڈ ہائی کورٹ جج کر رہے ہیں جبکہ مالیاتی اور ٹیلی کمیونیکیشن شعبوں کے ماہرین بھی بطور ممبران شامل ہیں، تاکہ مقدمات سے متعلق قانونی، مالیاتی اور تکنیکی باریکیوں سے مؤثر انداز میں نمٹا جا سکے اور چیئرمین کو ضروری معاونت اور سہولت میسر ہو۔وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت اداروں کو مضبوط بنانے، قانون کی حکمرانی یقینی بنانے اور شہریوں کو قابل رسائی اور تیز رفتار انصاف کی فراہمی کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ ٹیلی کمیونیکیشن اپیلیٹ ٹریبونل پیشہ ورانہ صلاحیت، دیانت اور غیر جانب داری کے ساتھ اپنے فرائض انجام دے گا اور ٹیلی کمیونیکیشن شعبے کی ترقی میں مثبت کردار ادا کرے گا۔انہوں نے ٹریبونل کو قلیل مدت میں فعال بنانے پر چیئرمین، ممبران، افسران اور عملے کی کوششوں کو سراہا اور ادارے کے قیام میں نیشنل انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کے تعاون کی بھی تعریف کی۔ وفاقی وزیر نے ٹریبونل کے چیئرمین، ممبران اور پوری ٹیم کو اس اہم موقع پر مبارکباد دی اور ٹریبونل کی کامیابی اور تفویض کردہ ذمہ داریوں کی مؤثر انجام دہی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ 39

گیٹس فاؤنڈیشن کی نمائندگان کلپنا کوچر اور انیتا زیدی شامل تھیں۔وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان کے ترقیاتی چیلنجز کے دوران گیٹس فاؤنڈیشن کی مسلسل معاونت اور شراکت داری کو سراہا۔وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان پولیو کے مکمل خاتمے کے مشترکہ ہدف کے حصول کے لیے پرعزم ہے، پولیو کے خاتمے کے قومی پروگرام کو اعلیٰ ترین سطح پر سرپرستی حاصل ہے۔شہباز شریف نے کہا کہ گیٹس فاؤنڈیشن نے پولیو کے خاتمے، صحت، غذائیت، مالیاتی شمولیت اور معاشرے کے کمزور طبقات کی فلاح و بہبود کے لیے قابل قدر کردار ادا کیا ہے۔وزیراعظم نے کہا کہ ڈیجیٹل ادائیگیاں، غذائی تحفظ، زچہ و نوزائیدہ صحت، غربت کا خاتمہ اور موسمیاتی تبدیلی سمیت اہم اصلاحاتی ترجیحات، گورننس ریفارمز ایجنڈا کا حصہ ہیں۔وزیراعظم نے کہا کہ کیش لیس اکانومی پاکستان حکومت کے تبدیلی کے ایجنڈے کا بنیادی حصہ ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ کیش لیس پاکستان کا مقصد عام شہریوں کی زندگی آسان بنانا، حکومتی نظام میں شفافیت بڑھانا اور سرکاری رقوم کو بغیر کسی تاخیر یا ضیاع کے مستحقین تک پہنچانا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ حکومت اور گیٹس فاؤنڈیشن کی مشترکہ کوششوں کے نتیجے میں ڈیجیٹل ادائیگیوں میں اضافہ ہو رہا ہے،

بقیہ 40

، سالانہ ترقیاتی پروگرام کی فزیکل و فنانشل پیش رفت، بھرتیوں کے عمل اور مختلف انتظامی امور کا جائزہ لیا گیا اجلاس میں صوبائی وزیر ترقیات و منصوبہ بندی میر ظہور احمد بلیدی، وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سمیت تمام محکموں کے انتظامی سیکرٹریز نے شرکت کی، اجلاس میں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے محکمہ جنگلات میں بھرتیوں کے حوالے سے موصول ہونے والی بے ضابطگیوں کی شکایات کا سخت نوٹس لیتے ہوئے اعلیٰ سطحی تحقیقات کا حکم دیا انہوں نے کہا کہ اگر مصدقہ شواہد اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کے نتیجے میں کسی فرد کا جرم ثابت ہوا تو ملوث کردار کسی صورت سزا سے نہیں بچ سکیں گے۔میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ انہوں نے روز اول ہی واضح کر دیا تھا کہ بلوچستان میں کوئی نوکری نہیں بکے گی اور اس اصولی مؤقف پر صوبائی کابینہ کے اراکین، چیف سیکرٹری بلوچستان اور پوری حکومتی مشینری ایک پیج پر ہے انہوں نے کہا کہ نوکریوں کی خرید و فروخت روکنے کے لیے ہر طرح کا دباؤ برداشت کریں گے تاہم بلوچستان کے نوجوانوں کے حق پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ نے افسران کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ حکومتی امور میں بحیثیت چیف منسٹر انہوں نے کبھی کسی ذاتی مداخلت کو برداشت نہیں کیا۔انہوں نے کہا کہ ان کے بھائی بھی کبھی آپ کو سیکرٹریٹ میں کسی سرکاری یا نجی کام کے لیے نظر نہیں آئیں گے، چیف منسٹر سیکرٹریٹ سے کسی بھی خلاف قانون کام کے لئے کسی افسر کو اپروچ نہیں کی جاتی اور اگر کسی سیکرٹری کو فون یا اپروچ کی گئی ہے تو وہ برملا طور پر بلا خوف و خطر اس بااختیار فورم پر اظہار کر سکتا ہے اتنی انتظامی بااختیاری کے باوجود اگر کوئی سقم موجود ہو تو گورننس پر سوالات اٹھتے ہیں انہوں نے واضح کیا کہ حکومت میں میرٹ، شفافیت اور قانون کی بالادستی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا اور کسی بھی فرد کو ذاتی تعلق یا اثر و رسوخ کی بنیاد پر سرکاری امور پر اثر انداز ہونے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ افسران پر انہیں مکمل اعتماد ہے، وہ باصلاحیت ہیں اور بلوچستان کو درست سمت میں لے جانے کی صلاحیت رکھتے ہیں انہوں نے کہا کہ سیکرٹریز کی سطح پر نوکریوں کی خرید و فروخت کا الزام ناقابل فہم اور کسی اعلیٰ انتظامی عہدے کے شایان شان نہیں۔ہمیں سیکرٹریز کی نیت اور مثبت کردار پر کوئی شک نہیں تاہم ماتحت اہلکاروں اور ریکروٹمنٹ کمیٹیوں کی کارکردگی پر کڑی نظر رکھنے کی ضرورت ہے بلوچستان کے عوام اور پارلیمانی فورم پر کی گئی کمٹمنٹ اور ہمارے پختہ عزم کے تناظر میں کسی بھی سطح پر کوئی بے ضابطگی قطعی قابل برداشت نہیں، ہمیں سیکرٹریز کا احترام و عزت عزیز ہے اور سیکرٹریز کو بھی حکومتی پالیسیوں اور احکامات پر عمل کرتے ہوئے تکریم کرنی ہوگی وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوان سردی میں ٹھٹھرتے اور گرمی میں جھلستے ہوئے تعلیم اور محنت کے بعد روزگار کے حصول کے منتظر رہتے ہیں، ان کی نوکری فروخت ہونے دینا کسی صورت قابل قبول نہیں۔ انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ حکومتی احکامات پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جائے روزمرہ انتظامی امور اور بھرتیوں کے پورے عمل کو شفاف اور میرٹ پر مبنی رکھا جائے انہوں نے ہدایت کی کہ گریڈ پانچ سے بالائی تمام آسامیوں پر آرٹیفیشل انٹیلیجنس کے ذریعے میرٹ پر بھرتیوں کی منظور شدہ پالیسی پر بلا تاخیر عمل کیا جائے اور ٹیسٹ مقامی سطح پر منعقد کیے جائیں۔تمام متعلقہ محکمے ٹیسٹ کے انعقاد کے لیے ضروری انتظامات کریں اور اگر آرٹیفیشل انٹیلیجنس ٹیسٹ کے انعقاد میں کسی بھی قسم کی معاونت درکار ہوئی تو چیف منسٹر سیکرٹریٹ مکمل تعاون فراہم کرے گا وزیر اعلیٰ نے واضح کیا کہ درجہ چہارم کی آسامیوں پر نہ اقرباء پروری ہوگی اور نہ ہی ریکروٹمنٹ کمیٹی کا کوئی حصہ ہوگا انہوں نے کہا کہ نوکریوں کی خرید و فروخت کے معاملے میں کسی غلطی کی گنجائش نہیں اور اس پر کوئی معافی نہیں ہوگی میر سرفراز بگٹی نے تمام سیکرٹریز کو ہدایت کی کہ وہ اللہ کو حاضر و ناظر جان کر حلف اٹھائیں کہ بلوچستان کے نوجوانوں کی نوکریاں فروخت نہیں ہونے دیں گے انہوں نے کہا کہ افسران اپنی ذمہ داریاں پوری دیانت داری سے ادا کریں اور کسی بھی قسم کے دباؤ کو میرٹ اور شفافیت کی راہ میں حائل نہ ہونے دیں وزیر اعلیٰ نے چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کے کردار کو بھی سراہتے ہوئے کہا کہ حکومتی مشینری میں بطور چیف پرنسپل ایڈوائزر انہوں نے ہمیشہ بہتر مشاورت اور گڈ گورننس کے قیام کے لیے معاونت فراہم کی ہے انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت اور انتظامی افسران کے درمیان مؤثر مشاورت اور باہمی تعاون سے ہی حکومتی پالیسیوں پر مؤثر عملدرآمد یقینی بنایا جا سکتا ہے اجلاس میں سالانہ ترقیاتی پروگرام کی فزیکل اور فنانشل پیش رفت کا بھی جائزہ لیا گیا۔ وزیر اعلیٰ نے ترقیاتی پروگرام پر عملدرآمد کی رفتار میں تیزی کو صوبائی حکومت کے عملی اقدامات کا مظہر قرار دیا اور متعلقہ محکموں کو ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل یقینی بنانے کی ہدایت کی وزیر اعلیٰ نے محکمہ پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ کی ڈیجیٹلائزیشن کے عمل کو سراہتے ہوئے صوبائی وزیر میر ظہور احمد بلیدی اور ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات زاہد سلیم کی کاوشوں کو سراہا انہوں نے کہا کہ سرکاری امور میں جدید ٹیکنالوجی کا استعمال شفافیت، مؤثر نگرانی اور بہتر فیصلہ سازی کے لیے اہم ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ میرٹ کریسی قائم کر کے ہی بلوچستان کے نوجوانوں کا ریاستی نظام پر اعتماد بحال کیا جا سکتا ہے انہوں نے افسران پر زور دیا کہ وہ اپنے فرائض پوری ذمہ داری، دیانت داری اور غیر جانب داری سے انجام دیں اور اس امر کو یقینی بنائیں کہ کسی بھی نوجوان کے حق پر کسی فرد، گروہ یا دباؤ کے باعث سمجھوتہ نہ ہو۔

بقیہ 41

سپاہی عزت اللہ کی شہادت پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے شہید پولیس اہلکار کو خراج عقیدت پیش کیا اور ان کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔انہوں نے زخمی سپاہی نصیب اللہ کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو ان کے علاج معالجے کے لیے ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کی ہدایت کی۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان پولیس اور سیکیورٹی فورسز کے جوان اپنی جانوں کی قربانیاں دے کر صوبے کے امن کا دفاع کر رہے ہیں۔شہید سپاہی عزت اللہ کی قربانی کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، ان کی قربانی رائیگاں نہیں جائے گی انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے ذریعے صوبے کے امن کو نقصان پہنچانے کی ہر کوشش کا بھرپور جواب دیا جائے گا۔دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف کارروائیوں میں کوئی کمزوری یا نرمی نہیں برتی جائے گی۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے عوام اور قانون نافذ کرنے والے ادارے دہشت گردی کے خلاف متحد ہیں۔ ریاستی اداروں کی قربانیوں اور مسلسل جدوجہد کے نتیجے میں صوبے میں امن کی صورتحال ضرور بہتر ہوگی اور امن دشمن عناصر کی باقیات کو بھی ختم کیا جائے گا میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت بلوچستان شہریوں اور قانون نافذ کرنے والے اہلکاروں کے تحفظ کے لیے تمام ضروری اقدامات جاری رکھے گی۔ دہشت گرد چاہے جہاں بھی چھپے ہوں، انہیں تلاش کر کے انہیں ان کے منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا۔وزیر اعلیٰ بلوچستان نے شہید سپاہی عزت اللہ کے درجات کی بلندی، لواحقین کے لیے صبر جمیل اور زخمی سپاہی نصیب اللہ کی جلد مکمل صحت یابی کے لیے دعا کی۔

بقیہ 42

گا،افغان طلبہ پر پابندی عائد کرنے کا تاثر درست نہیں، افغان طلبہ کے خلاف مکمل پابندی کا کوئی فیصلہ نہیں کیا گیا، درست ویزا اور ڈگری پروگرام میں رجسٹریشن رکھنے والے افغان طلبہ تعلیم مکمل کر سکتے ہیں، ایران کو وارننگ کی رپورٹ بے بنیاد ہے، ایران کے ساتھ تجارت پر ملکی مفاد کے مطابق فیصلہ ہوگا۔ ہفتہ وار پریس بریفنگ کے دوران ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر خان نے کہا کہ مکہ جوائنٹ ڈیفنس ایگریمنٹ نافذ العمل ہے اور پاکستان معاہدے کے تقاضوں کے مطابق کردار ادا کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ فی الحال پاکستان اور کسی فریق کے درمیان اس نوعیت کی کسی تجویز یا معاملے پر کوئی بات چیت نہیں ہو رہی۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب اور پاکستان کا دوطرفہ دفاعی معاہدہ بھی ہے اور دونوں سہ ملکی معاہدے میں بھی شامل ہیں۔ ترجمان کے مطابق مکہ معاہدہ خالصتاً دفاعی نوعیت کا ہے اور خطے کی سلامتی کو بنیادی طور پر ڈیٹرنس کے ذریعے یقینی بنانے کے لیے ایک دفاعی اتحاد ہے۔ترجمان نے بتایا کہ موجودہ مکہ معاہدے میں پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب شامل ہیں، جو معاہدے کے تحت باقاعدگی سے ملاقاتیں اور مختلف سطحوں پر مشاورت کر رہے ہیں ۔ تینوں ممالک مسلسل ایک دوسرے سے رابطے میں ہیں۔انہوں نے کہا کہ پہلے پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب کو اپنی تنظیم اور تعاون کو مزید مستحکم کرنا ہے بعد ازاں مکہ معاہدہ ان تمام ممالک کے لیے کھلا ہوگا جو یکساں مؤقف، سوچ اور ضروریات رکھتے ہوں، تاہم فی الحال مکہ معاہدے میں توسیع کی بات نہیں ہو رہی۔ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق ابھی تینوں بانی ممالک مکہ معاہدے کے حوالے سے جزئیات طے کر رہے ہیں۔ معاہدے کے بنیادی نکات طے ہونے کے بعد توسیع کی بات ہوگی۔ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ ایران کے ساتھ تجارت کے معاہدوں پر پاکستان اپنے قومی مفاد میں فیصلہ کرے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ پاکستان کی جانب سے ایران کو وارننگ دینے کے حوالے سے رائٹرز کی رپورٹ بے بنیاد ہے۔ترجمان نے کہا کہ کشمیر ایک بین الاقوامی طور پر تسلیم شدہ تنازع ہے اور اقوام متحدہ خود اس حقیقت کی تصدیق کرتا ہے۔ اقوام متحدہ کی ویب سائٹ پر موجود نقشے بھی جموں و کشمیر کی متنازع حیثیت کی عکاسی کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ بھارت جموں و کشمیر کو جھوٹ کے ذریعے اور غیر قانونی طور پر اپنا حصہ ظاہر کرنے کی کوشش کر رہا ہے جو پاکستان اور عالمی برادری کے لیے قابل قبول نہیں۔ جموں و کشمیر سے متعلق اقوام متحدہ کی ایک درجن سے زائد سلامتی کونسل کی قراردادیں تاحال زیر التوا ہیں۔ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق جموں و کشمیر کے مستقبل کا فیصلہ کشمیری عوام اقوام متحدہ کی نگرانی میں استصواب رائے کے ذریعے کریں گے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی گزشتہ ایک سالہ رکنیت کے دوران جموں و کشمیر کا معاملہ مسلسل موثر انداز میں اجاگر کیا جبکہ پاکستانی مشن نے بھی اس معاملے پر اقوام متحدہ میں فعال کردار ادا کیا۔ترجمان نے بتایا کہ جموں و کشمیر کے معاملے پر اقوام متحدہ میں اریا فارمولا اجلاس بھی منعقد کیا گیا جبکہ اقوام متحدہ میں معاہدوں کو برقرار رکھنے اور مؤثر رکھنے کی اہمیت پر ایک قرارداد بھی اتفاق رائے سے منظور کی گئی۔انہوں نے کہا کہ کشمیر اور فلسطین کے تنازعات اقوام متحدہ میں تقریباً روزانہ کی بنیاد پر بحث اور گفتگو کا فعال موضوع ہیں، وزیر اعظم، وزیر خارجہ اور نائب وزیر اعظم بیرون ملک دوروں کے دوران کشمیر اور فلسطین کے معاملات مسلسل اجاگر کرتے ہیں۔ترجمان کے مطابق پاکستانی قیادت پاکستان آنے والی یا دیگر ممالک میں ملاقات کرنے والی تمام اہم شخصیات کے سامنے بھی کشمیر اور فلسطین کے مسائل پر بات کرتی ہے۔ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ حکومت پاکستان کی جانب سے تمام افغان طلبہ کو واپس بھیجنے کا فیصلہ نہیں کیا گیا، تعلیمی ویزا ہونے کے باوجود یونیورسٹی میں رجسٹرڈ نہ ہونے والے طلبہ کو واپس بھیجا جا رہا ہے جبکہ ویزا اور یونیورسٹی رجسٹریشن والے طلبہ کو واپس نہیں بھیجا جا رہا۔انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب سے متعلق بیان کو مس کوٹ کیا گیا۔ ترجمان پنجاب حکومت نے اس بارے میں وضاحت بھی کی ہے، ہمارا موقف ہے کہ دہشت گردی کے لیے افغان سرزمین استعمال ہوتی ہے۔ترجمان نے کہا کہ پاکستان نے 4 دہائیوں تک لاکھوں افغان شہریوں کی میزبانی کی اور عروج کے وقت پاکستان میں تقریباً 45 لاکھ افغان مقیم تھے، پاکستان نے افغان شہریوں کو اپنے گھروں، دفاتر، کھیل کے میدانوں اور دیگر مقامات پر جگہ دی۔ انہوں نے کہا کہ غیر قانونی غیر ملکیوں کی وطن واپسی کے عمل کے بعد بڑی تعداد میں افغان شہری پاکستان سے واپس جا چکے ہیں، تاہم پاکستان کے مختلف حصوں میں اب بھی 10 لاکھ سے زائد افغان شہری موجود ہیں، درست تعداد آئندہ فراہم کی جائے گی۔ترجمان کے مطابق پاکستان پرامن اور مستحکم افغانستان اور افغانستان کے ساتھ اچھے دوستانہ تعلقات کا خواہاں ہے۔افغانستان سے پاکستان آنے والی دہشت گردی روکنا دونوں ممالک کے بہتر تعلقات کیلئے بنیادی ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ افغان سرزمین سے پاکستان آنے والے دہشت گرد مختلف علاقوں میں موجود ہیں اور انہیں افغانستان سمیت دیگر ممالک، بشمول بھارت سے فنڈنگ مل رہی ہے۔ پاکستان افغانستان سے زیادہ کچھ نہیں مانگ رہا کیونکہ دونوں ہمسایہ ممالک کو ایک دوسرے کے ساتھ رہنا ہے۔ترجمان نے کہا کہ پاکستان افغان کاز کے لیے بہت قربانیاں دے چکا اور بھرپور تعاون بھی کیا۔ پاکستان نے ہزاروں افغان طلبہ کو تعلیم کے لیے مواقع فراہم کیے اور 6 ہزار سے زیادہ افغان طلبہ پاکستان میں زیر تعلیم رہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان نے افغانستان میں سڑکیں اور پل تعمیر کیے، یونیورسٹیاں قائم کیں اور ایک اسپتال بھی قائم کیا۔ افغانستان کی جانب سے باہمی خیر سگالی ہو تو تعاون اور دوستانہ ماحول دوبارہ قائم ہو سکتا ہے۔ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ زمینی حقائق یہ ہیں کہ بھارت بالخصوص خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں دہشت گردی میں ملوث ہے۔ بھارت یورپ، امریکا، کینیڈا اور آسٹریلیا میں بھی دہشت گردی میں ملوث ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان بھارت میں اسلامی مقدس مقامات کی منظم اور ریاستی سرپرستی میں مسماری پر گہری تشویش اور مذمت کا اظہار کرتا ہے۔ بھارت میں اسلامی مقدس مقامات کی مختلف بہانوں سے منظم مسماری 1950 کے انڈیا پاکستان معاہدے کی بھی خلاف ورزی ہے۔ترجمان نے کہا کہ 1950 کے معاہدے کے تحت مذہبی اقلیتوں کے حقوق اور ان کے تحفظ کی ضمانت دی گئی ہے۔ بھارت میں جاری جبر اس کے اپنے قوانین، بالخصوص 1991 کے پلیسز آف ورشپ ایکٹ کی بھی خلاف ورزی ہے۔انہوں نے کہا کہ 1991 کے پلیسز آف ورشپ ایکٹ کے تحت عبادت گاہ کا مذہبی تشخص وہی برقرار رہنا چاہیے جو 15 اگست 1947 کو تھا۔ سہارنپور کی مسجد 125 سال پرانی تھی۔ترجمان کے مطابق ہندوتوا پر مبنی اسلاموفوبک مہم نے صدیوں پرانے ورثے اور عبادت گاہوں کو تباہ کر کے خطرے سے دوچار کر دیا ہے۔ آیوجی، اجمیر شریف اور سہارنپور کلکٹریٹ مسجد سمیت صدیوں پرانی اسلامی عبادت گاہیں ہندوتوا مہم کا نشانہ بنی ہیں۔انہوں نے کہا کہ 1992 میں تاریخی بابری مسجد کی مسماری مذہبی عدم برداشت، تعصب اور نفرت پر مبنی نظریے کی ایک ہولناک یاد ہے۔ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ یاسین ملک نے بہادرانہ موقف اپنا کر بھارتی عدالتی نظام کو بے نقاب کیا، پاکستان کو یاسین ملک کی بگڑتی ہوئی صحت پر تشویش ہے، پاکستان یاسین ملک کا معاملہ اور مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی صورتحال پر عالمی فورمز پر بات کرتا رہے گا۔

بقیہ 43

کہ اللہ کا فضل ہے، لندن میں اچھا وقت گزرا۔صدر زرداری کو گزشتہ روز وطن واپس آنا تھا، تاہم برطانیہ میں ایئر ٹریفک کنٹرول سسٹم میں خرابی کی وجہ سے ان کی وطن واپسی موخر ہوگئی تھی۔

بقیہ 1

تمام ضروری اقدامات یقینی بنائے گی انہوں نے کہا کہ مستونگ کے علاقے کلی بیری میں پیش آنے والے واقعے کا مقدمہ درج کرلیا گیا ہے جبکہ پولیس کی جانب سے واقعے کی تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ 2

میں تعمیر نو یونیورسٹی کوئٹہ بل 2026 کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ بل کا مقصد بلوچستان میں نجی شعبے کے تحت تعمیر نو یونیورسٹی کوئٹہ کا قیام عمل میں لانا ہے، تاکہ معیاری اعلیٰ تعلیم، تحقیق، جدت اور انسانی وسائل کی ترقی کو فروغ دیا جاسکے۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ یونیورسٹی کے قیام سے اعلیٰ تعلیم تک رسائی میں توسیع، تعلیمی اداروں اور صنعت کے درمیان روابط کے فروغ، کاروباری صلاحیتوں اور ٹیکنالوجی کے فروغ سمیت صوبے کی سماجی و معاشی ترقی میں معاونت حاصل ہوگی۔

بقیہ 3

وائلڈ لائف کمپلیکس)، حکومت بلوچستان کے مالی سال 2019-22 کے خصوصی آڈٹ سے متعلق آڈٹ رپورٹ 2022-23 کے مختلف پیراز کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ متعلقہ محکمہ کی جانب سے منصوبے کے حوالے سے کمیٹی کو بریفنگ دی گئی، جس کے بعد آڈٹ اعتراضات پر تفصیلی غور کیا گیا۔

بقیہ 4

کہا کہ یہ معاہدہ محض دو تعلیمی اداروں کے درمیان تعاون نہیں بلکہ پاکستان اور برطانیہ کے درمیان علمی و تعلیمی روابط کو مزید مضبوط بنانے کی جانب اہم قدم ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسی شراکت داریاں پاکستانی طلبہ کو عالمی معیار کی تعلیم، بین الاقوامی تجربے اور جدید مہارتوں کے حصول کے بہتر مواقع فراہم کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج کے نوجوانوں پر سرمایہ کاری دراصل پاکستان کے مستقبل پر سرمایہ کاری ہے۔ نوجوانوں کو جدید تعلیم اور ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ مہارتیں فراہم کرکے نہ صرف ملک کی معیشت کو مضبوط بنایا جا سکتا ہے بلکہ خطے میں ترقی، خوشحالی اور استحکام کی نئی راہیں بھی ہموار کی جاسکتی ہیں۔ قائم مقام چیئرمین سینیٹ نے کمپیوٹنگ، سائبر سکیورٹی، مصنوعی ذہانت، بزنس، قانون اور ہیلتھ سائنسز سمیت جدید شعبوں میں تعلیمی پروگرامز کے آغاز کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ شعبے پاکستان کی معاشی اور سماجی ترقی کے لیے انتہائی اہم ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ مصنوعی ذہانت اور دیگر ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز کے دور میں نوجوانوں کو مستقبل کی ضروریات کے مطابق تیار کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے یونیورسٹی آف لاہور کے پاکستانی طلبہ کے لیے بین الاقوامی تعلیمی مواقع پیدا کرنے کے وژن کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ پاکستان اور برطانیہ کے تعلیمی اداروں کے درمیان تعاون کو ڈگری پروگرامز تک محدود رکھنے کے بجائے تحقیق، جدت، فیکلٹی تعاون، کاروباری سرگرمیوں اور طلبہ کے تبادلوں تک وسعت دی جائے گی۔

بقیہ 5

لوجسٹ بولان میڈیکل کالج (B-18) ڈاکٹر مہرینہ زمرد دختر یاسر صادق کیخلاف 6 جنوری 2019 سے مسلسل غیر حاضر رہنے کی بناء پر بیڈا ایکٹ 2011 کے تحت کارروائی عمل میں لاتے ہوئے انہیں محکمے سے جبری ریٹائر کردیا گیا ہے۔

بقیہ 6

وفروخت، فرد کے حصول اور دیگر مالیاتی امور میں نہ صرف بڑی سہولت ملے گی بلکہ کرپشن اور تاخیری حربوں کا بھی خاتمہ ہوگا۔ انہوں نے واضح کیا کہ گڈ گورننس کا قیام اور سرکاری خدمات تک عوام کی آسان رسائی موجودہ انتظامیہ کا بنیادی ہدف ہے۔ ضلع بھر شور کے دیرینہ مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جارہا ہے تاکہ علاقے میں ترقی کے ایک نئے دور کا آغاز ہو سکے۔ انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ وہ عوامی شکایات کے فوری ازالے کے لیے اپنے دفاتر کے دروازے عوام کے لیے کھلے رکھیں۔

بقیہ 7

اس موقع پر پاپولیشن کونسل کے کنٹری ڈائریکٹر ڈاکٹر علی میر نے اپنے خیر مقدمی کلمات میں کہا کہ آبادی کا مسئلہ صرف ایک شعبے تک محدود نہیں بلکہ پانی کی کمی، تیزی سے ہونے والا شہری پھیلاؤ، زرعی زمین کی کمی، غذائی قلت، غذائیت کی کمی، خواتین اور بچوں کی تعلیم وصحت سے براہ راست جڑا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 1965 کے بعد فی کس زرعی زمین میں تقریباً 80 فیصد کمی ہو چکی ہے، اس لیے آبادی میں اضافے اور محدود ہوتے وسائل کے تعلق کو ترقیاتی بحث کا حصہ بنانا ناگزیر ہے۔

بقیہ 8

کی لی گئیں۔ متروک سمجھے جانے والے اس مشغلہ کو ان طلبہ نے ازسرنو زندہ کر دیا ہے جو بلوچستان اور اس سکول کیلئے قابل تحسین اقدام ہے۔ طلبہ نے اس کامیابی کو اپنے والدین، سکول کے پرنسپلز اور اساتذہ کی رہنمائی اور حوصلہ افزائی کا نتیجہ قرار دیا ہے جن سے تعلیمی اداروں میں رہنمائی کی اہمیت بھی نمایاں ہو کر سامنے آئی ہے۔

بقیہ 9

لیا گیا، جبکہ نظرثانی شدہ نصاب اور کورس کوڈز کو اکیڈمک کونسل کے سامنے پیش کرنے کی سفارش کی گئی ہی بورڈ نے Data and Intelligence Artificial (AIDIRL) Lab Research Innovation اور علیحدہ ہارڈ ویئر لیبارٹری کے قیام کی تجویز بھی دی، تاکہ AI، IoT، روبوٹکس اور ایمبیڈڈ سسٹمز میں تحقیق اور عملی تربیت کو فروغ دیا جا سکے۔ اجلاس میں 56 کمپیوٹنگ کورسز کے لیبارٹری مواد کا بھی جائزہ لیا گیا، جن میں مشین لرننگ، ڈیپ لرننگ، جنریٹو AI، LLMs، NLP، کمپیوٹر وژن، ڈیٹا سائنس، سائبر سکیورٹی اور کلاؤڈ کمپیوٹنگ جیسے جدید شعبے شامل ہیں اجلاس میں جامعہ گوادر اور دیگر جامعات کے ماہرین تعلیم سمیت متعلقہ شعبوں کے ماہرین نے شرکت کی۔

بقیہ 10

سے تقریباً 50 کلومیٹر مشرق کی جانب پیش آیا۔ پولیس کے مطابق واقعے کی مزید تحقیقات مقامی انتظامیہ کی جانب سے جاری ہیں۔

بقیہ 11

کی بروقت تکمیل اور صوبے کی ترقی وخوشحالی کے لیے مؤثر اقدامات پر بھی غور کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے باہمی مشاورت، اتفاق رائے اور تعاون کو فروغ دینے کی ضرورت پر زور دیا۔ ملاقات کے موقع پر ڈسٹرکٹ چیئرمین خضدار حاجی صلاح الدین زہری بھی موجود تھے۔

بقیہ 12

جمعرات کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ بانی عمران خان کا نظریہ آج بھی زندہ ہے جس کی بدولت وکلاء روزانہ کی بنیاد پر اس نظریے کے تحت آئین کی بالادستی، قانون کی حکمرانی اور حقیقی جمہوریت کی جدوجہد کا حصہ بن رہے ہیں جو وکلاء آئین اور قانون کی بالادستی پر یقین رکھتے ہیں وہ کبھی آئین سے غداری نہیں کر سکتے

بقیہ 13

ہے۔ عوامی خدمت کا اصل معیار یہ ہے کہ عام شہری کو اپنے مسائل کے حل کیلئے غیر ضروری مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ حکومت، انتظامیہ، پولیس اور عوامی نمائندوں کو باہمی تعاون سے شہریوں کو بہتر ماحول اور بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانا ہوگی۔ کوئٹہ شہر اور اس کے مضافات میں عوام کو درپیش مسائل و مشکلات کے حل کو ترجیحی بنیادوں پر یقینی بنانے کیلئے اقدامات کیے جارہے ہیں۔ شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، سڑکوں، صحت وصفائی، نکاسی آب، بجلی، پانی اور دیگر عوامی مسائل کے حل کیلئے متعلقہ اداروں کو اپنی ذمہ داریاں مزید موثر انداز میں ادا کرنا ہونگی۔ انہوں نے کہا کہ بڑھتے ہوئے اسٹریٹ کرائمز پر قابو پانے کیلئے ٹھوس اور موثر اقدامات کیے جارہے ہیں۔

بقیہ 14

نرخوں کی خلاف ورزی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ دریں اثناء ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کے احکامات پر اسسٹنٹ کمشنر (سٹی) محمد امیر حمزہ اور اسسٹنٹ کمشنر (صدر) محمد یوسف ہاشمی کی نگرانی میں صدر سب ڈویژن کے مختلف علاقوں میں آٹے کی مقررہ نرخ سے زائد قیمت پر فروخت کے خلاف کارروائی کی گئی۔ کارروائی کے دوران آٹا ڈیلرز، ریٹیلرز اور مختلف دکانوں کا معائنہ کیا گیا اور سرکاری نرخ ناموں کی جانچ کی گئی۔ مقررہ نرخ سے زائد قیمت پر آٹا فروخت کرنے اور سرکاری نرخ نامے کی خلاف ورزی پر 11 افراد کو گرفتار کرلیا گیا۔ ضلعی انتظامیہ نے تمام تاجروں کو ہدایت کی کہ سرکاری نرخ نامہ نمایاں جگہ پر آویزاں کریں اور آٹا سمیت تمام اشیائے ضروریہ مقررہ نرخوں پر فروخت کریں۔ انتظامیہ نے واضح کیا کہ عوامی شکایات کی روشنی میں ناجائز منافع خوری، مصنوعی مہنگائی اور صارفین کے استحصال کے خلاف کارروائیاں بلاامتیاز جاری رہیں گی۔

بقیہ 15

اور دیگر مصروف مقامات پر گداگروں کی بڑھتی ہوئی موجودگی اور اس کے باعث شہریوں کو پیش آنے والی مشکلات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ضلعی انتظامیہ کوئٹہ ویسٹ اور محکمہ سوشل ویلفیئر مشترکہ طور پر گداگری کے خلاف جامع کریک ڈاؤن کا آغاز کریں گے، جو مسلسل جاری رہے گا۔ ڈپٹی کمشنر منیر احمد درانی نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ ضلع کے تمام اہم عوامی مقامات کی نشاندہی کر کے وہاں مربوط اور موثر کارروائی کی جائیں۔ کارروائی کے دوران گداگروں کو محض عوامی مقامات سے ہٹانے کے بجائے انہیں محکمہ سوشل ویلفیئر کے متعلقہ مراکز اور بحالی (Rehabilitation) کے اداروں میں منتقل کیا جائے تاکہ ان کی مناسب دیکھ بھال اور بحالی کے لیے ضروری اقدامات کیے جاسکیں۔ ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ اس مہم کا بنیادی مقصد شہریوں کو پرسکون اور محفوظ ماحول فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ گداگری میں ملوث افراد کی مناسب بحالی کو یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے تمام متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ مہم کے دوران ضلعی انتظامیہ اور محکمہ سوشل ویلفیئر کے درمیان موثر رابطہ اور مشترکہ کارروائی یقینی بنائی جائے۔

بقیہ 16

جائے گی۔ خلاف ورزی کی صورت میں نہ صرف متعلقہ ہوٹل یا کیفے کو موقع پر ہی سیل کر دیا جائے گا، بلکہ ان کے مالکان کے خلاف قانونی مقدمات بھی درج کیے جائیں گے۔ اسسٹنٹ کمشنر خضدار نے کہا کہ پولیس اور انتظامیہ کی خاص ٹیمیں مختلف علاقوں کا باقاعدگی سے معائنہ کریں گی تاکہ اس حکم نامے پر مکمل عمل درآمد یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے عوام اور بالخصوص والدین سے اپیل کی کہ وہ اس مہم میں انتظامیہ کا ساتھ دیں اور اپنے بچوں کی مثبت سرگرمیوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

بقیہ 17

کے موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر امتیاز خچی نے اسسٹنٹ کمشنر بلیدہ کو محکمہ سوشل ویلفیئر کی جانب سے جاری مختلف فلاحی پروگرامز اور عوامی خدمت کے اقدامات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ بریفنگ میں معذور افراد کی رجسٹریشن اور فلاحی معاونت، کمک پروگرام، ڈرگ ڈیٹوکسیفکیشن اینڈ ری ہیبلیٹیشن سینٹر، ویمن ووکیشنل ٹریننگ سینٹر، معذوری سرٹیفکیٹس کے اجرا، میڈیکل اسیسمنٹ بورڈ اور دیگر سماجی بہبود کی سرگرمیوں کے بارے میں آگاہ کیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر بلیدہ نے ڈپٹی ڈائریکٹر کے ہمراہ دفتر کے مختلف شعبہ جات کا دورہ کیا اور محکمہ کی جانب سے عوام کو فراہم کی جانے والی سہولیات، ریکارڈ کی دیکھ بھال اور جاری فلاحی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے محکمہ سوشل ویلفیئر کی کارکردگی اور عوامی فلاح کے لیے جاری اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ معاشرے کے کمزور اور مستحق طبقات کی خدمت ایک اہم ذمہ داری ہے اور اس سلسلے میں محکمہ کی کاوشیں قابل تعریف ہیں۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر امتیاز خچی نے محکمہ کو درپیش مختلف انتظامی اور بنیادی نوعیت کے مسائل، وسائل کی کمی، اداروں کی ضروریات اور دیگر امور سے متعلق اسسٹنٹ کمشنر بلیدہ کو آگاہ کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر بلیدہ ابوبکر میروانی نے مسائل کو غور سے سنا اور یقین دہانی کرائی کہ وہ ڈپٹی کمشنر کیچ کے ساتھ اس حوالے سے ملاقات کر کے محکمہ سوشل ویلفیئر کے مسائل کے حل کے لیے ہرممکن کوشش کریں گے۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ ضلعی انتظامیہ اور محکمہ سوشل ویلفیئر کے درمیان باہمی تعاون کو مزید مضبوط بنایا جائے تاکہ عوام، بالخصوص معذور افراد، خواتین، بچوں اور دیگر مستحق طبقات کو بہتر سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ دورے کے اختتام پر اسسٹنٹ کمشنر نے محکمہ سوشل ویلفیئر کی عوامی خدمت کے لیے جاری کوششوں کو سراہتے ہوئے مستقبل میں بھی مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

بقیہ 18

کے دوران سنگین خلاف ورزیوں پر 2 بیکریاں سیل، 2 فوڈ یونٹس جرمانہ اور 3 کو اصلاحی نوٹسز جاری کیے گئے۔ سیل کی جانے والی بیکریوں میں بیکری مصنوعات پر تیاری و میعاد ختم ہونے کی تاریخ درج نہ ہونے، کیڑوں مکوڑوں سے بچاؤ کے ناقص انتظامات، ورکرز کی جانب سے حفاظتی لباس کا استعمال نہ کرنے اور مصنوعات میں حشرات کی موجودگی سمیت متعدد خلاف ورزیاں پائی گئیں جبکہ گزشتہ جرمانوں کی عدم ادائیگی پر بھی کارروائی کی گئی۔ علاوہ ازیں ایک ریسٹورنٹ کو بی ایف اے لائسنس کے بغیر کاروبار اور خراب کوکنگ آئل کے استعمال پر جرمانہ کیا گیا جبکہ ایک بیکری کو ناقص صفائی، ڈسٹ بنز کی عدم موجودگی، PPE کے نامناسب استعمال اور بیکری مصنوعات میں حشرات پائے جانے پر جرمانہ عائد کیا گیا

بقیہ 19

میں تعینات میڈیکل آفیسر ڈاکٹر مسعود احمد اور ڈی ایچ او آفس ڈیرہ بگٹی میں تعینات چوکیدار، مالی محمد حسن کو ملازمت سے برطرف کردیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق برطرفی کی سزا بلوچستان ایمپلائز ایفیشنسی اینڈ ڈسپلن ایکٹ 2011 کے تحت دی گئی۔

بقیہ 20

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اور ایس ایم بی آر قمر دشتی کی میرٹ پر مبنی پالیسی کے تحت گل محمد مستوئی کو جائے تعیناتی کے احکامات جاری کیا اس موقع پر کمشنر صلاح الدین نورزئی نے کہا کہ موجودہ حکومت کے وژن اور واضح پالیسی کے مطابق حقدار اور اہل امیدواروں کو میرٹ کی بنیاد پر تعیناتی کے آرڈرز جاری کرنے کا عمل جاری ہے، جو طویل عرصے سے اپنے حق اور میرٹ کے مطابق ملازمت کے منتظر تھے۔ انہوں نے کہا کہ آج گل محمد مستوئی کو تعیناتی کا آرڈر دیتے ہوئے ہمیں خوشی محسوس ہورہی ہے، حکومت کی جانب سے میرٹ اور حقدار افراد کے حقوق کے تحفظ کے لیے کیے جانے والے اقدامات کو مزید وسعت دی جائے گی اور اہل امیدواروں کو ان کا جائز حق فراہم کرنے کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 21

قلات کے علاقے مرجان میں قومی شاہراہ پر واقع پل کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا جس سے پل تباہ ہوگیا اور قریب سے گزرنے والی کوچ میں سوار متعدد مسافر زخمی ہوگئے جنہیں ہسپتال منتقل کردیا گیا دھماکہ کی وجہ سے قومی شاہراہ پر ٹریفک کی آمدورفت معطل ہوگئی۔

بقیہ 22

ذریعے ہوتا ہے۔ کسی ڈاکٹر کا اپنی نمائندہ تنظیم کا عہدہ سنبھالنا اس کے سرکاری فرائض یا پیشہ ورانہ کردار کے خلاف نہیں۔ ترجمان نے کہا کہ ایسے اقدامات سے نہ صرف طبی برادری میں بے چینی پیدا ہوتی ہے بلکہ حکومت اور ڈاکٹرز کے درمیان اعتماد کی فضا بھی متاثر ہوتی ہے۔ بلوچستان کا شعبہ صحت پہلے ہی متعدد انتظامی، مالی اور بنیادی مسائل کا سامنا کر رہا ہے، ایسے وقت میں ڈاکٹرز کو دباؤ میں لانے کے بجائے ان کے ساتھ مشاورت اور باہمی احترام کا راستہ اختیار کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ پی ایم اے کوئٹہ زون حکومت بلوچستان سے مطالبہ کرتی ہے کہ ڈاکٹر نعیم زرکون کے خلاف جاری کیے گئے احکامات پر فوری نظر ثانی کرتے ہوئے انہیں واپس لیا جائے اور طبی برادری کے تحفظات کو سنجیدگی سے سنا جائے۔ ترجمان نے مزید کہا کہ پی ایم اے کوئٹہ زون ڈاکٹرز کے جائز حقوق، عزت، وقار اور نمائندگی کے جمہوری حق کے تحفظ کے لیے ہر آئینی، قانونی اور جمہوری فورم پر اپنی آواز بلند کرتی رہے گی۔ حکومت سے بھی مطالبہ ہے کہ معاملات کو مزید کشیدہ کرنے کے بجائے مذاکرات، افہام وتفہیم اور باہمی احترام کے ذریعے حل کیا جائے۔

بقیہ 23

باہمی تعاون کے فروغ پر زور دیا گیا۔ ملاقات میں ڈسٹرکٹ چیئرمین خضدار حاجی صلاح الدین زہری بھی موجود تھے۔

بقیہ 24

معاشرتی اقدار اور اسلامی تہذیب کے منافی ہے بلکہ اس کے نوجوان نسل پر انتہائی منفی اور خطرناک اثرات مرتب ہورہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اور انتظامیہ کی موجودگی میں اس نوعیت کی سرگرمیوں کا جاری رہنا انتظامیہ کی غفلت اور عدم توجہی کی عکاسی کرتا ہے۔ اگر فحاشی اور عریانی پھیلانے والے عناصر کے خلاف عملی کارروائی کی جاتی تو انہیں سرعام اور بلاخوف ایسی سرگرمیاں جاری رکھنے کی جرات نہ ہوتی۔ انتظامیہ کی خاموشی اور عدم توجہی نے ایسے عناصر کو مزید حوصلہ دیا ہے جس کے نتیجے میں شہر کا معاشرتی ماحول متاثر اور نوجوان نسل اخلاقی زوال کی جانب دھکیلی جارہی ہے۔

بقیہ 25

یو آئی نے ہر دور میں جمہوری حقوق کے تحفظ کے لیے مختلف تحریکوں کی قیادت کی اور آمریت و غیر جمہوری قوتوں کے سامنے کلمہ حق بلند کیا۔ آج بھی پاکستان کی جمہوری مقدمہ قائد جمعیت مولانا فضل الرحمن کی قیادت میں پوری قوت کے ساتھ لڑا جارہا ہے اور ملک میں جمہوری وغیر جمہوری قوتوں کے درمیان کشمکش جاری ہے، جمعیت علماء اسلام ہر دور کی طرح آج بھی عوام، آئین، پارلیمان اور جمہور کے ساتھ کھڑی ہے اور ہمیشہ جمہور کے پلڑے میں اپنا وزن ڈالے گی۔ مولانا عبدالواسع نے کہا کہ ملک میں موجود سیاسی بے یقینی، اضطراب اور تشویش کا خاتمہ اسی وقت ممکن ہے جب عوام کے حقیقی مینڈیٹ کو تسلیم کرتے ہوئے شفاف، آزاد اور منصفانہ انتخابات کرائے جائیں، کیونکہ عوامی اعتماد کے بغیر کوئی بھی سیاسی نظام دیرپا استحکام حاصل نہیں کرسکتا۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام نے جمہوریت، آئین کی بالادستی، پارلیمانی نظام اور عوام کے حق حکمرانی کے لیے بے شمار قربانیاں دی ہیں، ہمارے اکابرین نے قید و بند کی صعوبتیں برداشت کیں، کارکنوں نے مشکلات جھیلیں اور جمہوری جدوجہد کی بھاری قیمت ادا کی، لیکن جمعیت علماء اسلام اپنے اصولی مؤقف اور جمہوری جدوجہد سے کبھی دستبردار نہیں ہوگی؛ ہمارا راستہ آئین، پارلیمان، جمہور اور عوامی مینڈیٹ کا راستہ ہے اور ہم ہر حال میں اسی راستے پر ثابت قدم رہیں گے۔

بقیہ 26

نور، فضل کریم، گلزار دوست، سیٹھ یاسین، جمال شلیل، احسان سمیت دیگر افراد موجود تھے۔ وفود نے ڈپٹی کمشنر کیچ کو ضلع کیچ میں امن وامان کی صورتحال، پاک ایران بارڈر کی بندش، بی ایس ڈی آئی منصوبے اور دیگر عوامی مسائل سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر شرکاء نے آبسر انٹر کالج کی طالبات کے لیے بس کی فراہمی سمیت دیگر ضروری سہولیات کی فراہمی کا بھی مطالبہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی نے وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوامی مسائل کے حل کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہے اور ضلع میں امن وامان کی صورتحال کو مزید بہتر بنانے کے لیے متعلقہ اداروں کے ساتھ مربوط حکمت عملی کے تحت اقدامات جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاک ایران سرحد سے متعلق معاملات کے حل اور سرحدی سرگرمیوں کی بحالی کے لیے متعلقہ حکام سے رابطہ جاری ہے اور بارڈر کو جلد کھولنے کے لیے اقدامات کیے جارہے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر کیچ نے وفود کو یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ آبسر انٹر کالج کے لیے چھ کمروں کی تعمیر اور ضروری فرنیچر کی فراہمی کو بی ایس ڈی آئی کے پروگرام میں شامل کرنے کے لیے اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوامی فلاح و بہبود، تعلیمی سہولیات کی بہتری اور علاقے کی ترقی کے لیے دستیاب وسائل کو موثر انداز میں بروئے کار لارہی ہے اور عوامی مسائل کے حل کو ترجیحی بنیادوں پر یقینی بنایا جائے گا۔

بقیہ 27

کوششوں کو فروغ دینا تھا۔ تقریب میں اساتذہ اور طلباء نے شرکت کی۔ تقریب کے دوران ایک تقریری مقابلے کا بھی اہتمام کیا گیا جس میں مختلف کلاسوں کے طلباء نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا اور بدعنوانی کی لعنت کے خلاف اپنے افکار پیش کیے۔ ڈائریکٹر نیب محمد سلیم احمد نے طلباء کے خیالات کو سراہا اور ان میں تحائف تقسیم کیے۔ ڈپٹی ڈائریکٹر نیب بلوچستان جناب فرحان یوسف خان نے شرکاء کو اپنے آگاہی لیکچر کے دوران نیب کے طریقہ کار، وژن، مشن اور کارکردگی کے بارے میں تفصیل سے بیان کیا۔ ڈائریکٹر نیب محمد سلیم احمد نے طلباء سے گفتگو کرتے ہوئے کرپشن کے خاتمے میں اُن کے اہم کردار کو اجاگر کیا۔ انہوں نے اسلامی تعلیمات کی روشنی میں خود احتسابی پر زور دیا اور کہا کہ اسلام میں بدعنوانی اور بددیانتی کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ انہوں نے اقربا پروری، رشوت، سفارش، زور زبردستی اور جانبداری کو کرپشن کی اقسام کے طور پر گردانا اور اس بات پر افسوس کا اظہار کیا گیا کہ یہ رویے ہمارے معاشرے میں معمول بن چکے ہیں۔ اپنے بیان کے اختتام پر انہوں نے اساتذہ اور طلباء کی جانب سے پوچھے گئے سوالات کے تفصیلی جوابات دیے۔ علاوہ ازیں، انہوں نے سامعین میں بیٹھے طلباء و ترغیب دی کہ وہ اپنے الفاظ میں بدعنوانی کے خلاف اپنی نفرت کا اظہار کریں اور ان کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے انہیں تحائف دیے۔ اس موقع پر سٹی سکول، کوئٹہ کینٹ کی ہیڈ مسٹریس حنا نے نیب بلوچستان کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ معاشرے کے اہم رکن ہونے کے ناطے طلباء کی مشترکہ کوششیں کرپشن سے پاک معاشرے کی بنیاد رکھنے میں کلیدی کردار ادا کرسکتی ہیں۔ پروگرام کے اختتام پر ایک آگاہی واک کا اہتمام کیا گیا۔ ڈائریکٹر نیب (بلوچستان) نے نیب کی جانب سے سٹی سکول کی ہیڈ مسٹریس کو یادگاری شیلڈ پیش کی، اور تقریب دونوں جانب سے باہمی تشکر اور اظہار منونیت کے ساتھ اختتام پذیر ہوئی۔

بقیہ 28

کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کامل بہتر ہوا ہے محکمہ صحت میں 296 ڈاکٹرز، فارماسسٹ اور ڈینٹل سرجنز کی تعیناتی عمل میں لائی گئی، جس سے ڈویژن کے مختلف علاقوں میں طبی سہولیات کی فراہمی اور صحت عامہ کی خدمات میں بہتری آئی ہے محکمہ تعلیم میں بھی گزشتہ ایک سال کے دوران چار مرحلوں میں 2054 مرد و خواتین اساتذہ کو میرٹ کی بنیاد پر تعینات کیا گیا۔ کمشنر اور ڈپٹی کمشنرز کی نگرانی میں محکمہ تعلیم کی پالیسی پر عمل درآمد کے نتیجے میں ڈویژن کے 560 ایسے اسکول دوبارہ فعال ہو گئے جو اساتذہ کی عدم دستیابی کے باعث بند تھے محکمہ ریونیو میں بھی سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو کی خصوصی ہدایات پر اہم پیش رفت ہوئی۔ 66 ملازمین کو مستقل بنیادوں پر جبکہ 87 پٹواریوں کو عارضی بنیادوں پر تعینات کیا گیا ہے۔ ان تقرریوں میں ایسے امیدوار بھی شامل ہیں جو طویل عرصے سے میرٹ پرانی تقرری کے منتظر تھے تقریباً تین دہائیوں سے پٹواری کی تقرری کے منتظر امیدوار عبدالجبار اور محمد صدیق کو بھی بالآخر میرٹ کی بنیاد پر تقرری کے احکامات جاری کیے گئے عبدالجبار نے اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ مایوس ہو کر گھر بیٹھ گئے تھے، تاہم امید کی کرن کبھی نہ کبھی ضرور روشن ہوتی ہے۔ انہوں نے میرٹ کی بنیاد پر تقرریوں کے احکامات جاری کرنے والے اعلیٰ حکام کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا محمد صدیق نے کہا کہ انہوں نے 1992 میں پٹوار کا کورس مکمل کیا تھا اور طویل عرصے تک مختلف سرکاری دفاتر کے چکر لگاتے رہے، تاہم اب وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری شکیل قادر خان اور کمشنر آفس کی کاوشوں سے انہیں میرٹ کے مطابق تقرری کا حکم نامہ جاری کیا گیا ہے انہوں نے کہا کہ انہیں فون کر کے دفتر بلایا گیا اور تقرری کا حکم نامہ حوالے کیا گیا جو ان کے لیے طویل انتظار کے بعد بڑی خوشی کا باعث ہے حکام کے مطابق نصیر آباد ڈویژن میں ہونے والی یہ تمام تقرریاں اعلیٰ حکام کی ہدایات پر شفافیت، میرٹ اور قواعد وضوابط کو یقینی بناتے ہوئے مکمل کی گئی ہیں ان اقدامات کا بنیادی مقصد سرکاری اداروں میں خالی آسامیوں کو پر کر کے عوام کو صحت، تعلیم اور ریونیو سمیت بنیادی سرکاری خدمات کی بہتر فراہمی یقینی بنانا ہے۔

بقیہ 29

قیمتوں اور ناپ تول کے عمل کی نگرانی مزید موثر بنائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ شہر میں قائم تجاوزات کے خاتمے کیلئے بھی کارروائی جاری رہے گی، عوامی گزرگاہوں اور سڑکوں پر غیر قانونی تجاوزات قائم کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ اسسٹنٹ کمشنر مجیب الرحمن ساتکزئی نے کہا کہ عوام کو کسی بھی دکاندار کی جانب سے زائد قیمت وصول کرنے، سرکاری نرخنامے کی خلاف ورزی یا ناپ تول میں کمی کی شکایت ہو تو وہ براہ راست انتظامیہ سے رابطہ کریں۔ عوام اپنی جائز شکایات کے ازالے کیلئے میرے دفتر آسکتے ہیں، انتظامیہ عوام کی شکایات پر فوری کارروائی کرے گی۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ عوام انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں اور خلاف ورزیوں کی نشاندہی کریں تاکہ ناجائز منافع خوری اور تجاوزات کے خلاف موثر کارروائی کو یقینی بنایا جاسکے۔

بقیہ 30

ماحول فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات کیے جارہے ہیں اسی سلسلے میں سکولوں کی بڑھتی ہوئی ضروریات طلبا کی تعداد اور دستیاب کلاس رومز کی کمی کو مدنظر رکھتے ہوئے ضلع استا محمد میں 37 اضافی کمروں کی منظوری دی گئی ہے انہوں نے کہا کہ اضافی کلاس رومز کی تعمیر سے سکولوں میں طلبا کے لیے مزید گنجائش پیدا ہوگی اور انہیں بہتر تعلیمی سہولیات میسر آئیں گی مناسب اور کشادہ کلاس رومز کی فراہمی سے تدریسی عمل میں بہتری آئے گی جبکہ اساتذہ بھی زیادہ موثر انداز میں اپنی تدریسی ذمہ داریاں انجام دے سکیں گے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ معیاری تعلیم کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور اس مقصد کے لیے تعلیمی اداروں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی انفراسٹرکچر کی بہتری اور تدریسی ماحول کو سازگار بنانے پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے انہوں نے متعلقہ حکام پر زور دیا کہ تعمیراتی کاموں کے معیار کو یقینی بنایا جائے اور تمام منصوبے مقررہ معیار اور مدت کے مطابق مکمل کیے جائیں انہوں نے مزید کہا کہ حکومت بلوچستان کی جانب سے تعلیمی شعبے میں کیے جانے والے اقدامات کا بنیادی مقصد بچوں کو ان کی دہلیز پر معیاری تعلیمی سہولیات فراہم کرنا اور انہیں بہتر مستقبل کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ اس سلسلے میں محکمہ تعلیم اور ضلعی انتظامیہ باہمی رابطے کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں انجام دے رہے ہیں اس موقع پر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر اور دیگر متعلقہ افسران نے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کو سکول میں جاری تعلیمی سرگرمیوں طلبا کی تعداد اور دیگر ضروریات کے حوالے سے بریفنگ بھی دی۔

بقیہ 31

فراہم کر دی گئی ہیں۔ انہوں نے پولیس تھانہ سٹی وصدر منگولی، منجھو شوری، میر حسن اور 15 مددگار کے حوالے کرتے ہوئے کہا کہ نئی موٹر سائیکلوں کی فراہمی نہ صرف پولیس گشت کے دورانیہ میں اضافہ ہوگا بلکہ بروقت رسائی میں بہتری ہوگی۔ نئی موٹر سائیکلوں کی فراہمی سے پولیس کی پٹرولنگ، جرائم کی روک تھام، فوری رسپانس اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے اقدامات میں بہترین نتائج آئیں گے انہوں نے کہا کہ جدید وسائل کی فراہمی سے پولیس کے استعداد کار میں اضافہ ہوگا اور عوام کو بروقت و موثر پولیس سروسز کی فراہمی مزید بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔

بقیہ 32

مہیا کر دیئے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے بیشتر سکولوں میں بچے ٹاٹ پر بیٹھ کر تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ اس حوالے سے وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے سکولوں میں ٹاٹ کلچر ختم کرتے ہوئے تین ماہ میں اسکولوں کو ڈیسک مہیا کرنے کے اعلان کیا تھا تاہم اس پر اب تک عملدرآمد نہیں ہوسکا ہے۔

بقیہ 33

کر دیا، جبکہ متعلقہ دکاندار پر جرمانہ بھی عائد کیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے دکاندار کو سخت تنبیہ کرتے ہوئے کہا کہ عوام کی صحت سے کھیلنے اور مضر صحت گوشت فروخت کرنے کی کسی صورت اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ آئندہ ایسی خلاف ورزی کی صورت میں ذمہ دار افراد کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اسسٹنٹ کمشنر نے کہا کہ عوام کو معیاری اور صحت بخش گوشت کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے چیکنگ کا سلسلہ جاری رہے گا۔ انتظامیہ کی جانب سے واضح کیا گیا کہ مضر صحت یا غیر معیاری گوشت فروخت کرنے والوں کے ساتھ کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی۔

بقیہ 34

مالکان کو ہدایت کی گئی کہ وہ سرکاری نرخنامے کے مطابق نان فروخت کریں اور مقررہ وزن میں کسی قسم کی کمی نہ کی جائے۔ کارروائی کے دوران بعض تندوروں پر مقررہ وزن سے کم نان فروخت کیے جانے کی نشاندہی ہوئی، جس پر انتظامیہ نے فوری کارروائی کرتے ہوئے 5 افراد کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار افراد کے خلاف ضابطے کے مطابق قانونی کارروائی عمل میں لائی جارہی ہے۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر بروری کاشف امر نے تندور مالکان کو واضح ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو مقررہ نرخ اور وزن کے مطابق نان کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری نرخنامے کی خلاف ورزی، کم وزن نان کی فروخت یا صارفین سے مقررہ قیمت سے زائد وصولی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 35

لوگ کثیر تعداد میں موجود تھے۔ تقریب سے خطاب میں صوبائی وزیر نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان اور صوبائی حکومت بے روزگاری کے خاتمے کو اپنی اولین ترجیح سمجھتی ہے، میر محمد صادق عمرانی نے کہا کہ انہیں وزارت کی ذمہ داری جب ملی تو انہوں نے لواحقین کوٹے کے تحت التوا کا شکار کیس پر کام شروع کرواکے اسی جگہ ایک پروقار تقریب میں 117 بیوہ، یتیم لواحقین کو تعیناتی کے آرڈرز فراہم کیے، انہوں نے کہا کہ جس کی ضرورت مند حقدار کو نوکری یا ترقی کے آرڈرز دینا میرے لیے ایک اعزاز کی بات ہے اور اس نیک کام سے مجھے جو خوشی مل رہی ہے وہ میں بیان نہیں کرسکتا۔ میر محمد صادق عمرانی نے ترقی پانے والے ملازمین کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ اپنے فرائض منصبی کو ایمانداری سے انجام دیتے ہوئے محکمے اور صوبے کی ترقی کیلئے اپنا کردار ادا کریں گے، اس موقع پر تقریب سے محکمے کے افسران و دیگر نے خطاب کرتے ہوئے ترقی پانے والے ملازمین کو مبارکباد پیش کی، انہوں نے کہا کہ صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی اور سیکرٹری آبپاشی سہیل الرحمان بلوچ اور ان کی ٹیم کی بہترین کاوشوں کے نتیجے میں محکمہ ترقی کے منازل طے کررہا ہے، انہوں نے کہا کہ سینکڑوں حقدار ملازمین کو ترقی کے آرڈرز ملنے سے پورے محکمے میں خوشی کی لہر دوڑ اٹھی ہے، انہوں نے امید ظاہر کی کہ ترقی پانے والے ملازمین مزید جانفشانی سے اپنے فرائض منصبی انجام دینے کیلئے کوئی کسر اٹھا نہیں رکھیں گے۔

بقیہ 36

بلوچستان کے اسکولوں سے ٹاٹ ختم کر کے تمام اسکولوں کو ڈیسک مہیا کر دیئے جائیں گے مگر ان کے ان احکامات پر تین ماہ کا طویل عرصہ بیت جانے کے باوجود عمل نہیں ہوا ہے، اب بھی اندرون صوبہ کے بیشتر اسکولوں میں بچے ٹاٹ پر بیٹھ رہے ہیں، اس حوالے سے ڈائریکٹر اسکولز محمد اختر کھیتران نے بتایا کہ جن اسکولوں میں ڈیسک کی ضرورت ہے ان کی تعداد کے مطابق سمری صوبائی حکومت کو بھجوادی گئی ہے، فنڈز ملنے کے بعد ڈیسک اسکولوں کو مہیا کردیئے جائیں گے۔

بقیہ 37

کو یقینی بنائیں تاکہ کوئی بھی حقدار شناختی کارڈ سے محروم نہ رہے جبکہ کسی غیر متعلقہ فرد کو شناختی کارڈ جاری نہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ بلاک شناختی کارڈ کی وجہ سے عوام کو شدید مشکلات درپیش ہیں، شناختی کارڈ کے بغیر نہ روزگار ملتا ہے اور نہ ہی سرکاری سہولیات، اس لیے اس مسئلے کا حل اولین ترجیح ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ وہ بلاک شناختی کارڈ کیسز کو میرٹ پر فوری نمٹائیں اور حتمی رپورٹ پیش کریں تاکہ مستحق افراد کو جلد ریلیف دیا جاسکے۔

بقیہ 38

دائر کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کر دی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ لہٰذا، وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کو فوری طور پر میرج گرانٹ کی ادائیگی کی جائے۔ احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کو میرج گرانٹ کی مد میں 50 ہزار کا چیک جاری کر دیا۔ اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 39

سینکڑوں ٹرک کئی ماہ سے تفتان میں خالی کھڑے ہیں اور واپسی کے منتظر ہیں۔ اس سلسلے میں ہمارے معزز ٹرانسپورٹر رہنماؤں کی آئی جی ایف سی سے ملاقات بھی ہو چکی ہے، جس میں آئی جی ایف سی صاحب نے تسلی بخش یقین دہانی کرائی ہے۔ ترجمان نے امید ظاہر کی کہ ان شاء اللہ آئندہ کا لائحہ عمل بھی مثبت اور بہتر ہوگا اور تفتان میں پھنسے ٹرانسپورٹرز کی گاڑیوں کو جلد از جلد آزادانہ نقل و حرکت کی اجازت مل جائے گی۔

بقیہ 40

ایجوکیشنل گائیڈ لائن کے ساتھ یونیورسٹی فیکلٹیز کو بھرپور معاونت فراہم کریگی کمشنر لسبیلہ ڈویژن نے کہا کیریئر سازی کیلئے اسٹوڈنٹ اور ٹیچرز کے مابین کمیونیکیشن کو آرڈینیشن ہونی چاہیے فیملیز اسٹوڈنٹ کو جاب سلیکشن میں صرف میڈیکل اور ٹیچنگ کا شعبہ نہیں بلکہ ایڈمنسٹریشن و دیگر فیلڈ جوائن کرنی چاہیے کمشنر نے اپنی پیغام میں کہا کہ جاب اپلائی کے حوالے سے امیدوار کبھی بھی مایوسی کا شکار نہ ہوں اللہ پر توکل رکھیں خود اعتمادی کو برقرار رکھیں کامیابی آپکے قدم چومے گی کمشنر نے پسماندہ علاقوں اور ان سے تعلیمی ترقی کے سفر سے طالبات کو آگاہ کیا

بقیہ 41

انتخابی سرگرمیوں کی تیاری شروع کردی جب کہ الیکشن کمیشن کا ملک بھر میں انتخابی افسران کا ڈیٹا بینک اپ ڈیٹ کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ الیکشن کمیشن نے غیر معمولی طور پر دو سال قبل ہی انتخابی عملے کا ڈیٹا بینک بنانا شروع کردیا، الیکشن کمیشن نے صوبائی الیکشن کمشنرز کو مراسلہ ارسال کردیا۔ صوبائی حکام نے ضلعی الیکشن کمشنرز کو انتخابی عملے کا ڈیٹا بینک اپ ڈیٹ کرنے کی ہدایات جاری کیں، الیکشن کمیشن نے کہا کہ تمام سرکاری محکموں میں کام کرنے والے افسران و اہلکاروں کا ریکارڈ مرتب کیا جائے۔ تمام ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنرز کو ڈیٹا بینک کی تکمیل کیلئے 10 روز کا وقت دیا گیا، خط کے متن میں کہا گیا کہ ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنرز 10 روز میں ڈیٹا بینک مکمل کر کے الیکشن کمیشن کو تصدیق کر بھجوائیں، انتخابی افسران کا اپ ڈیٹڈ ڈیٹا بینک آئندہ انتخابات میں بروقت اقدامات کیلئے استعمال ہوگا۔ الیکشن کمیشن نے ضلعی سطح پر انتخابی عملے کا ریکارڈ مکمل کرنے کی ہدایت کردی، الیکشن کمیشن نے پولنگ اسٹیشنز کی فہرست اپ ڈیٹ کرنے کا فیصلہ کیا۔ چاروں صوبوں کے تمام اضلاع میں موجودہ پولنگ اسٹیشنز کی تصدیق کی ہدایت جاری کی گئی، ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنرز کو نئے پولنگ اسٹیشنز کیلئے عمارتوں کی نشاندہی کا حکم دیا گیا، رجسٹرڈ ووٹرز کی تعداد میں اضافے کے پیش نظر اضافی پولنگ اسٹیشنز قائم ہوں گے۔ تمام اضلاع میں پولنگ اسٹیشنز کی موجودہ فہرست کا ازسرنو جائزہ لینے کی ہدایت کی گئی، نئے پولنگ اسٹیشنز کیلئے موزوں سرکاری ودیگر عمارتوں کی نشاندہی کی جائے گی۔

بقیہ 42

کے لیے مشعل راہ ہیں۔ بانی پاکستان قائد اعظم محمد علی جناح کی 78 ویں برسی 11 ستمبر 2026 پر اپنے پیغام میں وزیر اعظم نے کہا کہ بابائے قوم قائد اعظم محمد علی جناح کی 78 ویں برسی پر پوری قوم اپنے عظیم رہبر کی بصیرت افروز قیادت، باشعور سیاسی حکمت عملی اور بے لوث قومی رہنمائی پر دلی خراج عقیدت پیش کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائد اعظم محمد علی جناح دنیا کے وہ ممتاز رہنما ہیں جنہوں نے تاریخ کا دھارا موڑ کر انتہائی نامساعد حالات میں برصغیر کے مسلمانوں کے لیے آزاد مملکت کی راہ ہموار کی۔ انہوں نے کہا کہ قائد اعظم نے مسلمانان برصغیر کو مذہبی، تہذیبی اور نظریاتی شناخت کے تحفظ کے لئے متحد ہو کر جدوجہد کرنے کا عزم و حوصلہ دیا۔ انہوں نے کہا کہ قائد اعظم کی سیاسی بصیرت، دوراندیشی اور بہترین قیادت کی بدولت تحریک آزادی کامیابی سے آگے بڑھی اور مسلمانوں کی نظریاتی آزادی، سیاسی و مذہبی حقوق اور معاشی و معاشرتی ترقی کے ضامن، ایک آزاد مملکت کا خواب، پاکستان کی صورت تکمیل کو پہنچا۔ انہوں نے کہا کہ قائد اعظم نے نوزائیدہ مملکت کو درپیش کٹھن انتظامی، مالیاتی مسائل اور لاکھوں افراد کی نقل مکانی اور نظام حکومت کو چلانے سمیت تمام چیلنجز کو مدبرانہ اور پر اعتماد انداز میں سنبھالا۔ انہوں نے کہا کہ قائد اعظم نے واضح کیا کہ ریاست پاکستان کی بنیاد اسلامی اصولوں پر قائم ہے جو بلا تفریق رنگ ونسل شہری و مذہبی آزادی اور یکساں بنیادی حقوق و فرائض پر مبنی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو ترقی یافتہ اور فلاحی ریاست بنانا قائد اعظم کی سیاسی میراث کا اولین مقصد ہے، پاکستان کی ترقی وخوشحالی اور فلاح و بہبود پوری قوم کی مشترکہ اور اجتماعی کاوشوں سے ہی ممکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ دن اس بات کا متقاضی ہے کہ ہم بحیثیت قوم قائد اعظم کے رہنما اصولوں پر کاربند رہنے کا تجدید عہد کریں، قائد کے اصولوں، ایمان، اتحاد اور نظم و ضبط سے غیر متزلزل وابستگی، آئندہ نسلوں کی تعلیم و تربیت کے لئے رہنما اور تابناک قومی مستقبل کے لیے مشعل راہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قائد اعظم کی میراث کو خراج عقیدت پیش کرنے کا بہترین طریقہ یہی ہے کہ ہم قومی یکجہتی، معاشرتی ہم آہنگی اور معاشی استحکام کے فروغ کے لیے مل کر کام کریں۔ تاکہ آنے والی نسلوں کو ایسا ملک ورثے میں ملے جو عظیم قائد کے افکار و نظریات کا حقیقی آئینہ دار ہو۔ انہوں نے کہا کہ آج ساری قوم بانی پاکستان قائد اعظم محمد علی جناح کے بلندی درجات کے لئے دعاگو ہے، اللہ تعالیٰ انکو اپنی جوار رحمت میں بلند درجہ عطا فرمائے۔ آمین

بقیہ 43

(ن) کو پی پی قیادت کے ساتھ رابطے بڑھانے اور معاملات حل کرنے کا مشورہ دیا گیا ہے، اسپیکر قومی ایاز صادق اور نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار اتحادیوں میں معاملات سدھارنے کیلئے کوشاں ہیں۔ پارلیمانی ذرائع کے مطابق قومی اسمبلی کا 21 ستمبر کو متوقع اجلاس بھی اب آگے جانے کا امکان پیدا ہوگیا، پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) کے درمیان تعلقات معمول پر آنے تک قومی اسمبلی کا اجلاس نہ بلانے کی تجویز ہے۔ حکومت کی جانب سے قومی اسمبلی اجلاس کی مجوزہ تاریخ میں تبدیلی پر غور جاری ہے۔ پی پی سے اعتماد بحال کیے بغیر قومی اسمبلی اجلاس بلانے سے متعلق (ن) لیگ میں تشویش ہے، حکمران جماعت کو پیپلز پارٹی کے بغیر کورم پورا کرنا مشکل ہوگیا۔ حکومت نے پی پی قیادت سے معاملات طے کرنے کیلئے اعلیٰ سطح پر رابطوں اور ملاقاتوں کا فیصلہ کیا ہے۔

بقیہ 44

تصور ہوگی۔ جسٹس محمد علی مظہر، جسٹس مسرت ہلالی اور جسٹس عرفان سعادت خان پر مشتمل تین رکنی بینچ نے پنجاب حکومت کی جانب سے دائر سول اپیل خارج کرتے ہوئے لاہور ہائیکورٹ کا فیصلہ برقرار رکھا۔ عدالت نے قرار دیا کہ پنجاب کالونائزیشن آف گورنمنٹ لینڈ ایکٹ کے تحت بورڈ آف ریونیو کو فراڈ یا غلط بیانی سے حاصل کیے گئے حقوق کے خلاف کارروائی کا اختیار حاصل ہے تاہم اس اختیار کے استعمال سے قبل متعلقہ شخص کو معقول موقع سماعت دینا ضروری ہے۔ سپریم کورٹ نے قرار دیا کہ موجودہ مقدمہ میں زمین کی منسوخی سے قبل نہ تو مدعا علیہان کو نوٹس جاری کیا گیا اور نہ ہی انہیں اپنا موقف پیش کرنے کا موقع دیا گیا۔ زمین کی مکمل قیمت ادا کی جا چکی تھی، قبضہ بھی منتقل ہو چکا تھا اور مدعا علیہان کے نام ریونیو ریکارڈ میں مالکان کے طور پر درج تھے۔ عدالت کے مطابق فطری انصاف کے اصول تقاضا کرتے ہیں کہ جس شخص کے خلاف کارروائی کی جائے اسے وضاحت دینے اور اپنا موقف پیش کرنے کا منصفانہ موقع دیا جائے۔ آئین کے آرٹیکل 10 اے کے تحت منصفانہ ٹرائل بنیادی حق ہے اور کسی شخص کے حقوق متاثر کرنے والا فیصلہ سماعت کا موقع دیے بغیر نہیں کیا جا سکتا۔ مقدمے کے مطابق سرگودھا کے چک نمبر 89 این بی میں 20 کنال 10 مرلہ اراضی محمد یوسف کو الاٹ کی گئی تھی جس کے بعد یہ زمین مدعا علیہ کے حق میں منتقل کردی گئی اور انتقال بھی ریونیو ریکارڈ میں درج ہوگیا۔ بعدازاں بورڈ آف ریونیو پنجاب نے یہ مؤقف اختیار کرتے ہوئے الاٹمنٹ منسوخ کردی کہ زمین میونسپل حدود سے پانچ میل کے ممنوعہ علاقے میں واقع تھی اور الاٹمنٹ فراڈ اور غلط بیانی سے حاصل کی گئی تھی۔ سپریم کورٹ نے قرار دیا کہ سروے جنرل آف پاکستان کی رپورٹ کے مطابق متنازع زمین سرگودھا شہر کی حدود سے مختلف مقامات کے حساب سے پانچ میل سے زیادہ فاصلے پر تھی تاہم ممنوعہ علاقے سے متعلق قانونی نکات کے باوجود زمین کی منسوخی سے قبل نوٹس اور سماعت کا بنیادی تقاضا پورا نہیں کیا گیا۔ عدالت نے پنجاب حکومت کی دوسری درخواست کے حوالے سے قرار دیا کہ 4402 دن کی تاخیر معاف کرنے کے لیے قابل قبول وجہ پیش نہیں کی گئی۔ سرکاری محکموں کی غفلت اور انتظامی تاخیر کو محض عمومی جواز کی بنیاد پر تاخیر معاف کرنے کے لیے کافی نہیں سمجھا جاسکتا۔ سپریم کورٹ نے قرار دیا کہ تاخیر کی معافی کے لیے ہر دن کی تاخیر کی وضاحت ضروری ہے اور حکومت یا سرکاری محکموں کو عام سائلین کے مقابلے میں خصوصی رعایت نہیں دی جاسکتی۔ عدالت نے تاخیر معافی کی درخواست مسترد کرتے ہوئے سول پٹیشن بھی مدت گزرنے کی بنیاد پر خارج کردی۔

بقیہ 45

ہوئے انہوں نے کہا کہ ایکسپو میں 600 سے زائد اسٹالز قائم ہیں 200 سے زائد ملکی وغیر ملکی کمپنیاں شریک ہیں جبکہ 30 سے زائد کانفرنسز منعقد ہوں گی اور متعدد مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط کیے گئے ہیں۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ چند ماہ قبل اسلام آباد میں پاکستان اور چین کی کمپنیوں کے درمیان بی ٹو بی کانفرنس کا انعقاد کیا گیا جس میں چین سے صحت کے شعبے کی 180 جبکہ پاکستان سے 300 سے زائد کمپنیاں شریک ہوئیں۔ وزیر اعظم نے کانفرنس کا افتتاح کیا اور دو روزہ کانفرنس کے دوران 663 ملین ڈالر کے معاہدے طے پائے، جو آئندہ 12 سے 14 ماہ کے دوران پاکستان میں سرمایہ کاری کی صورت میں سامنے آئیں گے۔ انہوں نے کہا کہ چینی کمپنیوں کے ساتھ تقریباً 1.2 ارب ڈالر کے ایم او یوز بھی طے ہوئے ہیں، جن پر حکومت پیش رفت کا جائزہ لے رہی ہے اور سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سہولت فراہم کی جارہی ہے۔ وفاقی وزیر نے ہیلتھ ایشیا ایکسپو کے انعقاد پر ای کامرس گیٹ وے اور اس کی ٹیم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ دنیا بھر سے کمپنیوں اور مصنوعات کو ایک پلیٹ فارم پر لانا قابل تحسین اقدام ہے، پاکستان اس وقت تقریباً 26 کروڑ آبادی کا ملک ہے، جو ایک طرف چیلنج ہے تو دوسری جانب ہیلتھ کیئر فراہم کرنے والی کمپنیوں کے لیے ایک بڑی مارکیٹ اور موقع بھی ہے۔

بقیہ 46

نے وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سے ملاقات کی جس میں پاکستان میں نجی شعبے کے لیے سرمایہ کاری اور فنانسنگ بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ بی آئی آئی وفد نے پاکستان کو اہم سرمایہ کاری کی منزل قرار دیتے ہوئے آئندہ برسوں میں سرمایہ کاری بڑھانے کی خواہش کا اظہار کیا۔ وفد کے مطابق ایشیا اور افریقا میں آئندہ پانچ سال کے دوران دو ارب ڈالر سے زائد کی سرمایہ کاری کی جائے گی۔ ملاقات میں پاکستان میں انفرااسٹرکچر اور کلائمیٹ فنانس کے شعبوں میں سرمایہ کاری کے امکانات کا جائزہ لیا گیا۔ قابل تجدید توانائی اور بجلی کی ترسیل کے منصوبوں میں سرمایہ کاری پر بھی غور کیا گیا۔ اعلامیے کے مطابق ایس ایم ایز اور زرعی شعبے کے لیے فنانسنگ بڑھانے، پرائیویٹ ایکوئٹی اور پرائیویٹ کریڈٹ کے فروغ پر بھی تبادلہ خیال ہوا۔ سرمایہ کاری کے لیے نئے کیپٹل مارکیٹ آلات متعارف کرانے اور موجودہ ریئل اسٹیٹ اثاثوں کی ٹوکنائزیشن کے امکانات پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال ہوا۔

بقیہ 47

اور آئندہ بھی اس شعبے کی بہتری کے لیے ہر ضروری قدم اٹھایا جائے گا۔ وہ جمعرات کو یہاں پاکستان بار کونسل کے زیر اہتمام لیگل ایجوکیشن ڈائریکٹوریٹ کی سالانہ رپورٹ کے اجراء کی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ تقریب میں پاکستان بار کونسل کی ایگزیکٹو کمیٹی کے چیئرمین منیر ملک، سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن آف پاکستان کے صدر ہارون رشید، ڈائریکٹوریٹ آف لیگل ایجوکیشن کے ڈائریکٹر اسامہ مالک، پاکستان بار کونسل کے ارکان ثاقب گوندل، رضوان عباسی اور حسن رضا پاشا، سینئر ارکان، اسلام آباد بار کونسل کے وائس چیئرمین آصف عرفان، سینئر ارکان وکالت اور دیگر معزز مہمانوں نے شرکت کی۔ وفاقی وزیر نے بتایا کہ 2010 میں پاکستان بار کونسل کا رکن منتخب ہونے کے بعد انہیں چیئرمین لیگل ایجوکیشن کمیٹی کی ذمہ داری سونپی گئی، جس کے بعد لیگل ایجوکیشن کے شعبے میں اصلاحات کے لیے کام کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ 15 سال کے دوران ملک میں لاء کالجز سے متعلق متعدد مسائل سامنے آئے۔ لیگل ایجوکیشن کو پبلک سیکٹر سے پرائیویٹ سیکٹر میں منتقل کیے جانے کے بعد متعدد اداروں نے اچھا کام کیا، تاہم ریگولیٹری کی اونرشپ کمزور ہونے سے بھی مسائل پیدا ہوئے۔ سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ لیگل ایجوکیشن میں اصلاحات کو ترجیح دی گئی اور اس سلسلے میں متعدد اہم اقدامات کیے گئے۔ لاء کالجز میں غیر معیاری اور گھوسٹ داخلوں کے تدارک کے لیے اوپننگ کورس ختم کیے گئے جبکہ بار میں داخلے کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے پاکستان میں لاء گیٹ متعارف کرایا گیا۔ انہوں نے کہا کہ 2022-23 میں فیصلہ کیا گیا کہ ہر لاء کالج اپنے طلبہ کا ڈیٹا پاکستان بار کونسل کے ساتھ شیئر کرے گا، جبکہ جو کالج مطلوبہ ڈیٹا فراہم نہیں کرے گا، اس کی ڈگری رجسٹر نہیں کی جائے گی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان میں لیگل ایجوکیشن کو عالمی معیار کے مطابق لانے کے لیے پانچ سالہ ایل ایل بی پروگرام متعارف کرایا گیا، بعدازاں بین الاقوامی تقاضوں اور مسابقت کو مدنظر رکھتے ہوئے ایل ایل بی پروگرام کو چار سال کا کیا گیا۔ اس موقع پر پاکستان بار کونسل کے چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی منیر ملک نے کہا کہ لیگل ایجوکیشن ڈائریکٹوریٹ سپریم کورٹ کے حکم پر قائم کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈائریکٹوریٹ کے ذریعے پانچ سالہ لیگل ایجوکیشن کورس کو چار سال کا کیا گیا جبکہ لیگل ایجوکیشن کی بہتری کے لیے ہائر ایجوکیشن کمیشن کے ساتھ بھی ملاقاتیں ہوئی ہیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈائریکٹوریٹ آف لیگل ایجوکیشن بیرسٹر اسامہ مالک نے کہا کہ اصلاحات کا بنیادی مقصد ان افراد کی بہتر تیاری ہے جو مستقبل میں شعبہ وکالت سے وابستہ ہو کر نظام انصاف کی خدمت کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ اصلاحات کا مقصد آنے والی نسلوں کے لیے ایک مضبوط ادارہ اور بہتر نظام چھوڑنا ہے۔

بقیہ 48

اور جدوجہد نے برصغیر کے مسلمانوں کو ایک علیحدہ وطن کے حصول کے لیے متحد کیا۔ ان کی اصولوں سے وابستگی اور تاریخی جدوجہد قوم کے لیے ہمیشہ مشعل راہ اور باعث تقویت رہے گی۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ قائد اعظم نے ہمیشہ قانون کی حکمرانی، آئین کی بالادستی، جمہوری اصولوں اور سیاسی دانش مندی کو مقدم رکھا۔ ان کی زندگی اور جدوجہد اس امر کی عکاس ہے کہ قومی مقاصد کے حصول کے لیے ثابت قدمی، اتحاد اور تنظیم ناگزیر ہیں۔

بقیہ 49

بنا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بیلٹ اینڈ روڈ انیشی ایٹو محض اقتصادی منصوبہ نہیں بلکہ ممالک اور اقوام کو قریب لانے کا مؤثر پلیٹ فارم ہے، جس کے ذریعے علاقائی تعاون تجارتی راستوں سے آگے بڑھ کر مربوط ویلیو چینز میں تبدیل ہورہا ہے۔ وفاقی وزیر تجارت نے 11 ویں بیلٹ اینڈ روڈ سمٹ سے خصوصی خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان وسطی ایشیا اور مغربی چین کو گرم پانیوں اور اپنی بندرگاہوں سے منسلک کرنے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ ریلوے، سڑکوں اور ٹرانزٹ ٹریڈ روابط کی توسیع پاکستان کو وسطی ایشیا کے لیے ایک مختصر اور مؤثر تجارتی راستہ بنا رہی ہے، جبکہ ملک مغربی، وسطی اور مشرقی ایشیا کے درمیان اہم تجارتی پل کے طور پر ابھر رہا ہے۔ جام کمال خان نے کہا کہ علاقائی روابط پاکستان کے لیے ڈیڑھ ارب صارفین پر مشتمل وسیع منڈیوں کے دروازے کھول رہے ہیں۔ بندرگاہی اصلاحات، ڈیجیٹل کسٹمز اور جدید لاجسٹکس کے ذریعے تجارت میں وقت اور لاگت کم کی جارہی ہے، جبکہ پاکستان ایک ابھرتے ہوئے ٹرانس شپمنٹ مرکز کے طور پر سرمایہ کاروں کو وسیع علاقائی منڈیوں تک رسائی فراہم کرسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ علاقائی تجارت کے بدلتے تقاضوں کے پیش نظر ڈیجیٹل جدت، پائیداری اور ہنرمند روزگار کو تجارتی ڈھانچے کا حصہ بنانا ناگزیر ہے۔ پاکستان کی معاشی حکمت عملی برآمدات میں اضافے، صنعتی جدید کاری اور سرمایہ کاری کو سہولت فراہم کرنے پر مبنی ہے۔

بقیہ 50

۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ آزاد جموں وکشمیر کے عوام کی ترقی اور فلاح و بہبود اہم ترجیحات میں شامل ہیں۔ اجلاس میں معاون خصوصی وزیر اعظم طارق باجوہ، سیکرٹری امور کشمیر و گلگت بلتستان، چیف سیکرٹری آزاد جموں وکشمیر، آزاد کشمیر اور وفاقی حکومت کے اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 51

گئیں۔ ایئرپورٹ فلائٹ انفارمیشن ذرائع کے مطابق منسوخ ہونے والی پروازوں میں ملکی وغیر ملکی ایئر لائنز کی پروازیں شامل ہیں۔ پروازیں منسوخ ہونے کے باعث مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، جبکہ درجنوں پروازیں کئی کئی گھنٹے تاخیر کا شکار ہوئیں۔ ذرائع کے مطابق ایران امریکا کشیدگی اور برطانیہ کے فلائٹ سسٹم میں خرابی کے باعث پروازیں منسوخ ہوئیں۔ یورپ اور مشرق وسطیٰ جانے والے مسافروں کو ایئرپورٹ آنے سے قبل اپنی پروازوں کی مکمل معلومات لے کر آنے کی ہدایت جاری کردی گئی ہے۔ گزشتہ 3 روز سے برطانیہ کے فلائٹ آپریشن سسٹم میں خرابی نے بھی مسافروں کی مشکلات میں اضافہ کردیا جبکہ رہی سہی کسر ایران امریکا کشیدگی نے پوری کردی اور بحال ہونے والے فضائی آپریشن کو ایک بار پھر معطل کر کے رکھ دیا۔ علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے 14 پروازیں، اسلام آباد ایئرپورٹ سے 8، کراچی ایئرپورٹ سے 16، ملتان ایئرپورٹ سے 4، کوئٹہ ایئرپورٹ سے 3 جبکہ سیالکوٹ ایئرپورٹ سے 2 پروازیں منسوخ کی گئی ہیں۔ براستہ ترکی، قطر، دبئی، بحرین، جدہ اور ریاض جانے اور آنے والی درجنوں پروازیں 3 سے 5 گھنٹے تک تاخیر کا شکار رہیں، جس کے باعث مسافروں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔

بقیہ 52

ٹیکنالوجی کی منتقلی، مقامی استعداد کار میں اضافہ، تحقیق و ترقی اور ہنرمند روزگار کو بنیادی اہمیت حاصل ہوا اور یہ کہ پاکستان کو محض ٹیکنالوجی استعمال کرنے والے ملک کے بجائے جدت اور ٹیکنالوجی کی ترقی میں فعال شراکت دار بننا ہوگا۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار آئی سی سی آئی میں 9 رکنی چینی وفد کے دورے کے موقع پر کیا، جس کی قیادت ایچ کے ایچ پرائیویٹ لمیٹڈ کے منیجنگ ڈائریکٹر کیپٹن عبدالخالق ربانی کھر اور شنگھائی یومن ٹیکنالوجی ڈویلپمنٹ کمپنی لمیٹڈ کے جنرل منیجر لوگو پنگ کر رہے تھے۔ اجلاس میں سیف سٹی اور سمارٹ سٹی سلوشنز، جدید سکیورٹی سسٹمز، ڈرونز، روبوٹکس، یو اے وی ٹیکنالوجی، ڈیٹا سینٹرز، تعلیم، مہارتوں کی ترقی اور تحقیق وترقی سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کے نئے امکانات کا جائزہ لیا گیا۔ آئی سی سی آئی کے صدر نے کہا کہ پاک چین ٹیکنالوجی تعاون کا مقصد محض ٹیکنالوجی درآمد کرنا نہیں بلکہ اسے مقامی سطح پر ترقی دینا، مشترکہ منصوبے قائم کرنا، مقامی مینوفیکچرنگ کو فروغ دینا، تکنیکی تربیت فراہم کرنا اور ٹیکنالوجی کی منتقلی کے ذریعے پاکستانی استعداد کار میں اضافہ ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے تعاون سے روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ برآمدات کو فروغ اور پاکستان کی ٹیکنالوجی کی مسابقتی صلاحیت کو بہتر بنایا جاسکتا ہے۔ آئی سی سی آئی چینی ٹیکنالوجی کمپنیوں، پاکستانی کاروباری اداروں اور متعلقہ اداروں کے درمیان روابط اور قابل عمل کاروباری شراکت داری کے فروغ کے لیے اپنا بھرپور پلیٹ فارم فراہم کرے گا۔ کیپٹن عبدالخالق ربانی کھر نے کہا کہ وفد کے دورے کے دوران جدید سکیورٹی ٹیکنالوجی، ڈرونز، روبوٹکس، یو اے وی سسٹمز، تعلیم، تحقیق اور ہنرمندی کی ترقی کے شعبوں میں تعاون کے روشن امکانات سامنے آئے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ چینی شراکت دار پاکستان میں تحقیق وترقی کی سرگرمیوں کے لیے معاونت، سینٹرز آف ایکسیلینس کے قیام، طلبہ کے تبادلے اور خصوصی تربیتی پروگراموں میں تعاون کے خواہاں ہیں۔ لوگو پنگ، جنرل منیجر شنگھائی یومن ٹیکنالوجی ڈویلپمنٹ کمپنی لمیٹڈ نے اپنی کمپنی کی ٹیکنالوجیکل صلاحیتوں، مختلف شعبوں میں کامیابیوں اور تجربات پر تفصیلی پریزنٹیشن دی۔ انہوں نے پاکستانی اداروں اور کاروباری برادری کے ساتھ جدید سکیورٹی سلوشنز، ڈرون اور روبوٹک سسٹمز، سمارٹ سٹی ٹیکنالوجیز، ڈیٹا سینٹرز، تحقیق وترقی اور دیگر ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز میں تعاون کے امکانات کو اجاگر کیا اور پاکستان میں باہمی مفاد پر مبنی طویل المدتی شراکت داری میں دلچسپی کا اظہار کیا۔ آئی سی سی آئی کے سینئر نائب صدر طاہر ایوب نے استقبالیہ کلمات ادا کیے اور اجلاس کی نظامت کرتے ہوئے چینی وفد اور پاکستانی کاروباری برادری کے درمیان براہ راست اور بامقصد تبادلہ خیال کو یقینی بنایا۔ آئی سی سی آئی کے نائب صدر نے خطبہ؟ تشکر پیش کرتے ہوئے چینی وفد کی چیمبر آمد اور ٹیکنالوجیکل مہارت و سرمایہ کاری کے مواقع سے آگاہ کرنے پر شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر آئی سی سی آئی کے ایگزیکٹو ممبران عمران منہاس، ذوالقرنین عباسی، سابق سینئر نائب صدر خالد چوہدری اور کاروباری برادری کے دیگر نمایاں ارکان بھی موجود تھے۔

بقیہ 53

منصوبے اسلام آباد ٹیلی پولس کی فیزیکل تکمیل کو بغیر کسی رکاوٹ کے وقت پر یقینی بنایا جائے۔ کمیٹی کا اجلاس چیئرمین ملک ابرار احمد کی زیرصدارت اسپیشل ٹیکنالوجی زونز اتھارٹی کے کانفرنس روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں سیکرٹری کابینہ ڈویژن کامران علی افضل، ایڈیشنل سیکرٹری کابینہ ڈویژن میر حسن نقوی، ایڈیشنل سیکرٹری اسٹیبلشمنٹ ڈویژن سید معظم علی اور چیئرمین اسپیشل ٹیکنالوجی زونز اتھارٹی اظفر منظور کے علاوہ کمیٹی اراکین شاہدہ بیگم، نزہت صادق، طاہرہ اورنگزیب، عرفان علی لغاری، ڈاکٹر رمیش کمار، رعنا انصر، محمد عامر اور ڈاکٹر نیلسن عظیم نے شرکت کی۔

بقیہ 54

کا (آج) جمعہ تک ریکارڈ طلب کرلیا۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے چیف جسٹس سردار سرفراز ڈوگر، جسٹس محمد اعظم خان اور جسٹس محمد آصف نے شہری وقاص احمد کی درخواست پر سماعت کی، اٹارنی جنرل پاکستان عثمان منصور اعوان، چاروں صوبوں کے ایڈووکیٹ جنرل، آئی جیز اور دیگر افسران عدالتی احکامات پر پیش ہوئے۔ اٹارنی جنرل نے دلائل دیئے کہ مئی 2022 میں سپریم کورٹ کو واضح یقین دہانی کے باوجود عدالتی حکم کی خلاف ورزی کی گئی 2024 میں اس عدالت نے آرڈر کیا تو اس کی بھی خلاف ورزی کی گئی۔ اٹارنی جنرل نے تمام صوبائی آئی جیز، چیف سیکریٹریز کو اپنے صوبے میں امن وعامہ خراب نا کرنے اور ملک کے ساتھ وفاداری نبھانے کے فیصلے کی استدعا کرتے ہوئے کہا کہ تمام صوبوں کے آئی جیز پولیس سروس آف پاکستان کے ملازم ہیں، نا کہ صوبے کے، عدالت حکم دے کہ وہ آئین کی پابندی کریں۔ اٹارنی جنرل نے کہا کہ نومبر 2024 میں بھی اس عدالت میں درخواست دائر ہوئی اس عدالت نے آرڈر پاس کیا تھا، ایڈووکیٹ جنرل اسلام آباد نے بھی چیک کیا ہے ابھی تک سیاسی جماعت کی جانب سے کوئی درخواست دائر نہیں ہوئی، یہ بھی اطلاعات ہیں کہ پہلے کی نسبت زیادہ تیاری سے آرہے ہیں جس میں وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا بھی شامل ہیں۔

بقیہ 55

کی فہرستیں تھانوں کو پہنچا دی گئیں اس سلسلے میں راستوں کی ممکنہ بندش کے لیے کنٹینرز کی پکڑ دھکڑ بھی شروع کردی گئی ہے، احتجاج کے پیش نظر افسران کے تقرر و تبادلے بھی کیے گئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق دیگر صوبوں سے بھی پولیس کی نفری طلب کی جائے گی، مظاہرین کو اسلام آباد میں داخلے سے روکنے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے جبکہ واٹر کینن اور ربر کی گولیاں استعمال کی جا سکتی ہیں۔ پولیس ذرائع کے مطابق ریڈ زون کی سکیورٹی 3 حصار میں تعینات ہوگی، آئی جی اسلام آباد نئے کمانڈ، کنٹرول، کمیونیکیشن اینڈ کوآرڈینیشن سینٹر سے صورتحال مانیٹر کریں گے۔

بقیہ 56

گوادر نے پروگرام مکمل کرنے والے طلبا و طالبات کو مبارکباد دی اور سرٹیفکیٹس تقسیم کیے۔ لسبیلہ میں پاک فوج کے اعلیٰ افسران اور یونیورسٹی کے وائس چانسلر نے انٹرن شپ مکمل کرنے والے طلبا و طالبات میں سرٹیفکیٹس تقسیم کیے۔ آئی ایس پی آر انٹرن شپ کے دوران طلبہ کو حقائق کو جانچنے کے ساتھ جدید ابلاغی مہارتیں سیکھنے اور ان کا عملی تجربہ حاصل کرنے کا موقع ملا۔ اس موقع پر ایک طالبہ نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آئی ایس پی آر انٹرن شپ مکمل کرنا ایک اعزاز ہے، جس نے قومی خدمت کا حوصلہ بڑھایا۔ ایک طالبہ نے کہا کہ سمر انٹرن شپ مکمل کرنے سے ہم ملکی مسائل کو بہتر طور پر سمجھنے اور انہیں حل کرنے کے قابل ہوئے۔ ایک طالبہ نے کہا کہ اس طرح کے پروگرام جاری رکھے جائیں جہاں لوگوں کو اپنے سوالات کے جواب ملیں۔ اسی طرح ایک اور طالبعلم نے کہا کہ آئی ایس پی آر سمر انٹرن شپ سے ہمیں حقائق کو بہتر طور پر جانچنے کی صلاحیت حاصل ہوئی۔ تقریبات کے مہمانوں نے نوجوانوں کو جدید تعلیم اور ہنر سے آراستہ ہو کر پاکستان، بالخصوص بلوچستان کی تعمیر و ترقی میں مؤثر کردار ادا کرنے کی تلقین کی۔

بقیہ 57

باہمی دلچسپی کے علاقائی امور کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ٹیلی فونک گفتگو کے دوران دونوں وزرائے نے مسئلہ فلسطین پر اپنے مشترکہ موقف کا اعادہ کیا۔ دونوں رہنماؤں نے غیر قانونی اسرائیلی بستیوں سے درآمدات پر پابندی اور ان بستیوں سے منسلک خدمات کو محدود کرنے کے برطانیہ کے فیصلے پر 8 عرب و اسلامی ممالک کے مشترکہ بیان کی حمایت کا اظہار کیا۔ دونوں وزرائے نے برطانیہ اور دیگر یورپی ممالک کی جانب سے دو ریاستی حل سے متعلق مشترکہ اعلامیے کی بھی توثیق کی۔ دونوں رہنماؤں نے علاقائی معاملات پر قریبی مشاورت برقرار رکھنے پر زور دیا۔ دونوں رہنماؤں نے سعودی عرب اور مصر کے ساتھ ریجنل فور (R4) فریم ورک کے ذریعے تعاون سمیت علاقائی معاملات پر مشاورت جاری رکھنے پر زور دیا۔ اسحاق ڈار اور ہاکان فیدان نے نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی (UNGA) کے آئندہ اجلاس کے موقع پر ملاقات کرنے پر اتفاق کیا۔

بقیہ 58

ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ شہید پولیس اہلکار عزت اللہ نے فرض کی ادائیگی کے دوران اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا، شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پولیس اور سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں قابل تحسین ہیں، دہشت گرد اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ میر ضیا اللہ لانگو نے کہا کہ شہید پولیس اہلکار کے اہلخانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں، دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی جاری رہے گی۔ صوبائی وزیر داخلہ نے کہا کہ پولیس اہلکاروں کا حوصلہ اور عزم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ہماری طاقت ہے۔

بقیہ 59

کردہ بیج ہے جو کیڑوں، بیماریوں اور موسمی اثرات کے خلاف مدافعت بڑھانے میں مدد دیتا ہے، 2 دہائیوں سے زائد عرصے کی کوششوں کے بعد ملٹی نیشنل بیج کمپنیوں کو جی ایم مکئی کی کاشت کے لیے اصولی منظوری حاصل ہوگی۔ اس حوالے سے منعقدہ کمیٹی اجلاس میں وزیر خزانہ کے ساتھ ایس آئی ایف سی کے گرین پاکستان انیشیٹو کے چیف ایگزیکٹو بھی شریک ہوئے۔ کابینہ کمیٹی نے پاکستان میں جینیاتی طور پر تبدیل شدہ جی ایم مکئی کی کاشت اپنانے کی اصولی منظوری دے دی۔ واضح رہے کہ عالمی ملٹی نیشنل کمپنیاں مونسانٹو، بائر، کارگل، سنجینٹا اور کورٹیوا 1980 کی دہائی سے پاکستان کی بیج صنعت میں سرگرم ہیں۔ اسٹیٹ بینک کی رپورٹ کے مطابق ملٹی نیشنل کمپنیاں ہائبرڈ بیجوں کے ذریعے زرعی جدت اور نئی ٹیکنالوجی متعارف کرانے میں اہم کردار ادا کرتی رہی ہیں۔ جی ایم مکئی کی منظوری سے زرعی شعبے میں جدید بیج، زیادہ پیداوار اور موسمیاتی تبدیلیوں کے مقابلے کی صلاحیت میں اضافہ ہوگا۔

بقیہ 60

حکام نے اس بات پر زور دیا ہے کہ کوئی بھی فوجی کردار صرف سعودی حدود کے دفاع تک محدود رہے گا۔ غیر ملکی خبر رساں ایجنسی کی رپورٹ میں دعویٰ کیا گیا کہ پاکستان کا سعودی عرب کی جانب سے ایران کو دیا گیا پیغام واضح ہے کہ یا تو وہ حوثیوں کو لگام دے یا ایک ایسی تنازع کو وسیع تر علاقائی سکیورٹی بحران میں تبدیل کرنے کا خطرہ مول لے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ایک سینئر علاقائی سفارت کار نے بتایا کہ پاکستان نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ایران کو یہ پیغام پہنچایا ہے جس میں ایران پر زور دیا گیا ہے کہ وہ سعودی عرب پر حوثیوں کے حملے رکوانے کے لیے اپنا اثر و رسوخ استعمال کرے۔ خبر رساں ایجنسی نے بتایا کہ پاکستانی ذرائع کا کہنا ہے کہ ریاض میں سعودی حکام نے سینئر پاکستانی اور ترک فوجی نمائندوں سے ملاقات کر کے اپنے ردعمل کو مربوط بنانے پر غور کیا ہے اور تینوں ممالک نے اس بات پر اتفاق کیا ہے کہ ان کی فوجیں یمن میں داخل نہیں ہوں گی اور کسی بھی قسم کا جوابی عمل سعودی حدود سے ہی دیا جائے گا۔ خبر رساں ایجنسی کے مطابق ایک اور پاکستانی ذرائع نے کہا کہ جوابی حملوں میں شامل ہونے کے حوالے سے ابھی کوئی فیصلہ نہیں کیا گیا ہے۔ خبر ایجنسی رائٹرز کے مطابق سعودی عرب کے ساتھ پاکستان اور ترکیہ کا فوجی معاہدہ دفاعی نوعیت کا ہے اور سعودی سرزمین کی حفاظت تک محدود ہے۔ خبر رساں ایجنسی کے مطابق پاکستانی فورسز سعودی عرب کے اندر فوجی، تکنیکی، زمینی یا فضائی مدد فراہم کر سکتی ہیں لیکن غیر ملکی سرزمین پر جنگی کارروائیوں میں حصہ نہیں لیں گی۔ واضح رہے کہ حوثیوں نے منگل کے روز سعودی عرب میں خمیس مشیط میں ایک ایئربیس اور قریبی شہروں میں تیل کی تنصیبات پر حملے کیے تھے جس کے نتیجے میں 73 افراد زخمی ہوئے تھے۔ یہ رواں سال فروری میں ایران پر امریکا اور اسرائیل کی مشترکہ جنگ شروع ہونے کے بعد سے سعودی عرب پر ہونے والے سب سے بڑے حملوں میں سے ایک ہے۔

بقیہ 61

، سرمایہ کاری اور خدمات کے شعبوں میں نئے مواقع تلاش کیے۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چین میں پاکستان کے سفیر خلیل ہاشمی نے کہا کہ پاکستان پویلین اور اس سے متعلق کاروباری سرگرمیاں 21 ترجیحی شعبوں میں چینی سرمایہ کاری کو متحرک کرنے کی پاکستان کی وسیع تر کوششوں کا حصہ ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ چین میں پاکستانی سفارتخانے اور چاروں قونصل خانوں نے زراعت، گھریلو آلات و برقی مصنوعات، آئی ٹی و ٹیلی کام، بیٹری انرجی اسٹوریج، ادویہ سازی، بائیوٹیکنالوجی اور صحت سمیت مختلف شعبوں میں چھ بڑے کاروباری اداروں سے کاروباری اداروں (بی ٹو بی) سرمایہ کاری کانفرنسوں کا انعقاد کیا ہے۔ سفیر خلیل ہاشمی کے مطابق ان چھ سرمایہ کاری کانفرنسوں کے نتیجے میں اب تک 650 سے زائد مفاہمت کی یادداشتوں (ایم او یوز) کے ذریعے تقریباً 22 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کے وعدے حاصل ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان ایم او یوز میں سے تقریباً 30 فیصد بعد ازاں معاہدوں، ٹھیکوں، فیکٹریوں یا پلانٹس میں تبدیل ہو چکے ہیں، جبکہ تقریباً 7 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری عملی طور پر زمین پر آچکی ہے۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق خلیل ہاشمی نے زور دیا کہ تعاون کے اگلے مرحلے میں کاروباری اداروں کے درمیان براہ راست روابط اور بی ٹو بی تعاون کو مزید فروغ دینے پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ چین میں پاک چین چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے قیام کا عمل حتمی مراحل کے قریب ہے جبکہ پاکستانی کاروباری اداروں کو پلیٹ فارم فراہم کرنے کے لیے بیجنگ کیفینگ تائی ضلع میں پاک چین کمرشل سینٹر کے قیام کی کوششیں بھی جاری ہیں۔ سفیر کے مطابق رواں سال سی آئی ایف ٹی آئی ایس میں زراعت، توانائی، انفرااسٹرکچر، خدمات کی تجارت اور صحت سمیت مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے دو درجن سے زائد پاکستانی کاروباری ادارے شرکت کر رہے ہیں۔ سی آئی ایف ٹی آئی ایس کے موقع پر جمعہ کو ایک خصوصی کاروباری کانفرنس بھی منعقد کی جائے گی، جس میں پاکستانی اور چینی کمپنیاں ممکنہ شراکت داری کے مواقع کا جائزہ لیں گی۔ خلیل ہاشمی نے کہا کہ پاکستان پویلین پاکستانی کاروباری اداروں کو چینی ہم منصبوں سے جوڑنے اور دونوں ممالک کے درمیان تجارتی و کاروباری روابط کو مزید مستحکم کرنے کے لیے ایک اور مؤثر پلیٹ فارم ثابت ہوگا۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق انہوں نے کہا کہ یہ ایک شاندار آغاز ہے، تاہم ابھی ایک طویل سفر طے کرنا باقی ہے۔ ہمیں آگے مزید محنت کرنا ہوگی۔ سفیر نے دونوں ممالک کے کاروباری اداروں اور متعلقہ اداروں پر زور دیا کہ وہ باہمی تعاون کا سلسلہ جاری رکھیں۔

بقیہ 62

اپنے بیان میں اسلم غوری نے کہا کہ زیر تعلیم افغان طلبہ کی تعلیم ہرگز منقطع نہ کی جائے، افغان طلبہ کو تعلیم مکمل کرنے تک پاکستان میں رہنے دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ زیر تعلیم طلبہ کے ویزوں اور دیگر تقاضوں میں سہولت فراہم کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ افغان طلبہ کی تعلیم مکمل ہونے تک واپسی کے فیصلے پر نظرثانی کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ اسلامی ہمسایہ ملک کے طلبہ کے معاملے میں انسانی ہمدردی کو ملحوظ خاطر رکھا جائے۔ انہوں نے کہا کہ افغان طلبہ اس طرح کی واپسی ہماری روایتی مہمان نوازی کے منافی ہے۔

بقیہ 63

کو یہاں ایشیا کیلئے برٹش انٹرنیشنل انویسٹمنٹ بی آئی آئی کے منیجنگ ڈائریکٹر اور سربراہ سرینی ناگاراجن سے ملاقات میں گفتگو کررہے تھے۔ ملاقات میں پاکستان میں برٹش انٹرنیشنل انویسٹمنٹ کی سرمایہ کاری کا دائرہ وسیع کرنے اور ترجیحی شعبوں میں نجی سرمایہ کاری کو مزید متحرک کرنے کے مواقع پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد میں برٹش انٹرنیشنل انویسٹمنٹ کے پاکستان کے سربراہ امتیاز سیٹھنا، پاکستان کی منیجر ریما غنی، ایف سی ڈی او کے ڈویلپمنٹ ڈائریکٹر سیم والڈاک اور انویسٹمنٹ منیجر ضیغم اقبال بھی موجود تھے۔ ملاقات میں پاکستان کے لئے برٹش انٹرنیشنل انویسٹمنٹ کے سرمایہ کاری منصوبوں، نجی سرمائے کو متحرک کرنے، بنیادی ڈھانچے و موسمیاتی فنانسنگ، پرائیویٹ ایکوئٹی، چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کے لئے فنانسنگ اور پاکستان میں جاری معاشی وڈھانچہ جاتی اصلاحات کے نتیجے میں پیدا ہونے والے سرمایہ کاری کے نئے مواقع پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔

بقیہ 64

خزانہ اور ریلوے بلال اظہر کیانی کی بل گیٹس فاؤنڈیشن کے اعلیٰ سطحی وفد سے ملاقات ہوئی جس میں انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف کی کیش لیس اکانومی کے ایجنڈے کے تحت پاکستان میں ڈیجیٹل لین دین میں نمایاں اضافہ ہوا ہے اور ڈیجیٹل لین دین کرنے والوں کی تعداد 5 لاکھ سے بڑھ کر 20 لاکھ سے زائد ہوگئی ہے جس سے جون 2026 تک کے لیے طے کردہ ہدف حاصل کرلیا ہے جبکہ اس تعداد میں مزید اضافہ کے ہدف کو بھی حکومت پورا کرے گی۔ وہ عالمی تنظیم گیٹس فاؤنڈیشن کے اعلیٰ سطحی وفد سے گفتگو کررہے تھے جس نے فاؤنڈیشن کے صنفی مساوات ڈویژن کی صدر ڈاکٹر انیتا زیدی کی قیادت میں ان سے ملاقات کی۔ وفد میں گلوبل پالیسی اینڈ ایڈووکیسی ڈویژن کی قائم مقام صدر ڈاکٹر کلپنا کوچیر اور دیگر اعلیٰ عہدیدار شامل تھے۔ ملاقات میں پاکستان میں ڈیجیٹل تبدیلی، معاشی اصلاحات کے ایجنڈے اور کیش لیس اکانومی پر پیش رفت جیسے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر مملکت بلال اظہر کیانی نے کہا کہ راست کیو آر کے فروغ کے لیے حکومت کی ساڑھے تین ارب روپے کی سبسڈی نے ڈیجیٹل ادائیگیوں کے نظام کا استعمال کرنے والے افراد کی تعداد میں نمایاں اضافہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ معیشت کی ڈاکومینٹیشن، مالیاتی نظام میں زیادہ سے زیادہ عوام کو شامل کرنے اور سرکاری ادائیگیوں کی شفافیت میں اضافے کے ساتھ کارکردگی بڑھانے کے لیے حکومتی اصلاحات تیزی سے جاری ہیں جن کے مثبت نتائج برآمد ہورہے ہیں۔ وفد نے حکومتی اصلاحاتی اقدامات کو سراہتے ہوئے گیٹس فاؤنڈیشن کی جانب سے کیش لیس پاکستان اور وسیع تر معاشی اصلاحاتی ایجنڈے کی حمایت جاری رکھنے اور تعاون مزید بڑھانے کا یقین دلایا گیا۔

بقیہ 65

تیز کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق نومبر 2024 کے ڈی چوک احتجاج سمیت مختلف مقدمات میں عدالتی وارنٹس کا سامنا کرنے والے پی ٹی آئی رہنماؤں کی گرفتاریوں کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق جنید اکبر اور عبدالغنی کے خلاف ڈی چوک احتجاج سے متعلق مقدمات میں پہلے سے جاری وارنٹس پر عملدرآمد کیا جائے گا جبکہ شبلی فراز، مراد سعید اور حماد اظہر کے خلاف جوڈیشل کمپلیکس مقدمات میں جاری عدالتی وارنٹس بھی زیر عمل لائے جائیں گے۔ زرتاج گل، عامر مسعود مغل، ڈاکٹر امجد علی اور مینا خان آفریدی بھی مختلف اسلام آباد مقدمات میں مطلوب رہنماؤں میں شامل ہیں۔ ذرائع کے مطابق علی امین گنڈاپور اور عمر تنویر بٹ کے خلاف فیض آباد احتجاج مقدمے میں جاری قانونی کارروائی بھی آگے بڑھانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق پی ٹی آئی رہنماؤں کی ممکنہ گرفتاریاں پہلے سے درج ایف آئی آرز اور ماضی میں جاری عدالتی وارنٹس کی بنیاد پر ہوں گی۔ اسلام آباد پولیس کو مختلف تھانوں میں درج مقدمات میں مطلوب پی ٹی آئی رہنماؤں کے عدالتی وارنٹس پر قانون کے مطابق عملدرآمد کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ 66

اصلاحات اور وسائل میں اضافہ اڑان پاکستان کے پورے پروگرام کے لیے مالیاتی انجن کی حیثیت رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قابل اعتماد اور مؤثر ذرائع سے آمدن میں اضافہ کیے بغیر دیگر قومی اقتصادی مشنز کے لیے مطلوبہ وسائل فراہم نہیں کیے جاسکتے۔ احسن اقبال کی زیر صدارت اڑان پاکستان کے قومی اقتصادی مشن ٹیکس اصلاحات اور ڈیجیٹلائزیشن کے حوالے سے اجلاس ہوا، جس میں قومی اقتصادی مشن 2 پر پیش رفت اور ملکی وسائل میں اضافے کے لیے اصلاحات کا جائزہ لیا گیا۔

بقیہ 67

بحری امور کے مطابق پاکستانی سی فوڈ چین، جاپان، سعودی عرب، یو اے ای اور امریکا سمیت عالمی منڈیوں تک جا رہا ہے۔ حکام کے مطابق یورپی یونین کی 200 کی پابندی کے بعد پاکستانی سی فوڈ پھر یورپ میں اعتماد بحال کر رہا ہے۔

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے پارلیمانی سیکرٹری میر برکت علی رند ملاقات کر رہے ہیں

نوجوانوں پر سرمایہ کاری سے ملک کا مستقبل روشن بنایا جاسکتا ہے، سیدال ناصر

نوجوانوں کو معیاری تعلیم، جدید مہارتوں اور عالمی سطح پر مواقع فراہم کرکے پاکستان اور پورے خطے کی ترقی وخوشحالی کو یقینی بنایا جاسکتا ہے، قائم مقام چیئرمین سینیٹ

نوجوانوں کو جدید تعلیم اور ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ مہارتیں فراہم کرکے نہ صرف ملک کی معیشت کو مضبوط بنایا جاسکتا ہے بلکہ خطے میں ترقی، خوشحالی اور استحکام کی نئی راہیں بھی ہموار کی جاسکتی ہیں

کوئٹہ+اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ان خوش قسمت ممالک میں شامل ہے جہاں تقریباً 60 فیصد آبادی نوجوانوں پر مشتمل ہے، جو ملک کا سب سے بڑا اثاثہ اور مستقبل کی امید ہیں۔ نوجوانوں کو معیاری تعلیم، جدید مہارتوں اور عالمی سطح پر مواقع فراہم کرکے پاکستان اور پورے خطے کی ترقی و خوشحالی کو یقینی بنایا جاسکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار سیدال خان ناصر نے یونیورسٹی آف لاہور اور یونیورسٹی آف پلائی ماؤتھ، برطانیہ کے درمیان ٹرانس نیشنل ایجوکیشن پارٹنرشپ کے آغاز کی تقریب سے گزشتہ شام قائم مقام چیئرمین سینیٹ کی حیثیت سے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ سیدال خان ناصر نے یونیورسٹی آف لاہور اور یونیورسٹی آف پلائی ماؤتھ کو اس اہم شراکت داری پر مبارکباد دیتے ہوئے (بقیہ نمبر 4 صفحہ 7 پر)

ضلعی انتظامیہ عوام کی فلاح و بہبود اور پسماندگی کے خاتمے کیلئے شب و روز کوشاں ہے، خالد شمس

گڈ گورننس کا قیام اور سرکاری خدمات تک عوام کی آسان رسائی موجودہ انتظامیہ کا بنیادی ہدف ہے

برشور (خ ن) ڈپٹی کمشنر برشور فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) خالد شمس نے کہا ہے کہ ضلعی انتظامیہ برشور کے عوام کی فلاح و بہبود اور پسماندگی کے خاتمے کے لیے شب و روز کوشاں ہے۔ عوام کو سرکاری دفاتر کے چکروں سے نجات دلانے کے لیے بہت جلد کمپیوٹرائزڈ ریونیو ریکارڈ کو مستقل طور پر ضلع برشور منتقل کردیا جائے گا، جس سے مقامی سطح پر شفافیت اور عوامی امور میں تیزی آئے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ضلعی افسران اور عوامی وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ کمپیوٹرائزڈ ریونیو ریکارڈ کی برشور منتقلی سے شہریوں کو زمینوں کی خرید (بقیہ نمبر 6 صفحہ 7 پر)

آبادی اور وسائل میں توازن کو قومی ترقی کے مباحثے کا مرکزی موضوع بنایا جائے، پاپولیشن کونسل

آبادی میں اضافے اور محدود وسائل کے تعلق کو ترقیاتی بحث میں شامل کرنا ناگزیر ہے، ڈاکٹر علی میر

اسلام آباد/ کوئٹہ (آن لائن) پاپولیشن کونسل نے یو این ایف پی اے کے تعاون سے آبادی میں توازن کے لیے باخبر عملی اقدامات میں میڈیا کا کردار کے موضوع پر میڈیا کولیشن آن پاپولیشن کا اجلاس منعقد کیا، جس میں ملک بھر کے قومی، صوبائی اور علاقائی ذرائع ابلاغ سے وابستہ 30 سے زائد صحافیوں نے شرکت کی۔ اجلاس میں نو تشکیل شدہ نیشنل پاپولیشن کونسل کے کردار، خاندانی منصوبہ سازی تک غریب خواتین کی رسائی میں رکاوٹوں اور بہبود آبادی کے حوالے سے حکومتی حکمت عملی پر عمل درآمد کی نگرانی میں میڈیا کے کردار پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ (بقیہ نمبر 7 صفحہ 7 پر)

جامعہ گوادر میں کمپیوٹر سائنس بورڈ آف اسٹڈیز کا اجلاس

اے آئی، ڈیٹا سائنس اور سائبر سیکیورٹی کے نصاب کو جدید بنانے کی تجاویز

گوادر (آئی این پی) جامعہ گوادر کے شعبہ کمپیوٹر سائنس کے بورڈ آف اسٹڈیز کا ساتواں اجلاس چیئرپرسن حفیظ اللہ کی زیر صدارت پاک چائنا ٹیکنیکل اینڈ ووکیشنل انسٹی ٹیوٹ میں منعقد ہوا، جس میں اے آئی، ڈیٹا سائنس، سائبر سیکیورٹی اور دیگر جدید شعبوں کے نصاب کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے اور تحقیق و عملی تربیت کے فروغ کے لیے اہم تجاویز پیش کی گئیں۔ اجلاس میں بی ایس کمپیوٹر سائنس (AI)، بی ایس کمپیوٹر سائنس (IT)، بی ایس انفارمیشن ٹیکنالوجی اور بی ایس ڈیٹا سائنس کے اپ ڈیٹ شدہ کورس کیٹلاگز اور اسکیمز آف اسٹڈیز کا جائزہ (بقیہ نمبر 9 صفحہ 7 پر)

پشین ایس ڈی پی او سید عظمت شاہ گیلانی ایس ایچ او کے ہمراہ بازیاب ہونیوالے کمسن بچے کے حوالے سے میڈیا کو بریفنگ دے رہے ہیں

وزیراعلیٰ پنجاب کے بیان پر سخت تشویش لاحق ہے، انصاف لائرز فورم

انہیں نفرت انگیز باتوں سے گریز کرنا چاہئے، عبدالحکیم زرین ایڈووکیٹ

کوئٹہ (آن لائن) انصاف لائرز فورم کے جنرل سیکرٹری عبدالحکیم زرین ایڈووکیٹ اور سینئر نائب صدر ہمایوں بلوچ، عالم خان کاکڑ، شمس رند نے کہا کہ موجودہ بحرانی کیفیت میں ملک کو جوڑنے کی ضرورت ہے نہ کہ توڑنے کی عوام پہلے ہی بدامنی، مہنگائی، بے روزگاری اور سیاسی انتشار سے پریشان ہیں وزیراعلیٰ پنجاب کے بیان پر سخت تشویش لاحق ہے انہیں نفرت انگیز باتوں سے گریز کرنا چاہئے 27 ستمبر کو بلوچستان خاموش نہیں رہے گا یہ بات انہوں نے عاصم نذیر شیرازی سمیت دیگر وکلاء کی انصاف لائرز فورم میں شمولیت کے موقع پر (بقیہ نمبر 12 صفحہ 7 پر)

بیروزگاری کا خاتمہ صوبائی حکومت کی اولین ترجیح ہے، صادق عمرانی

موجودہ صوبائی حکومت وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں بے روزگاری کے خاتمے، امن وامان کے قیام سمیت عوام کی ترقی اور خوشحالی کیلئے جو سنجیدہ کوششیں جاری ہیں

کسی ضرورت مند حقدار کو نوکری یا ترقی کے آرڈرز دینا میرے لیے ایک اعزاز کی بات ہے اور اس نیک کام سے مجھے جو خوشی مل رہی ہے وہ میں بیان نہیں کرسکتا، صوبائی وزیر

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر، پیپلز پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے رکن و پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے کہا ہے کہ موجودہ صوبائی حکومت وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں بے روزگاری کے خاتمے، امن وامان کے قیام سمیت عوام کی ترقی اور خوشحالی کیلئے جو سنجیدہ کوششیں جاری ہیں اس کے ثمرات عوام تک پہنچنا شروع ہو چکے ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کے روز سول سیکرٹریٹ کے سکندر جمالی آڈیٹوریم میں ایریگیشن ڈیپارٹمنٹ کے ترقی پانے والے ملازمین کو آرڈرز فراہم کیے جانے کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر تقریب کے دیگر شرکا میں محکمہ آبپاشی کے افسران و اہلکاروں کے علاوہ کلرک یونین کے عہدیداران و دیگر (بقیہ نمبر 35 صفحہ 7 پر)

کوئٹہ: نوابزادہ امیر حمزہ زہری اور لیاقت لہڑی میر غلام دستگیر بادینی سے انکے والد کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر جعفرآباد کی زیر صدارت بلاک شناختی کارڈ کے حوالے سے اجلاس

جن افراد کے شناختی کارڈ بلاک ہیں ان کی مکمل تصدیق کے بعد انہیں ان کا حق دلایا جائیگا، خطاب

نصیرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان کی زیر صدارت بلاک شناختی کارڈ کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا ضلعی افسران سمیت انٹیلی جنس اداروں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران بلاک شناختی کارڈ والے افراد کمیٹی کے سامنے پیش ہوئے اور اپنی مشکلات اور مسائل سے کمیٹی کو آگاہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر خالد خان نے کہا کہ بلاک شناختی کارڈ کا مسئلہ سنگین نوعیت کا ہے، جن افراد کے شناختی کارڈ بلاک ہیں ان کی مکمل تصدیق کے بعد انہیں ان کا حق دلایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ نادرا اور سیکیورٹی ادارے مشترکہ طور پر ان کیسز کی جانچ پڑتال (بقیہ نمبر 37 صفحہ 7 پر)

تعلیمی اداروں میں ہراسمنٹ کیس ثابت ہونے پر افسر ملازمت سے برطرف ہوگا، کمشنر لسبیلہ

طالبات بلاخوف تعلیم جاری رکھیں، حکومت خواتین کے حقوق اور تحفظ کیلئے عملی اقدامات کر رہی ہے، سائرہ عطا

اوتھل (خ ن) کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کے وژن کے تحت حکومت بلوچستان ہراسمنٹ ایکٹ 2016 کے ذریعے خواتین کے حقوق کے تحفظ کیلئے متحرکانہ کردار ادا کر رہی ہے طالبات بلاخوف وخطر تعلیمی سفر جاری رکھیں کسی بھی ادارے میں ہراسمنٹ کیس ثابت ہونے ہر سرکاری افیشل کو ملازمت سے برطرف کیا جائیگا یہ بات کیریئر کونسلنگ کے حوالے سے لسبیلہ یونیورسٹی میں منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہی کمشنر لسبیلہ ڈویژن نے کہا ہم نیٹھور سیکرٹری وومن ڈویلپمنٹ وراثت میں خواتین کو انکا حق دلانے کیلئے قانون سازی کی لیگل فریم ورک کے ذریعے خواتین کو بااختیار بنانے اور انکے تحفظ کیلئے عملی اقدامات کئے ہیں تعلیمی درسگاہوں میں طالبات بلاخوف وخطر اپنی تعلیم جاری رکھیں انتظامیہ انہیں ٹیکنیکل (بقیہ نمبر 40 صفحہ 7 پر)

متاثرہ خاتون کو علاج معالجے کی بہترین ممکنہ سہولیات فراہم کی جائیں گی، وزیراعلیٰ

مستونگ میں مبینہ تیزاب گردی کے واقعے میں متاثرہ خاتون کا علاج معالجے کے لیے فوری اقدامات کی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مستونگ میں مبینہ تیزاب گردی کے واقعے میں متاثر ہونے والی خاتون بی بی لائبہ زوجہ کلیم اللہ کے علاج معالجے کے لیے فوری اقدامات کی ہدایت کی ہے وزیراعلیٰ کی ہدایت پر متاثرہ خاتون کو مزید اور بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے حکومتی اخراجات پر آغا خان اسپتال کراچی میں علاج کرانے کے حوالے سے مراسلہ جاری کر دیا گیا ہے معاون وزیر اعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات وسیاسی امور شاہد رند نے بتایا ہے کہ متاثرہ خاتون کو علاج معالجے کی بہترین ممکنہ سہولیات فراہم کی جائیں گی اور حکومت اس سلسلے میں (بقیہ نمبر 1 صفحہ 7 پر)

بلوچستان صوبائی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے تعلیم کا اجلاس

صوبے کی ترقی اور خوشحالی کے لیے تعلیم کو اولین ترجیح دینا ناگزیر ہے، خیر جان بلوچ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان صوبائی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے تعلیم کا اجلاس اسمبلی سیکرٹریٹ کے کمیٹی روم میں منعقد ہوا، جس کی صدارت کمیٹی کے چیئرمین خیر جان بلوچ نے کی۔ اجلاس میں کمیٹی کے اراکین رحمت صالح بلوچ، میر جہانزیب مینگل اور میر لیاقت علی لہڑی نے شرکت کی۔ اجلاس میں سیکرٹری بلوچستان صوبائی اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ، سیکرٹری ہائر ایجوکیشن ہاشم غلزئی، اسپیشل سیکرٹری اسمبلی عبدالرحمٰن، بورڈ ممبر تعمیر نو ٹرسٹ حافظ طاہر، ایڈیشنل سیکرٹری قانون سعید اقبال سمیت متعلقہ حکام بھی شریک ہوئے۔ اجلاس (بقیہ نمبر 2 صفحہ 7 پر)

اصغر علی ترین کی زیر صدارت بلوچستان پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا اجلاس

آڈٹ پیرا 4.1.1 کے تحت ٹین بلین ٹری سونامی پروگرام کی سرگرمیوں میں سست روی کا جائزہ لیا گیا

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان پبلک اکاؤنٹس کمیٹی (PAC) کا اجلاس چیئرمین اصغر علی ترین کی زیر صدارت بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا، جس میں کمیٹی کے ارکان عبید اللہ گورگیج، صفیہ فضل، فضل قادر مندوخیل اور محمد خان لہڑی نے شرکت کی۔ اجلاس میں سیکرٹری بلوچستان اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ، سیکرٹری جنگلات عمران گچکی، ڈائریکٹر جنرل آڈٹ شجاع علی، اسپیشل سیکرٹری سراج لہڑی، ایڈیشنل سیکرٹری قانون سعید اقبال سمیت متعلقہ محکموں کے دیگر افسران شریک ہوئے۔ اجلاس میں پروجیکٹ ڈائریکٹر، ٹین بلین ٹری سونامی پروگرام (فاریسٹری اینڈ (بقیہ نمبر 3 صفحہ 7 پر)

مسلسل غیر حاضری پر بولان میڈیکل کالج کی سینئر رجسٹرار ڈاکٹر مہرینہ زمرد جبری ریٹائر

کوئٹہ (خ ن) محکمہ صحت حکومت بلوچستان کے جاری کردہ ایک اعلامیے کے مطابق محکمے کے سینئر رجسٹرار/ گائناکو (بقیہ نمبر 5 صفحہ 7 پر)

ڈائریکٹر نیب بلوچستان محمد سلیم احمد، ہیڈ مسٹرس حنا، ڈپٹی ڈائریکٹر نیب فرحان یوسف سٹی سکول کوئٹہ میں طلباء کو بدعنوانی کیخلاف آگاہی و تدارک پر لیکچر دے رہے ہیں

شہر میں صحت، تعلیم، پانی، نکاس آب اور اسٹریٹ کرائمز کے مسائل بڑھ رہے ہیں، جعفر خان مندوخیل

گورنر بلوچستان سے صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو اور رکن صوبائی اسمبلی زرک خان مندوخیل کی قیادت میں مختلف وفود کے نمائندوں کی ملاقات

شہریوں کے جان و مال کا تحفظ حکومت اور متعلقہ اداروں کی بنیادی ذمہ داری ہے، اسلیے پولیس اور انتظامیہ کو جدید تقاضوں کے مطابق اپنی کارکردگی مزید بہتر بنانا ہوگی، بات چیت

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو اور رکن صوبائی اسمبلی زرک خان مندوخیل کی قیادت میں مختلف وفود کے نمائندوں نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات کی، جس میں کوئٹہ شہر اور اس کے مضافاتی علاقوں میں عوام کو درپیش مسائل، بڑھتے ہوئے اسٹریٹ جرائم، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور شہریوں کی مشکلات سمیت مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ گورنر بلوچستان نے وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کوئٹہ ایک تیزی سے پھیلتا ہوا شہر ہے، اسلیے شہری آبادی میں اضافے کے ساتھ انتظامی، ٹریفک، صفائی، صحت، تعلیم، پانی، نکاسی آب اور اسٹریٹ کرائمز کے مسائل بھی بڑھ رہے ہیں۔ ان مسائل سے نمٹنے کیلئے تمام متعلقہ اداروں کے درمیان مربوط اور فعال رابطہ ضروری (بقیہ نمبر 13 صفحہ 7 پر)

ضلعی انتظامیہ کی آٹے کی زائد قیمت پر فروخت کے خلاف کارروائی

سرکاری نرخ نامے کی خلاف ورزی پر 18 افراد کو گرفتار کرلیا گیا

کوئٹہ 10 ستمبر:۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کے احکامات اور عوامی شکایات پر اسسٹنٹ کمشنر سریاب مصور احمد کی ٹیم نے سیٹلائٹ ٹاؤن کے علاقے میں آٹے کی زائد قیمت پر فروخت کے خلاف کارروائی کی۔ کارروائی کے دوران آٹا ڈیلرز، ریٹیلرز اور مختلف دکانوں کا معائنہ کیا گیا اور سرکاری طور پر مقرر کردہ نرخوں پر آٹے کی فروخت کو یقینی بنانے کے لیے قیمتوں کا جائزہ لیا گیا۔ سرکاری نرخوں سے زائد قیمت پر آٹا فروخت کرنے والے 17 افراد کو گرفتار کر لیا گیا۔ ضلعی انتظامیہ کوئٹہ نے واضح کیا ہے کہ عوامی شکایات پر فوری کارروائی کا سلسلہ جاری رہے گا اور مقررہ سرکاری (بقیہ نمبر 14 صفحہ 7 پر)

محکمہ سوشل ویلفیئر کے مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن تعاون کریں گے، اسسٹنٹ کمشنر بلیدہ

تربت (خ ن) ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر امتیاز بخی نے اسسٹنٹ کمشنر بلیدہ ابوبکر میروانی کا پرتپاک استقبال کیا۔ دورے (بقیہ نمبر 17 صفحہ 7 پر)

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کیوڈی اے اور کوئٹہ ماسٹر پلان کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

گداگری کے خلاف جامع کریک ڈاؤن کا آغاز کریں گے، منیر درانی

مہم کے دوران انتظامیہ اور محکمہ سوشل ویلفیئر کے درمیان مؤثر رابطہ اور مشترکہ کارروائی یقینی بنائی جائے

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ منیر احمد درانی کی زیر صدارت ضلع کوئٹہ ویسٹ میں گداگری کے تدارک اور عوامی مقامات پر شہریوں کو درپیش مشکلات کے خاتمے کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) کوئٹہ ویسٹ علی درانی، ایڈمنسٹریٹر سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ سمیع اللہ بگٹی، اسسٹنٹ کمشنر پنجپائی عبدالقیوم بلوچ، اسسٹنٹ کمشنر بروری کاشف عمار بلوچ، اور اسسٹنٹ کمشنر کچلاک کبیر مزاری نے شرکت کی۔ اجلاس میں شہر کے مختلف عوامی مقامات، بالخصوص بازاروں، ہوٹلز، تجارتی مراکز، اہم شاہراہوں (بقیہ نمبر 15 صفحہ 7 پر)

بلوچستان فوڈ اتھارٹی کا صوبہ بھر میں کریک ڈاؤن، 36 یونٹس جرمانہ، 3 سیل

عوام کی صحت سے کھیلنے والے عناصر کے خلاف کارروائیاں بلاامتیاز جاری رہیں گی، ترجمان

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر و چیئرمین بی ایف اے کی ہدایت پر بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی فوڈ سیفٹی ٹیموں کا ناقص، ملاوٹی اور غیر معیاری خوراک کے خلاف صوبہ بھر میں کریک ڈاؤن جاری ہے۔ تازہ کارروائیوں کے دوران کوئٹہ، اوستہ محمد، ژوب، تربت، حب اور سبی سمیت مختلف علاقوں میں فوڈ بزنس یونٹس کی چیکنگ کی گئی، جس کے دوران 36 یونٹس کو جرمانے، 3 یونٹس کو سیل جبکہ متعدد مراکز کو اصلاحی نوٹسز بھی جاری کیے گئے۔ ترجمان بی ایف اے کے مطابق کوئٹہ کے علاقوں علمدار روڈ اور طوغی روڈ میں ڈائریکٹر آپریشنز فخر الدین مری کی سربراہی میں کارروائی (بقیہ نمبر 18 صفحہ 7 پر)

بلوچستان محکمہ صحت میں دوہری ملازمت ثابت ہونے پر 5 ملازمین کو ملازمت سے برطرف کردیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان محکمہ صحت میں دوہری ملازمت ثابت ہونے پر 5 ملازمین کو ملازمت سے برطرف کردیا گیا برطرف ملازمین میں 4 میڈیکل افسران اور ایک چوکیدار شامل ہے نوٹیفکیشن کے مطابق ڈی ایچ او آفس لسبیلہ میں تعینات لیڈی میڈیکل آفیسر ڈاکٹر بختاور جمال، بولان میڈیکل کمپلیکس اسپتال کوئٹہ میں تعینات میڈیکل آفیسر تعینات ڈاکٹر ساجد ظہور، ٹیچنگ اسپتال لورالائی میں تعینات میڈیکل آفیسر ڈاکٹر محمد عرفان، ڈی ایچ او آفس لورالائی (بقیہ نمبر 19 صفحہ 7 پر)

گورنر بلوچستان سے آرمی پبلک اسکول سیون اسٹریمز کے طلبا کی ملاقات

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں سید کاشف حسین کی قیادت میں آرمی پبلک اسکول سیون اسٹریمز کے طلبا نے ملاقات کی۔ واضح رہے کہ بلوچستان کے طلبہ عبداللہ، عبدالرحمٰن اور عبدالرحیم نے ایک تاریخی اعزاز اپنے نام کیا ہے۔ انہوں نے 1947 سے 2026 تک پاکستانی عسکری فورسز سے متعلق جاری ہونے والے تمام ڈاک ٹکٹ / پوسٹل اسٹیمپس کو ایک جگہ جمع کیا ہے جو اس سے پہلے کبھی اکٹھی نہیں (بقیہ نمبر 8 صفحہ 7 پر)

میرٹ پالیسی کے تحت حقدار اور اہل امیدواروں کو جائز حق فراہم کیا جائیگا، کمشنر نصیرآباد

1995 میں پٹواری کی سند حاصل کرنے والے گل محمد مستوئی کو 31 سال بعد تعیناتی کا آرڈر جاری

نصیرآباد (خ ن) نصیرآباد ڈویژن میں نوے کی دہائی میں پٹواری کی سند حاصل کرنے والے امیدوار کو موجودہ حکومت کی میرٹ پالیسی کے مطابق تعیناتی کا آرڈر جاری کر دیا گیا۔ کمشنر نصیرآباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی نے 1995 میں پٹواری کی سند حاصل کرنے والے امیدوار گل محمد مستوئی کو پٹواری کے عہدے پر تعیناتی کا آرڈر دیا۔ گل محمد مستوئی طویل عرصے سے تعیناتی کے انتظار میں تھے اور اس دوران دیہاڑی پر مزدوری کرکے اپنے خاندان کا گزربسر کرتے رہے۔ کمشنر نصیرآباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی نے (بقیہ نمبر 20 صفحہ 7 پر)

تفتان کوئٹہ شاہراہ این-40 پر پل کو بارودی مواد سے اڑا دیا گیا

دالبندین (آن لائن) تفتان کوئٹہ شاہراہ این-40 پر پل کو بارودی مواد سے اڑا دیا گیا پولیس ذرائع کے مطابق گزشتہ رات نامعلوم افراد نے تفتان سے کوئٹہ جانے والی این 40 شاہراہ پر چہتر کے قریب ایک پل کے نیچے بارودی مواد رکھ کر اسے دھماکے سے اڑا دیا، جس کے باعث پل کو نقصان پہنچا اور بڑی گاڑیوں کی آمدورفت متاثر ہوئی۔ واقعہ چاغی کے ہیڈ کوارٹر دالبندین (بقیہ نمبر 10 صفحہ 7 پر)

خضدار میں شیشہ کیفے چلانے پر مکمل پابندی عائد

خلاف ورزی پر کیفے سیل اور مقدمات درج ہوں گے، حفیظ اللہ

خضدار (خ ن) ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی کی خصوصی ہدایات پر عمل درآمد کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر خضدار حفیظ اللہ کاکڑ نے شہر بھر میں شیشہ کیفے چلانے پر مکمل پابندی عائد کردی ہے۔ اس اہم فیصلے کا مقصد نوجوان نسل کو منفی و مضر صحت سرگرمیوں سے محفوظ رکھنا اور علاقے میں امن وامان کی فضا کو بحال رکھنا ہے۔ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے تمام ہوٹل، ریسٹورنٹ اور کیفے مالکان کو سخت تنبیہ جاری کی گئی ہے کہ وہ شیشہ کیفے کا سلسلہ فوراً بند کردیں۔ انتظامیہ کے مطابق حکم نامے کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف فوری اور بلا امتیاز کارروائی کی (بقیہ نمبر 16 صفحہ 7 پر)

قلات، قومی شاہراہ پر نامعلوم ملزمان کی جانب سے دھماکہ خیز مواد سے پل کو اڑا دیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) قلات کے علاقے میں قومی شاہراہ پر نامعلوم ملزمان کی جانب سے دھماکہ خیز مواد سے پل کو اڑا دیا گیا جس سے قریب سے گزرنے والی مسافر بس میں سوار مسافر زخمی ہوگئے۔ جنہیں ہسپتال منتقل کردیا گیا دھماکہ کی وجہ سے قومی شاہراہ پر ٹریفک کی آمدورفت معطل ہوگئی پولیس ذرائع کے مطابق گزشتہ شب نامعلوم ملزمان کی جانب سے (بقیہ نمبر 21 صفحہ 7 پر)

ڈاکٹر نعیم زرکون کو عہدے سے ہٹانے کا فیصلہ قابل مذمت ہے، پی ایم اے کوئٹہ

بلوچستان کا شعبہ صحت پہلے ہی متعدد انتظامی، مالی اور بنیادی مسائل کا سامنا کر رہا ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن (پی ایم اے) کوئٹہ زون نے نومنتخب صدر ڈاکٹر نعیم زرکون کو ان کے سرکاری عہدے سے ہٹانے کے حکومتی فیصلے پر شدید تشویش اور سخت مذمت کا اظہار کیا ہے۔ پی ایم اے کوئٹہ زون کے ترجمان نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ ڈاکٹر نعیم زرکون کو محض اس بنیاد پر سرکاری عہدے سے ہٹانا کہ وہ پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن کے صدر منتخب ہوئے ہیں، ایک افسوسناک، غیر مناسب اور قابل تشویش اقدام ہے۔ پی ایم اے ایک جمہوری اور نمائندہ پلیٹ فارم ہے، جس کے عہدیداران کا انتخاب ایک باقاعدہ جمہوری عمل کے (بقیہ نمبر 22 صفحہ 7 پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے پہلی نرس پی ایچ ڈی ڈاکٹر انیلہ سمرین ملاقات کر رہی ہیں

میر شعیب نوشیروانی کی نوابزادہ امیر حمزہ زہری سے ملاقات، سیاسی وعلاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے جھالاوان ہاؤس کوئٹہ میں صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران سیاسی وعلاقائی صورتحال سمیت محکمانہ امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر بلوچستان میں جاری ترقیاتی منصوبوں، ان (بقیہ نمبر 11 صفحہ 7 پر)

نوابزادہ امیر حمزہ زہری سے میر خالد لانگو کی ملاقات، سیاسی وعلاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی مشیر بلدیات ودیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری سے قبائلی وسیاسی رہنما اور سابق صوبائی وزیر میر خالد لانگو نے جھالاوان ہاس میں ملاقات کی۔ ملاقات میں سیاسی، قبائلی اور علاقائی صورتحال سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا، جبکہ مختلف امور پر مشاورت اور (بقیہ نمبر 23 صفحہ 7 پر)

کوئٹہ میں فحاشی و بے حیائی کا پھیلاؤ تشویشناک ہے، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

نوجوان نسل پر انتہائی منفی اور خطرناک اثرات مرتب ہو رہے ہیں، نوٹس لی جائے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد، عبدالصمد حقیار، مفتی محمد ابوبکر، عبدالباری شہزاد، اختر جان مری، مولانا جمال الدین حقانی، مفتی رشید احمد حقانی اور حاجی عطا محمد شمشوزئی نے کہا ہے کہ کوئٹہ شہر میں شام ڈھلتے ہی مختلف علاقوں میں سرعام فحاشی، عریانی اور بے حیائی کو فروغ دینے والے عناصر کا سرگرم ہونا انتہائی تشویش ناک ہے۔ شہر کے مختلف علاقوں میں ایسے عناصر کی آزادانہ نقل و حرکت نہ صرف (بقیہ نمبر 24 صفحہ 7 پر)

کوئٹہ: سابق قطب علی نذر بلوچ ایڈووکیٹ، سینئر قانون دان علی احمد کرد، عالم خان کاکڑ اور دیگر ایسوسی ایشن آف انٹرنیشنل لائرز بلوچستان کے زیر اہتمام ممبر شپ سرٹیفکیٹ تقسیم کر رہے ہیں

ہمارا راستہ آئین، پارلیمان، جمہوری اور عوامی مینڈیٹ کا راستہ ہے، مولانا عبدالواسع

اسلام اور اسلامی شعائر کے خلاف کفری قوتیں ایک صفحے پر متحد ہوچکی ہیں، ایسے حالات میں جمعیت علماء اسلام عالم اسلام کی ایک توانا، مؤثر اور بااصول آواز بن کر میدان میں موجود ہے

ہمارے اکابرین نے قید و بند کی صعوبتیں برداشت کیں، کارکنوں نے مشکلات جھیلیں اور جمہوری جدوجہد کی بھاری قیمت ادا کی، لیکن اپنے اصولی مؤقف اور جمہوری جدوجہد سے کبھی دستبردار نہیں ہوئی

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ اسلام اور اسلامی شعائر کے خلاف کفری قوتیں ایک صفحے پر متحد ہوچکی ہیں، ایسے حالات میں جمعیت علماء اسلام عالم اسلام کی ایک توانا، مؤثر اور بااصول آواز بن کر میدان میں موجود ہے اور ملک کے اندر اور بیرون ملک اسلامی تشخص، دینی اقدار اور امت مسلمہ کے حقوق کے تحفظ کی جنگ لڑ رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں جمہوریت کے استحکام اور آئین و پارلیمان کی بالادستی کے لیے جمعیت علماء اسلام نے روز اول سے تاریخی کردار ادا کیا ہے، مفتی محمود سے لے کر آج قائد جمعیت مولانا فضل الرحمٰن تک ج (بقیہ نمبر 25 صفحہ 7 پر)

کوئٹہ: انصاف لائرز فورم کے جنرل سیکرٹری عبدالحکیم زرین، عالم خان کاکڑ، شمس رند اور دیگر شمولیت کرنیوالوں کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی سے ضلع کیچ کے مختلف وفود کی ملاقات

تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی سے ضلع کیچ کے مختلف وفود نے ملاقات کی۔ ملاقات میں ضلع کیچ کے عوام کو درپیش مختلف عوامی و اجتماعی مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات میں، میونسپل کارپوریشن تربت کے چیف آفیسر شعیب ناصر، پی ڈی ایم اے کے ڈپٹی ڈائریکٹر ملک ریحان دشتی، انجمن تاجران کیچ کے صدر نثار احمد جوسکی، انجاز احمد جوسکی، اسحاق روشن، عبدالرحمٰن سنگر، ظریف زدگ، شکیلدار زبیر، کہدہ (بقیہ نمبر 26 صفحہ 7 پر)

غیر قانونی تجاوزات قائم کرنے کی اجازت نہیں دی جائیگی، مجیب الرحمٰن ساتکزئی

خلاف ورزی کے مرتکب افراد کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی

پشین (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر پشین مجیب الرحمٰن ساتکزئی نے کہا ہے کہ تجاوزات، خود ساختہ مہنگائی، سرکاری نرخنامے کی خلاف ورزی اور ناپ تول میں کمی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، خلاف ورزی کے مرتکب افراد کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اسسٹنٹ کمشنر مجیب الرحمٰن ساتکزئی نے کہا کہ سرکاری نرخنامے پر عملدرآمد نہ کرنے والے دکانداروں کو جیل بھیجا جائے گا، جبکہ ناپ تول میں کمی کرنے والے افراد کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ انتظامیہ کی جانب سے بازاروں میں نرخنامے کی پابندی، اشیائے ضروریہ کی (بقیہ نمبر 29 صفحہ 7 پر)

اسکولوں سے ٹاٹ کلچر ختم، ڈیسک مہیا کرنے کا اعلان پر تین ماہ گذرنے کے باوجود عمل درآمد نہیں ہوسکا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے اسکولوں سے ٹاٹ کلچر ختم کرکے تمام اسکولوں کو ڈیسک مہیا کرنے کا وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کے اعلان پر تین ماہ گذرنے کے باوجود عمل درآمد نہیں ہوسکا محکمہ تعلیم کے حکام کا کہنا ہے کہ اس منصوبے کی سمری صوبائی حکومت کو بھجوائی ہے، فنڈز ملنے کے بعد ڈیسک اسکولوں کو مہیا کردیئے جائیں گے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے تین ماہ قبل اعلیٰ سطحی اجلاس میں اعلان کیا تھا کہ (بقیہ نمبر 36 صفحہ 7 پر)

محمد اسماعیل لاشاری کا گورنمنٹ ہائی سکول شہید رستم خان جمالی کا دورہ

معیاری تعلیم کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، گفتگو

نصیرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد رمضان پلال کی ہدایت کے تحت ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد محمد اسماعیل لاشاری نے آج گورنمنٹ ہائی سکول شہید رستم خان جمالی کا دورہ کیا اور سکول میں تعمیر کیے گئے اضافی کمرے کا باقاعدہ افتتاح کیا اس موقع پر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر محکمہ تعلیم کے افسران سکول کے ہیڈ ماسٹر اساتذہ کرام اور دیگر متعلقہ حکام بھی موجود تھے افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر محمد اسماعیل لاشاری نے کہا کہ حکومت بلوچستان کی جانب سے ضلع بھر کے تعلیمی اداروں میں طلبا و طالبات کو بہتر اور سازگار تعلیمی (بقیہ نمبر 30 صفحہ 7 پر)

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار انیسہ بیگم کو میرج گرانٹ کی مد میں 50 ہزار کا چیک دلوا دیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار انیسہ بیگم کو میرج گرانٹ کی مد میں 50 ہزار کا چیک دلوا دیا گیا۔ درخواست گزار انیسہ بیگم نے بتایا کہ انہوں نے میرج گرانٹ کی ادائیگی کے لیے متعلقہ محکمے کو متعدد بار درخواست دی۔ لیکن ان کی کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ لہذا، انصاف کے حصول کے لیے انہوں نے وفاقی محتسب کوئٹہ سے رابطہ کیا اور متعلقہ محکمے کی تاخیر اور عدم توجہی کے خلاف درخواست (بقیہ نمبر 38 صفحہ 7 پر)

اسلام میں بدعنوانی اور بددیانتی کی کوئی گنجائش نہیں، محمد سلیم احمد

کوئٹہ کینٹ میں انسداد بدعنوانی پر تقریری مقابلہ، آگاہی لیکچر اور واک کا انعقاد

کوئٹہ (پ ر) انسداد بدعنوانی کی جاری آگاہی مہم کے سلسلے میں قومی احتساب بیورو (بلوچستان) کے زیر اہتمام سٹی سکول، کوئٹہ کینٹ میں تقریری مقابلے، "نیب کے فرائض اور انسداد بدعنوانی میں طلباء کا کردار" کے عنوان سے آگاہی لیکچر اور ایک آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا۔ سٹی سکول کی ہیڈ مسٹریس مس حنا نے ڈائریکٹر نیب (بلوچستان) محمد سلیم احمد، ڈپٹی ڈائریکٹر فرحان یوسف خان اور ان کی ٹیم کا استقبال کیا۔ اس تقریب کا بنیادی مقصد نوجوانوں کو بدعنوانی کے مضر اثرات سے آگاہ کرنا اور کرپشن سے پاک معاشرے کی تشکیل کے لیے مشترکہ (بقیہ نمبر 27 صفحہ 7 پر)

تعلیمی اداروں میں ڈیسک کی فراہمی کیلئے سمری حکومت کو بھجوائی ہے، اختر کھیتران

کوئٹہ (آن لائن) ڈائریکٹر سکولز بلوچستان اختر کھیتران نے کہا ہے کہ تعلیمی اداروں میں ڈیسک کی فراہمی کیلئے سمری حکومت کو بھجوائی ہے فنڈز کے اجراء کے بعد سکولوں کو ڈیسک مہیا کردیئے جائیں گے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ تین ماہ قبل بلوچستان کے تعلیمی اداروں میں طلباء و طالبات کو تعلیم کے حصول کے لئے ڈیسک مہیا کرنے کا اعلان ہوا تھا جس پر عملدرآمد نہیں ہوسکا کیونکہ سمری حکومت کو بھجوائی ہے جیسے ہی فنڈز ریلیز ہوئے سکولوں کو ڈیسک (بقیہ نمبر 32 صفحہ 7 پر)

نصیرآباد پولیس کو 16 نئی موٹر سائیکلیں فراہم کردی گئیں ہیں، ایس ایس پی

نئی موٹر سائیکلوں کی فراہمی سے گشت کے دورانیہ میں اضافہ ہوگا بلکہ بروقت رسائی میں بہتری ہوگی

کوئٹہ (آن لائن) ایس ایس پی نصیرآباد ڈویژن اسد خان ناصر نے کہا ہے کہ پولیس عوام کے جان و مال کے تحفظ اور جرائم کی روک تھام کے لئے فوری ریسپانس کرنے کے حوالے سے پولیس کو 16 نئی موٹر سائیکلیں فراہم کردی گئیں ہیں جس سے پولیس کے گشت کے دورانیہ کو بھی بڑھا دیا جائے گا۔ یہ بات انہوں نے پولیس اہلکاروں کو موٹر سائیکلیں فراہم کرنے کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ آئی جی پولیس بلوچستان کی خصوصی ہدایات پر پولیسنگ کے طریقہ کار میں بہتری، مستحکم اور دائرہ کار کو بڑھانے کے لئے اضلاع کو موٹر سائیکلوں کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے۔ اس تسلسل سے دیگر اضلاع کی طرح نصیرآباد پولیس کو بھی 16 نئی 125 موٹر سائیکلیں (بقیہ نمبر 31 صفحہ 7 پر)

تفتان میں پھنسے سینکڑوں ٹرک، بوزر، کنٹینرز اور مازدا گاڑیوں کو آزادانہ نقل و حمل کی اجازت دی جائے، بلوچستان گڈز ٹرک

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے ترجمان نے کہا ہے کہ حکومت پاکستان کے اعلیٰ حکام سے ہمارا پرزور مطالبہ ہے کہ تفتان میں پھنسے سینکڑوں ٹرک، بوزر، کنٹینرز اور مازدا گاڑیوں کو آزادانہ نقل و حمل کی اجازت دی جائے تاکہ وہ اپنے گھروں اور منزلوں تک واپس پہنچ سکیں۔ ترجمان نے کہا کہ ہمارے (بقیہ نمبر 39 صفحہ 7 پر)

نصیرآباد ڈویژن میں میرٹ پر بھرتیاں، 560 بند اسکول دوبارہ فعال

محکمہ صحت میں 296 ڈاکٹرز، فارماسسٹ اور ڈینٹل سرجنز کی تعیناتی عمل میں لائی گئی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اور سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو قمر دشتی کی عوام دوست پالیسیوں اور میرٹ پر مبنی اقدامات کے نتیجے میں گزشتہ ایک سال کے دوران نصیرآباد ڈویژن میں صحت، تعلیم اور محکمہ ریونیو کے شعبوں میں بڑے پیمانے پر تقرریاں عمل میں لائی گئی ہیں کمشنر نصیرآباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی کی سربراہی میں قائم ڈویژنل کمیٹی کے ذریعے مختلف محکموں میں برسوں سے خالی پڑی آسامیوں کو میرٹ کی بنیاد پر پر کیا گیا جس کے باعث متعلقہ شعبوں کی کارکردگی میں نمایاں بہتری آئی ہے اور عوام (بقیہ نمبر 28 صفحہ 7 پر)

اسسٹنٹ کمشنر کنی فہد حسین عمرانی کا ویٹرنری ڈاکٹر سعید احمد کے ہمراہ گوشت مارکیٹ کا دورہ

رکھنی (خ ن) ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمٰن کاکڑ کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر کنی فہد حسین عمرانی نے ویٹرنری ڈاکٹر سعید احمد کے ہمراہ گوشت مارکیٹ کا دورہ کیا۔ دوران کارروائی قصائی کی فریج سے 8 کلو مضر صحت گوشت برآمد ہوا، جسے اسسٹنٹ کمشنر نے موقع پر ہی تلف (بقیہ نمبر 33 صفحہ 7 پر)

عوام کو مقررہ نرخ اور وزن کے مطابق نان کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے، کاشف امر

عوام کو مقررہ نرخ اور مکمل وزن کے مطابق نان کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے کارروائیاں جاری ہیں

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے احکامات اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ منیر احمد کی خصوصی ہدایت پر ضلعی انتظامیہ کی جانب سے عوام کو مقررہ نرخ اور مکمل وزن کے مطابق نان کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے کارروائیاں جاری ہیں۔ اس سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر بروری کاشف امر نے سریاب کے مختلف علاقوں میں قائم تندوروں کا اچانک معائنہ کیا۔ معائنے کے دوران اسسٹنٹ کمشنر نے مختلف تندوروں پر نان کے مقررہ وزن، سرکاری نرخنامے اور عوام کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انتظامیہ کی جانب سے تندور (بقیہ نمبر 34 صفحہ 7 پر)

اسلام آباد: پاکستان چائنا انسٹی ٹیوٹ کے چیئرمین سینیٹر مشاہد حسین سید انٹرنیشنل پارلیمنٹیرین کانگریس کے عنوان سے منعقدہ سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

پرنٹر و پبلشر وسیم احمد نے اولس پرنٹرز یونیورسل کمپلیکس کالون روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر
"روزنامہ عوام"
302 یونیورسل کمپلیکس جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
ای میل ایڈریس
dailyawamqta@gmail.com
فون نمبر: 2832244 فیکس نمبر 2832255

آئی ایل ایف کے زیر اہتمام ایسوسی ایشن آف انٹرنیشنل لائرز کے سیمینار سے علی احمد کرد ایڈووکیٹ، شمس رند ایڈووکیٹ، عبدالحکیم زرین، محب اللہ کاکڑ خطاب کر رہے ہیں